الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر پنجم

مثنوی مولوی معنوی

از طبع معارف آگاہ

مولوی محمد یوسف علی شاہ چشتی نظامی گلشن آبادی ملک مالوہ

در مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ حلیۂ طبع پوشید

باہتمام بی - بی - کپور سپرنٹنڈنٹ

قیمت ۱۰ ؍

۱۹۳۶ء

فہرست مضامین پیراہن یوسفی دفتر پنجم

بعون توفیق موفق انس و جان بہ یمین فضل خلاق زمین و زمان

عجب نغز و نادر ہے یہ ترجمہ | سخن کی لطافت کا ہے مکتفی | جو تھا سارے عالم کو شائع بعام

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر پنجم

مثنوی معنوی

از طبع معارف آگاہ مولوی محمد یوسف علیشاہ ولد محمد جلال الدین خان
ملقب بلہے میان چشتی نظامی گلشن آبادی ملک مالوہ

در مطبع مسیحای مریضان جہان منشی نول کشور واقع لکھنؤ طبع شد

دفتر پنجم بمقام حیرت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیراہن یوسفی · مثنوی معنوی

تمہید اول مدح مین جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے

شہ حسام الدین کہ نور انجم ست	طالب آغاز سفر پنجم ست	شہ حسام الدین کہ نور انجم کا ہے	پانچوین دفتر کی بس خواہش رکھے
ای ضیاء الحق حسام الدین او	اوستادان صفا را اوستاد	ای ضیاء الحق حسام الدین عُلا	ہر تو اُستادون صفا کا اوستا
گر نبودی خلق محجوب و کثیف	ور نبودی خلقہا تنگ و ضعیف	گر نہوتی خلق محجوب و کثیف	اور نہوتی خلق سب تنگ و ضعیف
در مدیحت داد معنی دادمے	غیر این منطق لبے بکشادمے	داد معنی مدح مین دیتا رہے	اور بیان کرتا سوال اس قال کے
لیک لقمہ باز آن صعوہ نیست	چارہ اکنون آب و روغن کردنیست	باز کا لقمہ ممولا کھاے کب	کرنا آرائش کا بس لائق ہی اب
شرح تو غیبست بر اہل جہان	ہمچو راز عشق دارم در نہان	شرح کب جانین تری اہل جہان	مثل راز عشق رکھتا ہون نہان
مدح تو حیفست با زندانیان	گویم اندر مجمع روحانیان	مدح تیری حیف قیدی سی کرون	مجمع روحانیون مین بل کہون
مدح تعریفست تخریق حجاب	فارغ ست از مدح و تعریف آفتاب	مدح ہی تعریف اور دفع حجاب	مدح تعریفون سے فارغ آفتاب

سلہ شہ حسام الدین الخ۔ شہ شاہ حسام الدین کہ نور ستارہ کا ہی پانچوین دفتر کی خواہش رکھتا ہی اے ضیاء الحق حسام الدین عالی تو اُستادون زمانہ کا اُستاد ہی اگر خلق محجوب و کثیف نہوتی اور خلق سب ضعیف و تنگ نہوتی مین مدح مین تیری داد معنی کے دیتا اور بیان کرتا سوال اس قال کے لیکن باز کا لقمہ ممولا کب کھائے اب آرائش کرنا لائق ہی اہل جہان کب تیری شرح جانین کہ راز عشق کے مانند پوشیدہ رکھتا ہون افسوس ہی کہ تیری مدح قیدی سے کرون بلکہ مجمع روحانیان مین کرون مدح تعریف اور دفع حجاب ہی مگر آفتاب مدح و تعریفون سے فارغ ہے یعنی اگرچہ مدح سے حجاب دفع ہوتا ہے مگر آفتاب کو حاجت تعریف کی نہین ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

مادح خورشید مداح خودست — که دو چشمم روشن نامرمدست
ذم خورشید جہان ذم خودست — که دو چشمم کور تاریک و بدست
تو ببخشا بر کسے کاندر جہان — شد حسود آفتاب کامران
تاندش پوشیده ہیچ از دیدہا — از طراوت دادن پوسیدہا
یا ز نور بیحدش تانند کاست — یا بدفع جاہ او تانند خواست
ہر کسے کو حاسد کیہان بود — آن حسد خود مرگ جاویدان بود
قدر تو بگذشت از درک عقول — عقل در شرح شما شد بوالفضول
گرچه عاجز آمد این عقل از بیان — عاجزانه جنبشے باید دران
ان شیا کله لا یدرک — اعلموا ان کله لا یترک
گرچه نتوان خورد طوفان سحاب — کی توان کردن تبرک خورد آب
آب دریا را اگر نتوان کشید — ہم بقدر تشنگی باید چشید
راز را گر می نیاری در میان — درکہا را تازہ کن از قشر آن
نطقہا نسبت بتو قشرست لیک — پیش دیگر مغزہا نیک ست نیک
آسمان نسبت بعرش آمد فرود — ورنه بس عالیست پیش خاک تود
من بگویم وصف تو تا رہ برند — پیش ازان کز فوت آن حسرت خورند
نور حقی و بحق جذاب جان — خلق در ظلمات وہم اند گمان
شرط تعظیم ست تا این نور خوش — گردد این نادیدگان را سرمہ کش
نور یابد مستعد تیز گوش — کو نباشد عاشق ظلمت چو موش

شمس[۵۱] کا مداح بس مداح ہی خود — کہ مری ہین چشم روشن بے رمد
ہجو خور کی اپنی ہجو ہی بسر — کہ ہین دو آنکھین اندھی بے بصر
بخشش اپنی اُسپہ مت رکھ تو روا — کہ ہوا حاسد ہی جو خورشید کا
چشم سے پوشیدہ اُسکو کر سکے — اور تازہ خشک کو وہ کر سکے
تاکہ بیحد نور سے کم کر سکے — یا کہ اسکے جاہ کو کم کر سکے
جو کوئی حاسد ہو ایسے شاہ کا — وہ حسد ہو مرگ اُسکا بس سدا
تو ہی[۵۲] برتر عقل کے ادراک سے — شرح مین تیری فضول اب عقل ہی
گر بیان سے عاجز آئی عقل ہے — عاجزون کے مثل کہنا چاہیے
ان شیا کلہ لا یدرک — اعلموا ان کلہ لا یترک
گرچہ فی کل آب بارش کھا سکے — کب سکے محروم رہنا آب سے
آب دریا گر نہ بالکل پی سکے — تشنگی کے قدر رہنا چاہیے
گر بیان تو راز کو نے کر سکے — درک کو کر تازہ اُسکے وصف سے
تیری نسبت قال چھلکا ہی ولیک — دوسرونکے آگے ہی وہ مغز نیک
آسمان[۵۳] ہی زیر نسبت عرش کے — ورنہ عالی ہی وہ آگے فرش کے
وصف تیرا مین کہون تا پائین راہ — فوت سے پہلے کہ ہو حسرت و آہ
نور حق تو سوی حق جذب آن جان — خلق ہی با ظلمت وہم و گمان
شرط ہی تعظیم تا یہ نور خوش — ہوی ون اندھونکی خاطر سرمہ کش
نور پاے مستعد اور تیز گوش — چاہ مت ظلمت نہین ہی گر تو موش

۵۱ شمس الخ، شعر آفتاب کا مداح اپنا مداح ہی کہ میری دو نون چشم ہین بے رمد کے ہجو آفتاب کی اپنی ہجو ہی کہ میری دو نون چشم اندھی ہین اپنی بخشش تو اُسپر روا نہ رکھ کہ جو شخص حاسد خورشید کا ہی اس آفتاب کو چشم سے پوشیدہ کر سکتا ہی اور خشک کو وہ تازہ کر سکتا ہی یا کہ نور بیحد سے کم کر سکتا ہے یا کہ اسکی جاہ کو کم کر سکتا ہی ایسے شاہ کا جو کوئی حاسد ہو وہ حسد اسکا مرگ ہو یعنی جو حضرت رسول مقبول صلعم کا حاسد ہووے وہ حسد اُسکا باعث مرگ جاوید ہووے فافہم ۱۲ ۵۲ تو ہی الخ، شعر تو عقل کے ادراک سے برتر ہی تیری شرح مین اب عقل فضول ہی اگر عقل بیان سے عاجز آتی ہی تو عاجزون کے مانند کہنا چاہیے ترجمہ تحقیق وہ چیز کہ اسکا کل پایا نجائے تم تحقیق یہ جانو کہ کل اسکا ترک نہ چاہیے کرنا آگے اسکی مثال ہی اگرچہ آب بارش کل نہ کھا سکے کب آب سے محروم رہ سکے اگر آب دریا بالکل نہ پی سکے بقدر تشنگی پینا چاہیے اگر تو راز کو بیان نہ کر سکے اپنے ادراک کے اس وصف سے تازہ کر تیری نسبت قال چھلکا ہی ولیکن دوسرون کی نسبت مغز ہی آگے اسکی مثال ہی فافہم ۱۲ ۵۳ آسمان سے الخ، شعر آسمان بہ نسبت عرش کے زیر ہی ورنہ آگے فرش کے عالی ہی تیرا وصف مین کہون تا راہ پائین دل فوت سے کہ حسرت و آہ ہو تو نور حق ہی حق کی جانب جان کا کھینچنے والا ہی اور خلق ظلمت و وہم و گمان مین ہی تعلیم شرط ہی کہ تا یہ نور خوش اُن اندھون کی خاطر سرمہ کش ہووے مستعد تیز گوش نور پائے نہ کہ ظلمت کا موش کے مانند عاشق نہووے یعنی اگر تو نور حق ہی اپنی جان حق کی جانب کھینچ اور مثل موش کے ظلمت کا عاشق مت ہو باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-

نور میکش اے حریف تیز گوش   گر نہ چون موشی بظلمت بکوش
سست چشمانیکہ شب جولان کنند   کے طواف مشعلہ ایمان کنند
حکمتہاے مشکل و باریک شد   بند طبعی کو ز دین تاریک شد
تا برآراید ہنر را تار و پود   چشم در خورشید نتواند کشود
ہمچو نخلے بر نیارد شاخہا   کردہ موشانہ زمین سوراخہا

نور[۱] سے تو اے حریف تیز گوش   موش سا ظلمت مین رہ ورنہ خموش
رات کو کم بین کہ کرتے گشت ہین   کب طواف مشعل ایمان کرین
نکتۂ تاریک کی بس قید سے   طبع دین سے ہو گئی تاریک ہے
تا کرے آراستہ بس وہ ہنر   اور نہین خورشید پر رکھے نظر
نخل کے مانند نے شاخ اسمین ہو   خاک مین رخنہ کرے چون موش وہ

در معنی آیۂ کریمہ فخذ اربعۃ من الطیر فصرہن

بمعنی[۲] آیۂ کریمہ کے فخذ اربعۃ من الطیر فصرہن

چار وصف ست این بشر را دل فشار   چار میخ عقل گشتہ این چہار
تو خلیل وقتی اے خورشید ہش   این چہار اطیار رہزن را بکش
زانکہ ہر مرغی ازینہا زاغ وش   ہست عقل عاقلان را دیدہ کش
چار وصف تن چو مرغان خلیل   بسمل ایشان دہد جان را سبیل
اے خلیل اندر خلاص نیک و بد   سر ببر شان تا رہد پاہا ز سد
کل توئی و جملگان اجزاے تو   برکشا کہ ہست پاشان پاے تو
از تو عالم روح زاری میشود   پشت صد لشکر سواری میشود
زانکہ این تن شد مقام چار خو   نام شان شد چار مرغ فتنہ جو
خلق را گر زندگی خواہے ابد   سر ببر زین چار مرغ شوم بد
بازشان زندہ کن از نوع دگر   گر نباشد بعد از ان ایشان ضرر
چار مرغ معنوی را راہ زن   کردہ اند اندر دل خلقان وطن

چار[۳] وصفون سے پریشان دل ہی   عقل جو میخہ ہوئی ان چار سے
جو خلیل وقت ہی اے شمس تو   مار تو ان چار رہزن مرغ کو
کیونکہ یہ ہر مرغ مثل زاغ ہی   عاقلونکی عقل کو اندھا کری
چار وصف تن ہین جون مرغ خلیل   انکا مرنا جان کو دے ہی سبیل
ای خلیل انکے تو سر کو توڑ دے   نیک و بد کا پانون پھندے سے چھٹے
تو ہی[۴] کل اور سب ہین یہ اجزا ترے   کھول پا کہ انکے پا ہین پا ترے
تجھسے بس ہوتا ہی عالم روح زار   پشتی سو لشکر کی ہوتا ہی سوار
کیونکہ یہ تن ہے مقام چار خو   نام انکا چار مرغ فتنہ جو
خلق کی گر زندگی چاہے سدا   کاٹ سر ان چار مرغ شوم کا
دوسرے پھر طور پر زندہ تو کر   کہ نہووے بعد ان سے ضرر
مرغ چارون معنوی کے راہزن   کر کیا ہی خلق کے دل مین وطن

۱ہ نور سے الخ ہ شعر نور سے اے حریف تیز گوش اگر تو نہین ظلمت مت چاہ کم بین کہ رات کو گشت کرتے ہین مشعل ایمان کا کب طواف کرین نکتہ باریک کی قید سے طبع تاریک ہو گئی ہی دین سے تا وہ آراستہ کرے ہنر اور خورشید پر نظر رکھے مانند نخل کے اسمین شاخ ہو اور خاک مین موش کے مانند وہ رخنہ کرے یعنی جو جناب رسول مقبول صلعم کو نہ دیکھے وہ نخل بے شاخ ہو اور جو دیکھے اسکا تصفیہ باطن ہوا آگے اسکا بیان ہی فافہم ۱۲ ۲ہ قصہ دوم مرشد کے تصفیہ باطن کر دینے مین فافہم ۱۲۔

۳ہ چار وصفون کے الخ ہ شعر چار وصفون سے دل پریشان ہی اور عقل ان چار سے جو میخہ ہوئی ہے اے شمس تو خلیل وقت ہی ان چار مرغ رہزن کو تو مار کیونکہ ہر ایک مرغ مانند زاغ کے ہی عاقلون کی عقل کو اندھا کرتا ہے چار وصف تن مین مانند مرغ خلیل کے ہین کہ انکا مرنا جان کو رستہ دیتا ہی اے خلیل تو انکے سر کو توڑ دے تاکہ نیک و بد کا پانون بھید سے چھٹے یعنی یا رسول اللہ ان چار وصف بشری کو کھو دو کہ نیک و بد کا پانون دام دنیا سے چھوٹ جائے باقی حال چار وصف کا آگے ہی فافہم ۱۲۔

۴ہ تو ہے الخ ہ شعر تو کل ہی اور یہ سب تیرے اجزا ہین پانون تیرے پانون مین تجھ سے ایک عالم ارواح زار ہوتا ہی سو لشکر کی پشتی ایک سوار ہوتا ہی کیونکہ تن مقام چار خو ہی نام انکا چار مرغ فتنہ جو ہی اگر تو خلق کی زندگی ہمیشہ چاہے چار مرغ شوم کا سر کاٹ پھر دوسرے طور سے تو زندہ کر کہ بعد انسے ضرر نہووے چارون مرغ معنوی کے راہزن ہین کہ خلق کے دل مین وطن کیا ہی باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

چون امیرِ حلبۂ دلہا شوی	اندرین دوران خلیفۂ حق توئی	سلہ جو امیر حلبہ دلہا ہووے تو	اس زمانہ مین خلیفۂ حق ہے تو
سر ببر این چار مرغ زندہ را	سرمدی کن عمر ناپایندہ را	کاٹ سران چار زندہ مرغ کا	سرمدی کر عمر جو ہے بے وفا
بط و طاؤس ست و زاغ ست و خروس	این مثال چار مرغ اندر نفوس	بط ہی اور طاؤس و زاغ و مرغ ہی	چار مرغ ایسے ہین اندر نفس کے
بط حرص آمد کہ نوکش در زمین	در تر و در خشک میجوید دفین	حرص بط ہی کہ زمین مین چونچ وہ	خشک و تر مین ڈالے ڈھونڈے چیز کو
بط حرص ست و خروس آن شہوت ست	جاہ چون طاؤس و زاغ آن منیت ست	حرص بط ہی اور شہوت مرغ ہے	جاہ طاؤس اور زاغ امید سے
منیتش آنکہ بود عمرش دراز	طامع تابید آن امید ساز	سلہ یہ منیت اسکی کہ عمر اب ہو بڑی	اور ہمیشہ تک رہے یہ زندگی
یک زمان نبود معطل آن گلو	نشنود از امر جز حکمِ کلوا	ایک دم نے ہو معطل وہ گلو	نے سُنے حکمون سے جز حکم کلوا
ہمچو یغماچی کہ خانہ مے کند	زود زود انبان خود پر میکند	چور جیسے گھر کے اندر دی نقب	جلد کوٹھی کو بھرے اپنے وہ سب
اندر انبان میفشاند نیک و بد	دانہ ہاے در و دانا ے نخود	بھرتا ہی کوٹھی کے اندر نیک و بد	موتیون کے دانے اور دانہ نخود
تا مبادا یاغی آید دگر	میفشارد در جوال او خشک و تر	تا نشاید آئے باغی دوسرا	گون مین بھرتا ہی وہ اچھا برا
وقت تنگ و فرصت اندک او مخوف	در بغل زد ہرچہ آید آن بیوقوف	وقت تنگ اور تھوڑی فرصت خوف سے	بس بغل مین مارے وہ جو کچھ ملے
اعتمادش نیست بر سلطان خویش	کہ نیاید طامعی آید بہ پیش	سلہ اعتماد اسکو نہ اپنے شاہ پے	کہ نہ شاید طامع آئے سامنے
لیک مومن ز اعتمادِ آن حیات	میکند غارت بمہل و با انات	اور مومن اعتمادِ شاہ سے	لوٹتا ہی لیکن از رہ ڈھیل کے
امین ست از فوت و از باغی کہ او	می شناسد قہر شہ را بر عدو	قوت اور باغی سے امین ہے کہ وہ	جانتا ہی قہر شہ دشمن پہ ہو
و امین ست از خواجہ تاشانِ دگر	کہ نیابندش مزاحم صرفہ بر	بھائیون سے اپنے بس امین ہی وہ	کہ نہ معترف ہون مزاحم انکی وہ
عدل شہ را دید در ضبطِ خشم	کہ نیارد کرد کس برکس ستم	عدل شہ دیکھا ہی اندر خشم کے	کہ ستم کوئی کسی پر نے کرے
لاجرم نشتابد و ساکن بود	از فوات خط خود امین بود	اسلیئے نہ دوڑے اور ساکت رہی	امین اپنے فوت خط سی بس وہ ہے

سلہ جو امیر الخ۔ شعر جو امیر سب دلون کا تو ہووے اس زمانہ مین خلیفہ اللہ کا تو ہی تو کاٹ سران چار مرغ زندہ کا عمر سرمدی کو جو بیوفا ہی بط و طاؤس و زاغ و مرغ ہی کہ ایسے ہی چار مرغ اندر نفس کے ہین حرص بط کہ وہ زمین مین چونچ کو خشک و تر مین ڈالے اور چیز کو ڈھونڈھی حرص بط ہی اور شہوت مرغ ہی جاہ طاؤس اور امید زاغ ہی یعنی حرص و شہوت و جاہ و مال اصل یہ چارون صفت جسم انسان مین ضمیمہ ہین ان چارون صفت کا سر کاٹ کہ عمر سرمدی حاصل ہو جیسے ان چارون مرغ کو حضرت خلیل نے کوٹا ہی آگے انکا بیان ہی فافہم ۱۲۔

سلہ۲ یہ منیت الخ۔ شعر اس بت کی نیت ہی کہ عمر بڑی ہو اور ہمیشہ یہ زندگی رہے ایک دم وہ گلو معطل نہ رہے اور حکمون سے نہ سُنے بجز کلوا کے آگے اسکی مثال ہی جیسے چور گھر مین نقب دے اور جلدی اپنی کوٹھی کو سب بھرے کوٹھی کے اندر نیک و بد بھرتا ہی موتیون کے دانے اور نخود کے دانے تا شاید دوسرا باغی نہ آئے وہ گون مین اچھا برا بھرتا ہی وقت تنگ اور تھوڑی فرصت ہی وہ ڈرے پس بغل مین وہ مارے جو کچھ ملے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔ سلہ۳ اعتماد الخ۔ شعر اسکو اپنے شاہ پر اعتماد نہین کہ شاید طامع سامنے نہ آئے اور مومن اعتماد شاہ سے ہوتا ہی ولیکن از راہ ڈھیل کے قوت و باغی سے امین ہی کہ وہ جانتا ہی قہر شاہ کا دشمن پر ہو وہ بھائیون سے اپنے امین ہی کہ نہ معترف مزاحم وہ انکے ہون عدل شاہ اندر خشم کے دیکھا ہی کہ ستم کسی پر کوئی نہ کرے اسلیئے نہ دوڑے اور ساکت رہے کہ امین اپنی فوت خط سے دور ہی یعنی حارص بسبب حرص کے حرام و حلال کو نہین دیکھتا ہی اور سب اپنی گون مین بھرتا ہی اور مومن بسبب اتنی عدل شاہ کے ساکت رہتا ہی اور اپنے فوت خط سے امین ہی کیونکہ وہ اپنی قسمت پر صابر و شاکر ہی آگے اسکا بیان ہی فافہم ۱۲۔

پس تانی وارد و صبر و شکیب — چشم سیر مؤمن ست و پاک جیب
کاین تانی پرتو رحمان بود — وان شتاب از ہزۂ شیطان بود
زانکہ شیطانش بترساند زفقر — بارگیر صبر را بکشد بعقر
از نبی بشنو کہ شیطان در وعید — میکند تہدیدت از فقر شدید
تا خوری زشت و بری زشت از شتاب — نی مروت نی تامل نی ثواب
لاجرم کافر خورد در ہفت بطن — دین و دل باریک و لاغر زفت بطن

بس تامل اور صبوری وہ رکھے — چشم سیر اور بس یقین اسکو رہے
یہ تامل پرتو رحمان ہے — اور وہ جلدی حرکت شیطان ہے
کہ ڈرائے اسکو شیطان فقر سے — کونچے کاٹے اسپ کے وہ صبر سے
سن تو قرآن سے بلیس اندر وعید — بس ڈراتا ہے کہ ہو فقر شدید
تا برا کھائے برا لے تو شتاب — بیمروت نے تامل نے ثواب
کھائے سات آنتون کافر اس لیے — دین و دل دبلا ہو پیٹ اسکا بھرے

در حدیث الکافر یاکل فی سبعة امعاء والمومن فی معاء واحد

اس حدیث کے سبب مین الکافر یاکل فی سبعة امعاء والمومن فی معاء واحد

کافران مہمان پیغمبر شدند — وقت شام ایشان بمسجد آمدند
کامدیم ای شاہ اینجا از شفق — ای تو مہمان دار سکان افق
بینواییم و رسیدہ ما ز دور — ہین بیفشان بر سر ما فضل و نور
رو بیاران کرد آن سلطان او — دستگیر جملہ شاہان و عباد
گفت ای یاران من قسمت کنید — کہ شما پر از من و خوی منید
پر بود اجسام ہر لشکر زشاہ — زان زنند آن تیغ بر اعدای جاہ
تو بخشم شہ زنی آن تیغ را — ورنہ بر اخوان چہ خشم آید ترا
بر برادر بی گناہی میزنی — عکس خشم شاہ گرز دہ منی
شہ یکی جانست و لشکر پر ازو — روح چون آبست و این اجسام جو

مصطفیٰ کی میہمان کافر ہوئے — آئے وہ مسجد مین وقت شام کے
کہ ہم آئے یان لیے شاہا میہمان — کہ ہو تم افلاکیون کے میزبان
ہم ہین مفلس اور آئے دور سے — مہربانی کر دو برسا نور سے
ہو مخاطب سوی یاران زمان — دستگیر جملہ شاہ بیکسان
بولے ای یارو تم انکو بانٹ لو — کہ بھرے تم مجھسے میری خو کے ہو
جسم ہر لشکر کا پر ہی شاہ سے — تیغ ماری دشمنون پر اس لیے
خشم شہ سے مارے تو تلوار کو — ورنہ غصہ بھائی پر کب تجھکو ہو
بیگنہ بھائی کو ہے تو مارتا — عکس خشم شہ کا گرز اک ہے بڑا
شہ ہی اک جان اس سے ہی لشکر بڑا — روح جون آب در تن ہی نہر سا

۵۱ بس تامل الخ یہ شعر یہ ہیں وہ تامل اور صبوری رکھے چشم سیر اور یقین اسکو رہے یہ تامل رحمٰن کا پرتو ہی اور وہ جلدی شیطان کی حرکت ہی کہ اسکو شیطان ڈرائے فقر سے اور اسپ صبر کی وہ کونچ کاٹے تو قرآن سے سن کر ابلیس مانند وعید کے ڈراتا ہی کہ فقر شدید ہو تاکہ برا کھائے و برائی تو جلدی نہ مروت و نہ تامل و نہ ثواب ہو اسواسطے کافر سات آنتون مین کھائے کہ دین و دل دبلا ہو وہ پیٹ اسکا بھرے یعنے مومن کو تامل کافر کو جلدی ہوتی ہی کہ تامل پرتو رحمٰن کا ہی اور جلدی حرکت شیطان کی ہی کیونکہ شیطان ڈراتا ہی فقر سے اسواسطے کافر سات آنتون مین کھاتا ہی اور دین و دل دبلا ہوتا ہی آگے اسکا بیان ہی فافہم ۱۲ ۵۲ مصطفیٰ کے الخ یہ شعر مصطفیٰ صلعم کے بیان کافر مہمان ہونے اور وہ مسجد مین شام کے وقت آئے کہ ہم یہان پر آئے ای شاہ مہمان کہ تم افلاکیون کے میزبان ہو ہم مفلس ہین اور دور سے آئے ہین مہربانی کرو برسا نور سے مخاطب ہوئے طرف یارون زمان کے دستگیر جملہ شاہ و بیکسون کے فرمایا کہ اے یارو تم انکو بانٹ لو کہ تم مجھ سے میرے خو کے بھرے ہو آگے اسکی مثال ہی فافہم ۱۲ ۵۳ جسم ہر لشکر کا الخ یہ شعر ہر ایک لشکر کا جسم شاہ سے پر ہی اسواسطے تلوار مارتے ہین دشمنون پر ہی تو خشم شاہ سے تلوار کو مارتا ہے ورنہ غضب غصہ تجھکو بھائی پر کب ہو تو بھائی کو بیگنہ مارتا ہی خشم شاہ کا ایک گرز بڑا ہی شاہ ایک جان ہی کہ لشکر اس سے بھرا ہی روح مانند آب کے اور تن مانند نہر کے ہی روح شاہ کا میٹھا پانی اگر ہووے آب خوش سے نہرین سب پر ہون کہ رعیت بادشاہ کا دین رکھتی ہی ایسا سلطان علیہ السلام فرماتے ہین یعنی جو بادشاہ کا دین ہوتا ہی وہ ہی سب رعیت رکھتی ہی بقول الناس علی دین ملوکہم پس جو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمہ صحابہ مین تھین آگے رجوع بقصہ فافہم ۱۲

آب روح شاه اگر شیرین بود   جمله جوها پر ز آب خوش شود
که رعیت دین شه دارند بس   همچنین فرمود سلطان عبس
هر یکی یاری یکی مهمان گزید   در میان بد یک شکم زفت عنید
جسم ضخمی داشت کس او را نبرد   ماند در مسجد چو اندر جام درد
مصطفی بردش چو واماند از همه   هفت بز بد شیرده اندر رمه
که مقیم خانه بودندی بر آن   بهر دوشیدن برای وقت خوان
نان و آش و شیر آن هر هفت بز   خورد آن بوقحط عوج ابن غز
جمله اهل البیت خشم آلو شدند   که همه در شیر بز طامع بدند
معده طبلی خوار همچون طبله کرد   قسم هجده آدمی را او بخورد
وقت خفتن رفت و در حجره نشست   پس کنیزک از غضب در را ببست
از برون زنجیر در را درفگند   که ازو بد خشمگین و دردمند
گبر را از نیم شب تا صبحدم   بس تقاضا آمد و درد شکم
او فراش خویش سوی در شتافت   دست بر در چون نهاد او بسته یافت
در کشادن حیله کرد آن حیله ساز   نوع نوع می فتد در هیچ باز
شد تقاضا بر تقاضا خانه تنگ   ماند او حیران و بیدرمان و دنگ
حیله کرد و بخواب اندر خزید   خویش را در خواب در ویرانه دید
زانکه ویرانه بد اندر خاطرش   شد بخواب اندر همانجا منظرش
خویش در ویرانه خالی پر زدید   او چنان محتاج هم در دم برید

میٹھا پانی روح شہ ہووے گر   آب خوش پر ہووین نہرین مشیر
کہ رعیت دین شہ رکھتی ہی بس   ایسا فرماتے ہین سلطان عبس
ایک ایک ہر یار نے مہمان لیا   انمین کافر تھا بڑے اک پیٹ کا
پر نہ اُس فربہ کو کوئی لے گیا   مثل تلچھٹ کے وہ مسجد مین رہا
لے گئے احمد جو وہ سب سے رہا   سات بکری دودھ کی تھین ظاہرا
گھر پہ رہتی تھین وہ ساتون بکریان   واسطے دہنے کے وقت نوشجان
ساتون بز کا دودھ و آش و روٹیان   کھا گیا وہ عوج بالکل بگمان
پُر غضب گھر والے سب اُسپر ہوئے   کہ وہ سب طامع تھے بز کے دودھ کے
پیٹ حارث کا ہوا مانند ڈھول   سترہ حصے کھا گیا وہ مردگول
وقت سونے کے وہ حجرے مین گیا   خشم سے لونڈی نے دروازہ دیا
اور کی زنجیر در باہر سے بند   کہ وہ غصے اُس سے تھی اور دردمند
نیم شب سے گبر کو تا صبح دم   دست کی حاجت تھی اور درد شکم
پاس در کے اُٹھ کے بستر سے گیا   پایا در بند ہاتھ جو اُسپر رکھا
کھولنے در کی بہت تدبیر کی   ہر طرح پر نہ نجات اُس سے ملی
جب ہوئی شدت بہت اور خانہ تنگ   وہ ہوا حیران و عاجز اور دنگ
حیلہ کر کے بس وہ اُسدم سو رہا   خود کو ویرانہ مین پایا باطنا
کیونکہ ویرانہ تھا اُسکے دل مین جو   خواب کے اندر اُسے تھی راہ وہ
خالی ویرانہ مین دیکھا خود کو جو   رفع حاجت کی کہ تھا محتاج وہ

۵۱ ایک ایک الخ، شعر ہر ایک یار نے ایک مہمان لیا انمین ایک کافر بڑے پیٹ کا تھا اُس فربہ کو کوئی نہ لے گیا تلچھٹ کے مانند وہ مسجد مین رہا اُسکو آگے احمد لے گئے جو وہ سب سے رہا سات بکری دودھ کی تھین ظاہر وہ ساتون بکریان گھر پر رہتی ہین دودھ دینے کے واسطے وقت نوش کے ساتون بکریون کا دودھ آش اور روٹیان وہ عوج بالکل ٹھیک طور سے کھا گیا پُر غضب سب گھر والے اُسپر ہوے کہ وہ طامع تھے بکریون کے دودھ کے حارث کا پیٹ مانند ڈھول کے ہوا کہ سترہ حصے آدمیون کے کھا گیا وہ مردگول باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲-

۵۲ وقت سونے کے الخ، شعر سونے کے وقت وہ حجرے مین گیا لونڈی نے خشم سے دروازہ دیا اور زنجیر دروازہ باہر سے بند کی کہ وہ اُس سے غصہ اور دردمند ہو گبر کو آدھی رات سے صبح تک دست کی حاجت و درد شکم تھا وہ دروازہ کے پاس بستر سے اُٹھ کر گیا دروازہ بند پایا جو ہاتھ اُسپر رکھا دروازے کے کھولنے کی بہت تدبیر کی ہر طور پر اُس سے نجات نہ ملی جب بہت شدت ہوئی اور خانہ تنگ و عاجز و حیران رہا اور دنگ حیلہ کر کے وہ اُسدم سو رہا باطن مین خود کو ویرانہ مین پایا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-

۵۳ کیونکہ الخ، شعر کیونکہ اُسکے دل مین جو ویرانہ تھا خواب کے اندر اُسے راہ تھی جو خود کو کہ خالی ویرانہ مین دیکھا رفع حاجت کی کہ اُسکے لیے وہ محتاج تھا جب بیدار ہوا اور بستر دیکھا گندگی سے پر تو دیوانہ ہوا اُسکے دل سے ایک شور اُٹھنے لگا کہ ایسی رسوائی سے مرنا بہتر ہی کہا کہ سونا بُرا ہی جاگنے سے کہ مین یون کھاؤن اور جیون اس طور سے واحسرتاہ کہتا تھا اور سے جیسے جان کافر کی گور مین باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-

گشت بیدار و بدید آن جامه خواب ‏/ پر حدث دیوانه شد از اضطراب
ز اندرون او بر آمد صد خروش ‏/ زان چنین رسوائی بخاک پوش
گفت خواہم بدتر از بیداریم ‏/ کہ خورم و انسان زینسان زیستم
بانگ میزد وا ثبورا وا ثبور ‏/ همچو جان کافران در قعر گور
منتظر که کی شود این شب بسر ‏/ تا در آید از گشادن بانگ در
تا گریزد او چو تیرے از کمان ‏/ تا نبیند هیچکس او را چنان
قصه بسیار است کوتاه میکنم ‏/ باز شد آن در رهید از درد و غم

جب ہوا بیدار دیکھا بسترا ‏/ گندگی سے پردہ دیوانہ ہوا
اُسکے دل سے ایک شور اُٹھنے لگا ‏/ ایسی رُسوائی سے مرنا ہی بھلا
بولا یہ سونا بُرا جگنے سے ہے ‏/ کہ مین یون کھاؤن جیون اسطور سے
کہتا تھا واحسرتاہ زور سے ‏/ جان کافر گور مین جس طور سے
منتظر[۱] تھا کب یہ آخر رات ہو ‏/ کھلنے در کی تا سُنون آواز کو
تا کہ بھاگے وہ مثال کہ تیر کے ‏/ تا نہ کوئی دیکھے بس ایسا اُسے
ہی بڑا قصہ مین کوتاہ کرتا ہون ‏/ در کھلا اور غم سی چھوٹا وہ زبون

در حجره گشادن پیغمبر صلی الله علیه وسلم و خود را پنهان کردن تا او خجل نشود

کھولنا پیغمبر علیہ السلام کا در حجرہ کو اور چھپانا اپنے کو تا وہ خجل نہو

مصطفیٰ صبح آمد و در را گشاد ‏/ صبح آن گمراه را او راه داد
در گشاده گشت پنہان مصطفیٰ ‏/ تا نگردد شرمسار آن مبتلا
تا برون آید رود گستاخ او ‏/ تا نبیند در گشا را پشت و رو
یا نهان شد در پس دیوار یا ‏/ از ویش پوشید دامان خدا
صبغة الله گاه پوشیده کند ‏/ پردهٔ بیچون بران ناظر نهد
تا نبیند خصم را پهلوی خویش ‏/ قدرت قادر ازان بیش است بیش
مصطفیٰ میدید احوال شبش ‏/ لیک مانع بود فرمان ربش
تا که پیش از خبط بگشاید رہے ‏/ تا نیفتد زان فضیحت در چہے
لیک حکمت بود امر آسمان ‏/ تا نبیند خویشتن را او چنان
پس عداوت ها که آن یاری شود ‏/ پس خرابی ها که معماری بود

کھولا[۲] در کو مصطفیٰ نے صبح آ ‏/ اور اُس گمراہ کو رستہ دیا
کھولکر در چھپ گئے خود مصطفیٰ ‏/ تا نہ شرمندہ ہو وہ بس مبتلا
تا نکل کر در سے بھاگے زشت خو ‏/ کھولنے والے کا تا دیکھے نہ رو
یا چھپے دیوار کے پیچھے و یا ‏/ حق نے دامن مین لیا اپنے چھپا
صبغة الله[۳] گاہ پوشیدہ کرے ‏/ پردۂ بیچون کو اُسپر رکھے
تا نہ دشمن اپنے پہلو مین دیکھے ‏/ قدرت قادر بس اس سے بیش ہے
دیکھتے تھے مصطفیٰ احوال شب ‏/ لیک مانع اُنکے تھا فرمان رب
کھولتے تا لغزش سے پہلے در کی راہ ‏/ تا فضیحت سے نہ ڈوبے وہ بچاہ
پر تھی حکمت اور حکم آسمان ‏/ تا کہ دیکھے خود کو وہ ایسا وہان
پس[۴] عداوت ہی کہ وہ یاری کرے ‏/ پس خرابی ہی کہ معماری کرے

[۱] منتظر الخ ۵ شعر منتظر تھا کہ رات کب آخر ہو اور آواز در کے کھلنے کی سنون تا کہ مانند تیر کے بھاگے تا نہ کوئی اس طور سے اُسے دیکھے یہ قصہ بڑا ہی مین کوتاہ کرتا ہون دروازہ کھلا اور وہ زبون غم سے چھوٹا آگے دروازہ کھولنے کا بیان ہی فافہم ۱۲۔

[۲] کھولا الخ ۴ شعر مصطفیٰ نے دروازہ کو آکر صبح کے وقت کھولا اور اُس گمراہ کو رستہ دیا مصطفیٰ دروازہ کھول کر خود چھپ گئے تا وہ مبتلا شرمندہ نہو تا وہ زشت خو دروازے سے نکل کر بھاگے اور کھولنے والے کا منہ نہ دیکھے یا چھپے دیوار کے پیچھے و یا حق نے اپنے دامن مین چھپا لیا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

[۳] صبغة الله الخ ۵ شعر رنگ اللہ کا کبھی پوشیدہ کرے پردہ بیچون کو اسپر رکھے تا نہ دشمن اپنے پہلو مین دیکھے قدرت قادر کی اس سے زیادہ ہے مصطفیٰ احوال شب دیکھتے تھے ولیکن اُنکے مانع تھا حکم خدا کا لغزش سے پہلے در کی راہ کھولتا تا فضیحت سے وہ نہ ڈوبے چاہ مین قبل حکمت تھی اور حکم آسمان کا تا کہ وہ خود کو وہان ایسا دیکھے یعنے جناب رسول مقبول صلعم وہ حال اُس شب کے مہمان کا دیکھتے تھے لیکن بحکم خدا خاموش تھے کہ عین حکمت دلی تھی آگے اسکی مثال ہی فافہم ۱۲ [۴] پس عداوت الخ ۲ شعر بہت ایسی عداوت ہی کہ وہ یاری کرے اور بہت ایسی خرابی ہی کہ وہ معماری کرے جو دیکھا کافر نے دروازہ کھلا وہ وہان سے چپکے چپکے چل دیا اک فضول وہ بستر گندگی آلودہ لا یا آگے رسول اللہ کے قصداً کہ تمھارے مہمان نے یہ کیا پس رحمة للعالمین نے ہنس دیا فرمایا کہ آفتابہ لاؤ تم میرے پاس تا کہ مین سب کو دھوؤن اپنے ہاتھ سے ہر ایک کہتا تھا کہ خدا کے واسطے ہمارا جسم و جان آپ پر قربان ہی ہمکو دیجئے کہ ہم دھوئین ہاتھ کا کام ہی دل جان کا نہین باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

چونکه کافر باب را بکشاده دید — نرم نرمک آن زکین بیرون جهید
جامه خوابی بر حدث را یک فضول — قاصداً آورد در پیش رسول
کاینچنین کرده ست مهمانت ببین — خندهٔ زد رحمة للعالمین
که بیا در مطهره اینجا به پیش — تا بشویم جمله را با دست خویش
هر کسی می گفت کز بهر خدا — جان ما و جسم ما قربان ترا
تا بشوییم این حدث را تو بهل — کار دست است این نه کار جان و دل
ای لعمرک مر ترا حق عمر خواند — پس خلیفه کرده بر کرسی نشاند
ما برای خدمتِ تو میزیم — چون تو خدمت میکنی پس ما کیم
گفت میدانم ولیک این ساعتیست — که اندرین شستن بخویشم حکمتیست
منتظر بودند کاین قول نبیست — تا پدید آید که این اسرار چیست
او بجد می شست آن احداث را — خاص ز امر حق نه تقلید و ریا
که دلش می گفت کاین را تو بشو — کاندر اینجا هست حکمت تو بتو

دیکھا کافر نے جو دروازہ کھلا — چپکے چپکے وہ وہاں سے چلدیا
گندگی آلودہ بستر اک فضول — لایا قصداً اسکو وہ پیش رسول
کہ تمہارے میہمان نے یہ کیا — رحمة للعالمین نے ہنس دیا
آفتابی لاؤ تم پاس اب مرے — تا مین دھوؤن سب کو اپنے ہاتھ سے
ہر کوئی کہتا خدا کے واسطے — جسم و جان قربان ہمارا آپ پے
دھوئین ہم تا دیجیے ہمکو بھلا — ہاتھ کا ہی کام نے دل جان کا
ای لعمرک تمکو عمر حق نے کہا ۱ — اور خلیفہ کر کے اپنی جا کیا
آپکی خدمت کو ہم پیدا ہوے — تم کرو خدمت تو ہم کس کے لیے
بولے مین ہون جانتا پر اس گھڑی — میرے دھونے مین ہی اک حکمت بڑی
منتظر تھے کہ یہ ہے قول نبی — دیکھو کیا بھید اب کرے جلوہ گری
دھوتے ناپاکی کو وہ مل مل کے تھے — حکم حق سے نے ریا تقلید سے
کہ یہ دل کہتا تھا اسکو تو ہی دھو — کہ یہان حکمت بھری ہی بس نکو

در سبب رجوع آن کافر و دیدن پیغمبر صلی الله علیه و آله و سلم را در شستن

اُس کافر کے رجوع ہونیکے سبب مین اور پیغمبر علیہ السلام کو دیکھنا دھونے مین

کاژنگی را هیکلی بد یادگار — یاوه دید آنرا و گشت او بیقرار
گفت آن حجره که شب جا داشتیم — هیکل آنجا بیخبر بگذاشتیم
گرچه شرمش بود حرصش شرم برد — حرص اژدرهاست نه چیزیست خرد
از پی هیکل شتاب اندر دوید — در وثاق مصطفی وان حال دید
کان ید الله آن حدث را هم بخود — خوش همی شوید که دورش چشم بد

گبر کا تعویذ اک تھا یادگار ۲ — وہ گیا دیکھا ہوا وہ بیقرار
بولا اس حجرہ مین کہ شب کو رہا — مین وہان تعویذ بھول اپنا گیا
شرم تھی پر کھویا اسکو حرص نے — اژدہا ہی حرص نے کم چیز ہے
جو گیا تعویذ کو حجرہ کی سو — مصطفی کے دیکھا بس اس حال کو
وہ ید اللہ اس پلیدی کو بہ خود — خوب دھوتے تھے نہ لگیو چشم بد

۱ ای لعمرک الی آخرہ۔ شعر اے قسم ہے جان تیری کہ تمکو عمر حق نے کہا اور خلیفہ کرکے اپنی جا کیا ہم آپ کی خدمت کو پیدا ہوئے تم خدمت کرو تو ہم کسکے لیے مین فرمایا کہ مین جانتا ہون ولیکن اس گھڑی میرے دھونے مین ایک حکمت بڑی ہی منتظر تھے کہ یہ قول نبی کا ہی دیکھو کیا بھید کھلتا ہی وہ ناپاکی کو مل مل کر دھوتے تھے حکم خدا سے نہ ریا و تقلید سے کہ یہ آنکا دل کہتا تھا تو ہی دھو کہ یہان حکمت بھری ہی یعنے حضور کے دل مین یہی آیا کہ اسمین حکمت بھری ہی تو ہی مل مل کر اسکو دھو آگے اسکے نتیجہ کا بیان ہی فافہم ۱۲۔

۲ گبر کا الخ۔ شعر گبر کا ایک تعویذ یادگار تھا اسکو کیا دیکھا وہ بیقرار ہوا سوچا کہ اس حجرے مین جو شب کو رہا مین تعویذ اپنا وہان بھول گیا شرم تھی ولیکن اس کو حرص نے کھویا حرص اژدہا ہے کم چیز سے نہین ہے جو تعویذ کے واسطے حجرہ کی جانب گیا مصطفی کے اس حال کو دیکھا کہ وہ ید اللہ کے اس پلیدی کو از خود خوب دھوتے تھے نظر نہ لگیو وہ تعویذ کو بھولا اور شور دل مین پیدا ہوا گریبان کو اپنے چاک کیا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

هیکلش از باد رفت و شد پدید / اندر و شوری گریبان را درید
میزد او دو دست را بر رو و سر / کله را می کوفت بر دیوار و در
آنچنانکه خون ز بینی و سرش / شد روان و رحم کرد آن مهترش
نعرها زد خلق گرد آمد برو / گبر گویان ایها الناس احذروا
میزد او بر سر کای بے عقل سر / میزد او بر سینه کای بے نور بر
سجده میکرد او کای کل زمین / شرمسارست از تو این جزو کهین
تو که کلی خاضع امر وی / من که جزوم ظالم و لد و غوی
تو که کلی خوار و لرزانی ز حق / من که جزوم در خلاف و در سبق
هر زمان میکرد رو بر آسمان / که ندارم روی ای قبله جهان
چون ز حد برد او بلرزید و طپید / مصطفی اش در کنار خود کشید
ساکنش گردید بس بنواختش / دیده اش وا کرد و داد اشناختش
تا نگرید ابر کے خندد چمن / تا نگرید طفل کے جوشد لبن
طفل یکروزه همیداند طریق / که بگریم تا رسد دایه شفیق
تو نمیدانی که دایه دایگان / کم دهد بے گریه شیر او رایگان
گفت فلیبکوا کثیرا گوش دار / تا بریزد شیر فضل کردگار
گریه ابرست و سوز آفتاب / استن دنیا همین دو رشته تاب
گر نبودی سوز مهر و اشک ابر / کی شدی اجسام ما زفت و سطبر

بھولا وہ تعویذا در پیدا ہوا / شور دل مین چاک جیب پنا کیا
کوٹتا[۵۱] تھا منھ کو دونون ہاتھ سے / مارتا تھا سر در و دیوار پے
اسقدر کہ خون جاری ہوگیا / ناک و سر سے رحم حضرت نے کیا
خلق گرد آئی کیا جو ہائے ہو / گبر کہتا ایہا الناس احذروا
مارتا وہ سر کہ اے بے عقل سر / کوٹتا سینہ کو بے نور اے جگر
سجدہ کرتا وہ کہ ای کل زمین / تم سے شرمندہ ہے یہ جزو کہین
تو کہ کل ہے تابع حکم خدا / مین کہ جزو ہون ظالم و گمراہ ہوا
تو کہ کل ہی خوار لرزان حق سے ہے / مین کہ جزو ہون برخلاف ہون حکم کی
ہر گھڑی[۵۲] منھ کرتا سوئے آسمان / کہ مین اس قبلہ کے قابل ہون کہان
جبکہ وہ بیتاب از حد ہوگیا / مصطفیٰ نے اسکو خود چپٹا لیا
اسکو تسکین دی عنایت اسپہ کی / آنکھ اسکو دی وہ بھی پہچان دی
تا نہ روئے ابر کب گلشن کھلے / تا نہ روئے طفل کب ماں دودھ دے
طفل کدن کا یہ جانے ہے طریق / کہ مین روؤن تا کہ دائی ہو شفیق
تو[۵۳] نہ جانے دائیون کی دائی کو / دودھ کم دیتا ہے بے رونے کو وہ
بولا فلیبکوا کثیرا اس ذرا / دودھ دیوے تجھکو تا فضل خدا
کہ یہ سوز مہر و گریہ ابر کا / ہے ستون دنیا کا ان دو سے کھڑا
سوز مہر اشک ابر کا ہوتا نہ گر / جسم کب ہوتے ہمارے خوب تر

۵۱ کوٹتا تھا الخ، شعر منھ کو دونون ہاتھ سے کوٹتا تھا اور سر در و دیوار پر مارتا تھا اسقدر کہ خون ناک و سر سے جاری ہوگیا اور حضرت نے رحم کیا جو ہائے ہو کیا تو خلق گرد آئی گبر کہتا کہ اے آدمیو کنارہ کرو وہ سر مارتا تھا کہ جگر بے نور سجدہ کرتا ہے کہ اے کل زمین تم سے شرمندہ ہے یہ جزو اے تو کہ کل ہے حکم خدا کا تابع ہی مین کہ جزو ہون ظالم و گمراہ ہوا تو کہ کل ہی خدا سے لرزان و خوار ہی مین کہ جزو ہون حکم سے برخلاف ہون یعنے یا رسول اللہ تم کل ہو اور حکم خدا سے لرزان ہو اور مین کہ جزو ہون برخلاف حکم خدا سے ہون آگے اسکا حال ہی فافہم ۱۲۔

۵۲ ہر گھڑی الخ، شعر ہر دم جانب آسمان کو منھ کرتا کہ مین اس قبلہ کے قابل کہان ہون جبکہ وہ از حد بیتاب ہوگیا مصطفیٰ صلعم نے خود اسکو چپٹا لیا اسکو تسکین دی اور عنایت اسپر کری آنکھ اسکو دی وہ بھی پہچان دی یعنی عارف کر دیا آگے اسکی مثال ہی جب تک ابر نہ روئے گلشن کب کھلے جب تک طفل نہ روئے مادر دودھ کب دے ایک دن کا بچہ یہ طریق جانتا ہی کہ مین روؤن تا دائی شفیق ہو آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۳ تو نہ جانے الخ، شعر تو نہین جانتا ہے کہ دائیون کی دائی کو کہ وہ دودھ کم دیتا ہے بغیر رونے کے فرمایا کہ رو زیادہ سن ذرا تا تجھکو دودھ دیوے فضل خدا کہ اگر سوز و سرشک ابر نہوتا ہمارے جسم خوب کب ہوتے یہ چارون فصل تا آباد کب ہوتین اگر یہ سوز گر یہ اصل نہوتا سوز مہر اور گریہ ابر رکت ہے جو جہان کو خوش جان سوز مین خورشید عقل کو رکھ اور چشم کے مانند ہے کہ اشک افروز رکھ یعنے تو عقل کو سوزش مین اور چشم کو گریہ مین رکھ تا کہ گلشن معنی تیرا سر سبز و خندان ہووے کیونکہ مادر مشفقہ بھی بچہ کو بغیر گریہ کے دودھ نہین دیتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

کی بدین معمور این ہر چار فصل گر نبودی این تف و این گریہ اصل
سوز مہر و گریۂ ابر جہان چون ہمیدارد جہان را خوش دہان
آفتاب عقل را در سوز دار چشم را چون ابر اشک افروز دار
چشم گریان بایدت چون طفل خرد کم خور آن نان را کہ نان آب تو برد
تن چو با برگست روز و شب ازان شاخ جان در برگ ریزست و خزان
برگ تن بے برگی جانست زود زین بباید کاستن آن را فزود
اقرضوا اللہ قرض دہ زین برگ تن تا بروید در عوض در دل چمن
قرض دہ کم کن ازین لقمۂ تنت تا نماید وجہ لا عین رأت
تن ز سرگین خویش تا خالی کند پر ز گوہر ہائے اجلالی کند
زین پلیدی برہد پاکی برد از یطہرکم تن او برخورد
دیو میترساندت کہ ہین و ہین زین پشیمان گردی و زار و غبین
گر گدازی زین ہوسہا تو بدن پس پشیمان و غمی خواہی شدن
این بخور گرم است داروے مزاج وان بیاشام از پئے نفع و علاج
ہم بدین نیت کہ این تن مرکبست آنچہ خو کردہ ست آنش اصوبست
ہین مگردان خو کہ پیش آید خلل در دماغ و دل بزاید صد علل
اینچنین تہدیدہا آن دیو دون آرد و بر خلق خواند صد فسون
خویش جالینوس سازد در دوا تا فریبد نفس بیمار ترا

ہوتین کب آباد بس چار دن یہ فصل گر نہوتا سوز یہ اور گریہ اصل
سوز مہر اور گریۂ ابر جہان رکھتا ہی جو کہ جہان کو خوش دہان
سوز مین رکھ آفتاب عقل کو چشم کو چون ابر اشک افروز تو
۵۱ چشم گریان کر مثال طفل کو روٹی کم کھائی ہی اُس سے آبرو
تن جو با سامان ہو اُس سے شاخ جان ہووے بے سامان ہمیشہ اور خزان
تن کا سامان مفلسی جان کی سدا جلد تو اسکو گھٹا اُسکو بڑھا
اقرضوا اللہ قرض مال تن سے دے تا چمن دل مین عوض اُسکے اُگے
قرض دے کم کر تو لقمہ جسم سے وجہ لا عین رأت تا کہ دیکھے
گندگی سے تن جو تو خالی کرے گوہر اجلال سے اُسکو بھرے
یہ پلیدی چھوٹے اور پاکی ملے تن یطہرکم سے نفع اُسکا لے
۵۲ دیو دھمکاتا ہے تجکو بے حجاب کہ پشیمان تو ہو اُس سے اور خراب
گر تو چھوڑے ان ہوس کو جسم سے ہو پشیمانی خرابی بس تجھے
یہ تو کھائے گرم داروے مزاج اور پی وہ بہر صحت اور علاج
اس نیت سے کہ یہ مرکب جسم ہے ہی وہ بہتر وہ کہ وہ عادت رکھے
چھوڑ مت عادت خلل آئے تجھے اور دماغ و دل مین سو علت بڑھے
اس طرح کی دھمکیان وہ دیو دون خلق پر لائے پڑھے وہ سو فسون
۵۳ خود کو جالینوس دارو مین کرے دے مریض نفس کو دھوکا ترے

۵۱ چشم گریان الخ، شعر تو چشم کو گریان کر مانند طفل کے اور روٹی کم کھا اُس سے آبرو گئی ہی جو جسم با سامان ہو شاخ اُس سے بے سامان و خزان ہمیشہ ہووے سامان تن کا جان مفلسی کی ہمیشہ ہی تو جلد اُسکو گھٹا اور اسکو بڑھا اقرضوا اللہ کو قرض مال تن سے دے تا اسکے عوض چمن دل مین اُگے قرض دے اور لقمہ جسم سے کم کر وہ منھ کہ آنکھ تیری نے نہین دیکھا ہی تاکہ دیکھے جو گندگی سے بدن خالی کرے جو ہر اجلال سے اُسکو بھرے یہ پلیدی دور ہو اور پاکی ملے یطہرکم سے کم ملے اسکا نفع یعنی جسم کی آسانی سے جان بے سامان ہوتی ہے اسواسطے جسم کو تم صدقہ دو اللہ کی راہ مین کہ توانا ہووے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ ۵۲ دیو دھمکاتا ہی الخ، شعر تجکو دیو دھمکاتا ہی بے حساب کہ تو اُس سے پشیمان اور خراب ہی اگر تو ان ہوس کو جسم سے چھوڑے تجکو پشیمانی و خرابی ہووے یہ کھا کہ داروے گرم مزاج ہی اور وہ پی واسطے صحت و علاج کے اس نیت سے کہ یہ جسم مرکب ہی وہ بہتر ہی کہ جو وہ عادت رکھے تو عادت مت چھوڑ تجھے خلل آئے اور دماغ و دل مین سو علت بڑھے اس طرح کہ دھمکیان وہ دیو خلق پر لائے اور سو فسون پڑھے یعنی دیو تجھکو دھمکیان دے اور سو فسون پڑھے کہ تو اس راہ نکی سے مت پھرے باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲
۵۳ خود کو الخ، شعر دیو معالجہ مین خود کو جالینوس کرے تیرے نفس مریض کو دھوکا دے بس تجکو فائدہ ہی درد و غم سے اور یہی آدم کو گندم سے کہا ہی پس تو ہیہات و افسوس کرے اور وہ تیرے ہونٹ لیے باندھے آگے مثال ہی جیسے لب گھوڑے کا وقت نعل باندھتے ہین تا سنگ کمتر کو دکھائے مثل نعل کے تیرا گوش پکڑے وہ مانند گوش اسپ کے اور وہ کھینچے سوئے حرص کے سوے کسب کے تیرے پاؤن پر وہ نعل شک سے تاکہ تو درد سے ناچار ہو کر رست نعل وہ ہی کہ دو کام مین نیک رہے کہ یہ کردن یا وہ کردن تو وہ کر کہ یہ افعال نبی وہ نہ کر کہ سب دیوانے کرتے ہین یعنی دیو تجکو ڈراکر حرص کی جانب کھینچے اور شک مین ڈالے کہ یہ کردن یا وہ کردن پس تو فعل نبی کر اور دیو نون کا کام نہ کر آگے اسکا بیان ہی فافہم ۱۲

کاین ترا سود است از درد و غمے — گفت آدم را ہمی در گندمے
پیش آر دہی ہی وہیہات را — در لویشہ بیچ او لبہات را
ہمچو لبہای فرس در وقت نعل — تا نماید سنگ را کمتر ز لعل
گوشہایت گیر آدن گوش اسپ — میکشاند سوی حرص و سوی کسب
بر زند بر پات نعلے ز اشتباہ — تا بمانی تو ز درد آن ز راہ
نعل او باشد تردد در دو کار — این کنم یا آن کنم ہین ہوشدار
آن بکن کہ ہست مختار نبی — آن مکن کہ کرد مجنون و صبی
حفت الجنة بچہ مقصود گشت — بالمکارہ کہ از وا فزود گشت
صد فسون دارد ز حیلت و ز دہا — کان کند در سلہ گر ہست اژدہا
گر بود کوہے چو کہ بربایدش — دستبرد خویشتن بنمایدش
در بود آب روان بر بندش — ور بود حبر زمان بر خندش
عقل را با عقل دیگر یار کن — امرہم شورے بخوان و کار کن
این سخن پایان ندارد آن عرب — ماند از الطاف آن شہ در عجب

فائدہ ہی درد و غم سے بس تجھے — یہ ہی آدم کو کہا گندم سے ہے
پس کرے ہیہات اور افسوس تو — باندھے وہ ہونٹی سے تیری ہونٹ کو
جیسے لب گھوڑیکا باندھیں وقت نعل — تا دکھائے سنگ کمتر مثل لعل
گوش پکڑے تیرا وہ جون گوش اسپ — حرص کی سو کھینچے وہ اور سوی کسب
تیرے پا پر نعل باندھے شک سے وہ — تا رہے تو درد سے ناچار ہو
نعل وہ ہی کار دو مین شک سے ہے — یہ کروں یا وہ کروں تو جان لے
وہ تو کر کہ جو ہے افعال نبی — وہ نہ کر جو کرتے دیوانے سبھی
[سلہ] حفت الجنة رکھے کس چیز سے — بالمکارہ کے زیادہ اُس سے ہی
سو فسون رکھتا ہی حیلہ و عقل سے — گر ہو اژدر ٹوکرے مین وہ رکھے
کوہ گر ہو شل کرلے جائے وہ — اور غلبہ اپنا بس دکھلائے وہ
گر ہو جاری آب تو باندھے اُسے — گر ہو دانشمند تو اُس پر ہنسے
عقل کو کر عقل ثانی سے تو یار — امرہم شورے کو پڑھ اور کر تو کار
بات یہ بے انتہا ہے وہ عرب — لطف اس شہ سے رہا اندر عجب

نواختن مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ مہمان را و مسلمان شدن و تسکین دادن او را از اضطراب و ندامت

نوازش کرنا مصطفےٰ علیہ السلام کا اُس مہمان پر اور مسلمان ہونا اور تسکین دینا اُسکو بیقراری اور ندامت سے

خواست دیوانہ شدن عقلش رسید — دست عقل مصطفےٰ بازش کشید
گفت این سو آبیا مد آن چنان — کہ کسے برخیزد از خواب گران
گفت این سو آ مکن ہین با خود آ — کاندرین سو ہست با تو کارہا
آب بر روز دو در آمد در سخن — کای شہید حق شہادت عرضہ کن

[سلہ] چاہا مجنون ہونا عقل اُسکی گئی — دستگیری عقل احمد نے کری
بولے یان آ آیا وہ اس طور سے — خواب سے آئے کوئی جس طور سے
بولے یان آ ورنہ تو مدہوش ہو — کہ یہان ہین کام تجھسے اونکو
پانی چھڑکا منہ پے وہ کہنے لگا — اے گواہ حق کے گواہی تو بتا

سلہ حفت الجنة الخ ۔ شعر یا گو جنت کی کس چیز سے رکھے ساتھ سختی کے کہ اُس سے زیادہ ہے سو فسون حیلہ و عقل رکھتا ہے اگر تو اژدہا ہو تو ٹوکرے مین رکھے اگر کوہ ہو شل کرکے وہ لے جائے اور بس وہ اپنا غلبہ دکھائے اگر آب جاری ہو تو اُسے باندھے اگر دانشمند ہو تو اُسپر ہنسے عقل کو تو عقل ثانی کے ساتھ یار کر امرہم شوری کو پڑھ اور کام کر یہ بات بے انتہا ہے وہ عرب اس شاہ کے لطف سے تعجب مین رہا یعنے تو سختی و تکلیف اختیار کر کہ تجھکو سب پر غلبہ ہووے اور اپنی عقل کو عقل مرشد سے یار کر اور اُسکے مشورے سے کام کر کہ منزل مقصود کو پہونچے آگے عقل رسول اللہ کی مدد کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ چاہا مجنون ہونا الخ ۔ شعر یا مجنون ہونا چاہا عقل اُسکی گئی عقل احمد نے اُس کی دستگیری کری فرمایا یہان آ وہ آیا اس طور سے جیسے خواب سے کوئی آتا ہے فرمایا یہان آ مدہوش نہو کہ تجھسے یہان کام ہین منہ پر پانی چھڑکا وہ کہنے لگا اے گواہ حق تو گواہی بتا تاکہ مین گواہی دون اور یہان سے چلون مین ہستی سے سیر ہون وہان پر رہون آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

تا گواہی بدہم و بیرون شدم	سیرم از ہستی وزان ہامون شوم	تا گواہی دیوین اور یان سے چلین	سیر ہون ہستی سے یہن جیوان ہون
ما درین دہلیز قاضی قضا	بہر دعوے الستیم و بلے	[1] ہم قضا کے قاضی کی دہلیز پے	آئے دعویٰ الستی کے لیے
چون بلے گفتیم آنرا ز امتحان	قول و فعل ماشہو دست و بیان	جو بلے ہم نے کہا با امتحان	قول و فعل اپنے گواہ ہین او بیان
نے کہ ما بہر گواہی آمدیم	از چہ در دہلیز قاضی تن زدیم	کیون ہین قاضی کی ہم دہلیز پے	کہ ہم آئے ہین گواہی کے لیے
چند در دہلیز قاضی اے گواہ	حبس باشی دہ شہادت ازنگاہ	کب تلک دہلیز قاضی مین گواہ	قید ہووے دے گواہی صبح گاہ
زان بخواندندت بدانجا تا کہ تو	آن شہادت بدہی و ناری عتو	اس لیے تجکو بلائین وان کہ تو	وہ گواہی دے نہو تو ترش رو
از لجاج خویشتن بنشستۂ	اندرین تنگی لب و کف بستۂ	[2] سرکشی سے اپنی بس بیٹھا ہے تو	باندھکر اس تنگ مین لب ہاتھ کو
تا نہ بدہی این گواہی اے شہید	تو ازین دہلیز کے خواہی رہید	تا نہ دے تو یہ گواہی اے گواہ	ہو نہ اس دہلیز سے ہرگز رہا
یکزمان کارست بگذار و بتاز	کار کوتہ را مکن بر خود دراز	کام دم بھر کا ہے کر تو اور جا	کام چھوٹا مت تو اپنے پر بڑھا
خواہ در صد سال و خواہی یکزمان	این امانت واگذار و وارہان	سو برس مین خواہ اکدم مین گذار	اس امانت کو ادا کر جلد یار

در بیان آن کہ اعمال ظاہرا گواہند بر سرّ آدمی

بیان مین اسکے کہ اعمال ظاہری گواہ ہین اوپر بھید آدمی کے

این نماز و روزہ و حج و جہاد	ہم گواہی دادنست از اعتقاد	[3] یہ نماز و روزہ و حج و جہاد	ہے گواہی دینا وہ با اعتقاد
این زکوٰۃ و ہدیہ و ترک حسد	ہم گواہی دادنست از سرّ خود	یہ زکوٰۃ اور ہدیہ ترک حسد	ہی گواہی دینا بھید اپنے سے خود
خوان و مہمانی پے اظہار راست	کای مہان ما با شما ہستیم راست	خوان مہمانی ظہور راستی	کہ ای مہمان ہمکو تم سے دوستی
ہدیہ ہا و ارمغان و پیشکش	شد گواہ آنکہ ہستم با تو خوش	ہدیہ و تحفہ و نذر و پیشکش	ہی گواہی اسکی مین ہون تجھسے خوش
ہر کسے کوشد بمالے یا فسون	چیست دارم گوہرے در اندرون	جو کوئی کہ مال سے ہو یا فسون	رکھتا کیا ہون ایک گوہر اندرون

[1] ہم قضا کے ۵ شعر ہم قاضی قضیہ کی دہلیز پے آئے اور دعویٰ الستی کے واسطے جو ہم نے بلی کہا امتحان سے اپنے قول و فعل گواہ ہین ہم کیون قاضی کی دہلیز پے رہین کہ ہم گواہی کے واسطے آئے ہین کب تک دہلیز قاضی مین گواہ قید ہووے گواہی صبح کو دے تجکو وہان اسواسطے بلائین کہ تو وہ گواہی دے اور ترش رو نہو یعنی ہم دنیا مین جو آئے ہین تو بروز الست بلی کہا ہی اسکی گواہی دینے کے واسطے آئے ہین جو قول کا فعل گواہ ہی پس ہم دنیا مین اپنے قول کے بموجب چلین اور ترش رو نہو وین اسکا بیان آگے ہی فافہم ۱۲-

[2] سرکشی الخ ۸ شعر تو اپنی سرکشی سے بیٹھا ہی اس تنگ مین لب و ہاتھ کو باندھکر تاکہ تو گواہی نہ دے اے گواہ اور اس دہلیز سے ہرگز رہا نہو یہ کام دم بھر کا ہی تو کر اور جا اور چھوٹا کام خود پرست بڑھا سو برس مین خواہ ایک دم مین گزار اس امانت کو جلد ادا کر یعنی تو دنیا مین عبث اپنے ہاتھ و لب باندھکر بیٹھا ہی کہ تا کوئی گواہی نہ دیوے دم بھر کا کام ہی تو اس طول امل مین کیون پڑا ہی تو جلد اس امانت کو ادا کر آگے بیان ہی کہ اعمال ظاہری گواہ ہین راہ باطن کے فافہم ۱۲- [3] یہ نماز الخ ۹ شعر یہ نماز روزہ و حج و جہاد گواہی دیتا ہے با اعتقاد یہ زکوٰۃ و ہدیہ و ترک حسد خود گواہی دیتا ہے اپنے بھید سے آگے مثال ہی خوان و مہمانی ظہور راستی ہی کہ اے مہمان ہمکو تجھسے دوستی ہی یہ ہدیہ تحفہ و نذر پیشکش اسکی گواہی ہی کہ مین تجھ سے خوش ہون ہر کوئی کوشش کرتا ہے مال و فسون سے کیا رکھتا ہون ایک گوہر ایمان باطن مین تقویٰ سے گوہر سخاوت سے رکھتا ہون یہ زکوٰۃ و روزہ دونون پر گواہ ہی روزہ کہوے کہ تقویٰ حلال سے رکھے کب حرام سے اسکو قرب ہووے اور زکوٰۃ اسکی کہے کہ وہ اپنا مال چرائے اگر یہ دونون گواہ منافق ہوجاوین بازپرس اُنسے عدل خدا کا کرے یعنی روزہ و زکوٰۃ دو گواہ ہین تقویٰ و سخاوت کے اقرار کے آگے اگر دونون گواہ منافق ہوجائین تو عدل خدا اُنسے بازپرس کریگا بروز حشر آگے اسکی مثال ہی فافہم ۱۲-

گوہرے دارم ز تقوی با سخا	این زکوٰۃ و روزہ بر ہر دو گوا	رکھتا ہون تقوی سے گوہر با سخا	یہ زکوٰۃ و روزہ دونون پر گوا
روزہ گوید کرد تقوی از حلال	با حرامش وانکہ نبود اتصال	روزہ کہوی تقوی رکھے با حلال	کب حرامون سے اسے ہو اتصال
وان کاتش گفت کو از مال خویش	مید ہد پس چون بہ دزد از اہل کیش	اور زکوٰۃ اسکی کہے وہ اپنا مال	دیتا ہے وہ پھر چرائے کسکا مال
گر بطراری کنند این دو گواہ	جرح شد در محکمہ عدل الٰہ	گر یہ ہو جاوین منافق دو گواہ	باز پرس اُنسے کرے عدل الٰہ
ہست صیاد ار کند دانہ نثار	نے ز رحم و جود و بل بہر شکار	ہے شکاری گر کرے دانہ نثار	نہ یہ بخشش سے ہے بل بہر شکار
ہست گربہ روزہ دار اندر صیام	خفتہ کردہ خویش بہر صید عام	گربہ ہے بلی روزہ دار اندر صیام	خفتہ رکھے خود کو بہر صید عام
کردہ بد ظن زین کژی صد قوم را	کردہ بدنام اہل جود و صوم را	کر دیا بد ظن کجی سے قوم کو	کر دیا بدنام اہل صوم کو
فضل حق با آنکہ او کژ می تند	عاقبت زین جملہ پاکش میکند	فضل حق اسکو کہ وہ رکھے کجی	آخر اس سب سے اسے دی راستی
سبق بردہ رحمتش وان عذر را	داد نوری کان نباشد بدر را	غالب اسکی رحمت اور اس عذر کو	نور وہ بخشا کہ نے ہو بدر کو
کوششش را شستہ حق زین اختلاط	غسل دادہ رحمت او زین خباط	دھوئی کوشش اسکی حق نے ربط سے	غسل رحمت نے دیا اس خبط سے
تا کہ غفاری او ظاہر شود	سیئات جملہ را غبافر شود	تا کہ غفاری ہو اسکی بس عیان	اور گنہ سب کے کرے عفو و نہان

پاک کردن حق تعالیٰ آب را از نجاست ظاہرہ | پاک کرنا حق تعالیٰ کا پانی کو نجاست ظاہری سے

آب بہر آن بیارید از سماک	تا پلیدان را کند از خبث پاک	اس لیے برسائے پانی چرخ سے	پاک حدث سے تا پلیدی کو کرے
آب چون پیکار کرد و شد نجس	تا چنان شد کاب را رد کرد حس	آب جو بیکار ہوے ہو نجس	یان تلک کہ نہ چکھے پانی کو حس
حق بردش باز در بحر صواب	تا بشستش از کرم آن آب آب	حق اوڑا کر بحر مین ڈالے اسے	تا کرم سے بحر پاک اسکو کرے
سال دیگر آمد او دامن کشان	ہین کجا بودی بدریای خوشان	دوسرے سال آئے پھر وہ یان کہجا	ہین کہان تھا تو مین بحر خوش مین تھا
من نجس زینجا شدم پاک آمدم	بستدم خلعت سوے خاک آمدم	مین نجس یان سے گیا آیا ہون پاک	بلکہ خلعت پہن آیا سوی خاک

سـ۱ـ ہے شکاری انخ، شعر اگر شکاری دانہ نثار کرے بخشش سے نہین ہے بلکہ شکار کے واسطے ہے اگر بلی رمضان مین روزہ دار ہے خود کو خفتہ رکھتی ہے واسطے شکار کے کجی سے بد ظن کر دیا قوم کو اور بدنام کر دیا اہل صوم کو آگے رجوع بقصہ ہے فضل حق اسکو کہ وہ کجی رکھے آخر اس سب بات سے اسے راستی دی اسکی رحمت غالب اور اس عذر کو وہ نور بخشا کہ سو حق نے اسکی کوشش کو دھویا ربط سے اور رحمت نے غسل دیا اس خبط سے تا کہ اسکی غفاری عیان اور سب کے گناہ عفو و نہان کرے یعنی حق تعالیٰ نے اس گبر کے گناہ بفضل جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عفو فرمائے اور آب رحمت سے اسے پاک کیا آگے پاکی آب اولیا کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سـ۲ـ اس لیے انخ، شعر اسواسطے پانی برساتا ہے چرخ سے تا کہ پلیدون کو پاک کرے حدث سے جو آب بیکار ہوے نجس ہو یہا تک کہ حس پانی کو نہ چکھے حق اسکو اڑا کر بحر مین ڈالے تا کہ کرم سے بحر اسکو پاک کرے دوسرے سال وہ یہان پھر کہتا آئے مین تو کہان تھا جواب دیوے کہ بحر خوش مین تھا کہ مین یہان سے نجس گیا اور پاک آیا ہون بلکہ خلعت پہن کر آیا ہون خلعت خاک کے یعنی جسم اولیاء اللہ ایسا ہے مانند آب کے نجس سفل سے جانب اعلیٰ کے جاتا ہے اور دریائے معنی مین فنا ہو کر از راہ بقا پاک ہو کر نازل ہوتا ہے جیسے صحابہ حالت کفر سے درجۂ ولایت کو پہونچے آگے اسکے حقائق مین فافہم ۱۲۔

ہین بیائید ای پلیدان سوے من	کہ گرفت از خوی یزدان خوی من	اے پلید آؤ تم اب میرے سو[۱]	خوی حق سے مین نے لی ہی جو تو
در پذیرم جملہ زشتیت را	چون ملک پاکی دہم عفریت را	سب پلیدی کو تمھاری لیون نین	نفس کو پاکی ملک سان دیُو نین
چون شوم آلودہ باز آنجا روم	سوی اصل اصل پاکیہا شوم	ہوُن آلودہ تو پھر وان جاؤن نین	سوی اصل اصل پاکی پاؤن نین
دلق چرکین بر کنم آنجا ز سر	خلعت پاکم دہد بار دگر	سر سے گدڑی پھیکون نین جو ہی پلید	پاک خلعت دیوے پھر اُس سے مزید
کار او این ست و کار من ہم این	عالم آرایست رب العالمین	کام یہ اُسکا یہ میرا کام ہے	عالم آرائی خدا کا کام ہے
گر نبودی این پلیدیہاے ما	کی بدی این بارنامہ آب را	پس پلیدی یہ نہوتی ہم کو جو	ہوتا کب یہ فخر نامہ آپ کو
کیسہ ہاے زر بدوزیدست او	میرود جویای مفلس سو بسو	تھیلیان زر کی سی رکھتا ہی وہ[۲]	ڈھونڈھتا پھرتا ہی بس محتاج کو
تا بریزد بر گیاہ رستہ	تا بشوید روے ہر ناشستہ	تاکہ ہڑوائے تو سبزہ رستہ پے	دھوتا رخسار ہر بے دھوئے کے
تا بگیرد بر سر او حمال وار	کشتی بیدست و پا را در بحار	تا اُٹھائے سر پہ جون حمال دو	بحر مین بس کشتیٔ ناچار کو
صد ہزاران چارہ اندر وے نہان	زانکہ دارو زو بروید در جہان	سیکڑون دارو ہین اُسمین بس نہان	دارو اُگتی اُس سے ہین اندر جہان
جان ہر درّ دل ہر دانہ	میرود در جو چو دارو خانہ	جان ہر دُر اور دل دانہ کا ہی	جون دوا جاتا ہی اندر نہر کے
زہ یتیمان زمین را پرورش	تشنگان خاک را ازوی خورش	ہی یتیمان زمین کو پرورش	تشنگان خاک کو اُس سے خورش
چون نماند مایہ اش تیرہ شود	ہمچو ما اندر زمین خیرہ شود	جو نہین پونجی رہی تیرہ ہو وہ	مثل ما اندر زمین خیرہ ہو وہ
نالہ از باطن برآرد کاے خدا	آنچہ دادی دادم و ماندم گدا	دل سے وہ نالہ کرے کہ اے خدا	تیری بخشش مین نے دی اب ہون گدا
ریختم سرمایہ بر پاک و پلید	ای شہ سرمایہ دہ ہل من مزید	صرف پونجی کی پلید و پاک پے	پونجی دے ہل من مزید اے شہ مجھے

باز استدعا کردن آب از حق سبحانہ تعالیٰ بعد تیرہ شدن

پھر مدد چاہنا پانی کا حق سبحانہ تعالیٰ سے بعد تیرہ ہونیکے

ابر را گوید ببر جاے خوشش	ہم تو خورشید آب بالا بر کشش	حکم ہو کہ ابر لے جا خوش جگہ[۳]	آب کو بالا پے تو خورشید سے

[۱] اے پلید و الخ، شعر اے پلیدو اب میری طرف آؤ جو کہ خوے حق سے مین نے خوئی ہی تمھاری سب پلیدی کو مین لیون اور ملک کے مانند مین نفس کو پاکی دیُون آلودہ ہوُن تو پھر وہان جاؤن اور جانب اصل کے اصل کی پاکی پاؤن مین سر سے گدڑی پھیکون جو پلیدون کی ہے تاکہ خلعت پاک دیوے پھر اُس سے سوا یہ کام اُسکا اور یہ کام میرا کام ہے اور عالم آرائی خدا کا کام ہی جو ہمکو یہ پلیدی نہوتی تو یہ فخر نامہ آب کو کہان ہوتا یعنی اولیاء اللہ غافلون کو بلاتے ہین کہ ہماری طرف آؤ کہ ہم تمھارے نفسون کو پاک کر دین باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

[۲] تھیلیان الخ، شعر اب تھیلیان زر کی سی کر رکھتا ہی اور بس محتاج کو ڈھونڈھتا پھرتا ہی تاکہ سبزہ رستہ پر پڑے اور تا دھوے رخسار سے ہر بے دھوئے کے تا اُٹھائے حمال کے مانند وہ سرکشی ناچار کو بحر مین اُسکو سیکڑون دارو نہان ہین اور اُس سے دارو اُگتی ہین جہان مین جان ہے کہ ہر درد دل کا دانہ ہے اور جون دوا نہر مین جاتا ہے یتیمان زمین کو پرورش ہی اور تشنگان خاک کو اُس سے خورش ہی جو نہین پونجی رہے وہ تیرہ ہو مانند ماہ کے زمین مین وہ خیرہ ہو دل سے نالہ کرے کہ اے خدا مین نے تیری بخشش دی اب گدا ہون پونجی صرف کی پلید و پاک پر اے شاہ مجکو پونجی دی ہل من مزید یعنی اولیا اللہ محتاجون کو ڈھونڈھتے پھرتے ہین اور اُنکے دل شکستہ کو اُس دریا سے معنی مین سر پر اُٹھاتے ہین غرض کہ اولیا اللہ مین صدہا دارو نہان ہین کہ نفع پہونچاتے ہین آگے مدد حق تعالیٰ کا بیان ہی فافہم ۱۲۔

[۳] حکم ہو الخ، شعر ابر کو حکم حق ہو کہ آب کو بالا پرے جا کہ تو خورشید ہی بس راہون مختلف سے اسے لے جاے اور بحر بے پایان مین ایسے پہونچا سے آگے اسکے حقائق ہین غرض پانے سے جان اولیا ہی کہ تمھین ظلمت سے دھوے صفا کر دے جو تیرہ اہل فرش تھے لوٹ جائے عرش پاک بخشش پر پھر اس سمت سے آئے دامنکشان اور پاکی ذات سے لائے نشان باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

راه های مختلف میراندش تا رساند سوے بحر بیحدش
خود غرض زین آب جان اولیاست کز غسول تیرگیهای شماست
چون شود تیره ز غسل اهل فرش باز گردد سوے پاک بخش عرش
باز آید زان طرف دامن کشان از طهارات محیط آرد نشان
از تیمم وارهاند جمله را وز تحری طالب آن قبله را
زاختلاط خلق یابد اعتلال زان سفر جوید که ارحنا یا بلال
ای بلال خوشنواے خوش سهیل میذنه بر رو بزن طبل رحیل
جان سفر رفت و بدن اندر قیام وقت رجعت زین سبب گوید سلام
این مثل چون واسطه اندر کلام واسطه شرط ست بهر فهم عام
اندر آتش کی رود بی واسطه جز سمندر کو رسید از رابطه
واسطه حمام باید مر ترا تا ز آتش خوش کنی تو طبع را
چون نتانی شد در آتش چون خلیل گشت حمامت رسول آبت دلیل
سیری از حق ست لیک اهل طبع کی رسد بی واسطه نان در شبع
لطف از حق ست لیکن اهل تن در نیابد لطف بی پرده چمن
چون نماند واسطه تن بی حجیب همچو موسی نور مه تابد ز جیب
این هنرها آب را هم شاهدست کاندرونش پر ز نور ایزدست

مختلف راہون سے لے جاے اُسے بحر بے پایان مین پہونچاے اُسنے
ہے غرض پانی سے جان اولیا دھو کے ظلمت سے تمہین کردین صفا
جب ہو تیرہ غسل اہل فرش سے لوٹ جاے پاک بخشش عرش پے
آئی پھر اُس سمت سے دامن کشان ذات کی پاکی سے لائی پس نشان
سب کو وہ فارغ تیمم سے کرے طالب قبلہ کو بس تلاش سے
اختلاط خلق سے جو ہو ملال وہ سفر چاہے ارحنا یا بلال
ای بلال خوش نوا و خوش بیان چڑھ کے منبر پر تو دے بانگ اذان
جان سفر مین اور بدن اندر قیام وقت رجعت اسلیے کہوے سلام
یہ مثل ہے واسطہ اندر کلام واسطہ شرط ہے کہ تا سمجھین عوام
کون جاے آگ مین بے واسطہ جز سمندر کے کہ ہے بے رابطہ
واسطہ حمام تجھکو چاہیے آگ سے تا طبع کو تو خوش کرے
آگ مین جا نہ سکے تو چون خلیل ہے رسل حمام اور پانی دلیل
سیری حق سے اہل طمع کو ملے سیری کب ہو بے وساطت نان کے
لطف حق سے ہے و لیکن اہل تن لطف کب پاتے ہین بے پردہ چمن
واسطہ تن کا اُٹھے ظاہر دکھے مثل موسیٰ نور مہ کا جیب سے
یہ ہنر پانی کے جملہ ہین گواہ کہ خدا کا نور اسمین ہے بھرا

دربیان گواہی فعل و قول بیرونی پُر نور ضمیر | بیان مین گواہی قول و فعل ظاہر کے اوپر نور باطن کے

سلہ سب کو الخ ہ شعر وہ سب کو تیمم سے فارغ کرے اور طالب قبلہ کو تلاش سے خلق اختلاط سے جو ملال ہو وہ سفر چاہے ترجمہ راحت دے ہمکو اے بلال خوش بیان تو منبر پر چڑھکر اذان دے کہ جان سفر مین اندر نماز کے ہو اور بدن قیام مین اسواسطے وقت لوٹنے کے سلام کہتے ہین یعنی جان اولیاء اللہ مثل آب کے ہے کہ آلودان دُنیا کو ظلمت سے دھوکر صاف کردیا اور صحبت اہل دُنیا سے اگر آلودہ ہو تو عرش پر جاکر پھر صاف ہو آے اسواسطے حضرت رسول مقبول صلعم اختلاط خلق سے جو ملول ہوتے تھے ارحنا یا بلال فرماتے تھے یعنی آواز خوش اذان بلال کی سُن کر حجاب نماز ذات مقدس مین فنا ہوجاتے تھے کہ جان پاک آپ کی اُس سفر سے پھر پاک و صاف ہو جاتی تھی اسواسطے بعد نماز کے سلام آیا ہے کہ جانا و آنا جان کا اس سے ثابت ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

سلہ یہ مثل ہے الخ ہ شعر یہ مثل واسطہ ہے کلام مین اور واسطہ شرط ہے کہ تا عوام سمجھین کون آتش مین بے واسطہ جاے جز سمندر کے بے رابطہ ہے تجکو حمام کا واسطہ ہے چاہیے کہ تا طبع خوش کرے آتش سے تو آتش مین نہ جا سکے مانند خلیل کے پس حمام رسل ہے اور پانی دلیل ہے اہل طبع کو حق تعالیٰ سے سیری ہے و لیکن سیری بے واسطہ نان کے کب ہو لطف حق سے ہے و لیکن اہل جسم کب لطف پاتے ہین بغیر پردہ چمن کے اگر واسطہ جسم کا اُٹھے ظاہر دیکھے مانند موسیٰ کے نور ماہ کا جیب سے یہ ہنر پانی کے سب گواہ ہین کہ خدا کا نور اسمین بھرا ہے یعنی جان کو جسم کا واسطہ ہے اگر واسطہ جسم کا اُٹھے وہ ظاہر دیکھے پس یہ جسم کے سب ہنر گواہ نور حق کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

قول و فعل آمد گواہان ضمیر	زین دو بر باطن تو استدلال گیر	قول و فعل آیا گواہ باطن کا ہی	اپنے باطن کی دلیل ان دو سے لے
چون ندارد سیر سیرت در درون	بنگر اندر بول رنجور از برون	یون نہین ہی سیر تجھکو باطنا	دیکھ قارورہ کے اندر ظاہرا
فعل و قول آن بول رنجوران بود	کہ طبیب جسم را برہان بود	ہی وہ قول و فعل قارورہ علیل	کہ طبیب جسم کو ہے وہ دلیل
وان طبیب روح در جانش رود	وز رہ جان اندر ایمانش رود	اور طبیب روح جائے جان مین	جائے راہ جان سے وہ ایمان مین
حاجتش نبود بفعل و قول خوب	احذروہم ہم جواسیس القلوب	اسکو نہ حاجت بقول فعل و خوب	احذروہم ہم جواسیس القلوب پرہیز کرو انسے جاسوس دل کے ہین
این گواہ فعل و قول از وے بجوے	گو بدریا نیست واصل ہمچو جوے	چاہ قول و فعل تو اس سے گواہ	کہ وہ دریا سے ملا ہے نہر سا
قول و فعل او گواہ او بود	کہ بدریا متصل چون جو بود	قول و فعل اسکا گواہ اک اسکا ہی	کہ ملا مانند جو وہ بحر سے
بنگر اندر فعل او و قول او	تا چہ دارد در ضمیر آن راز جو	اسکے قول و فعل مین بس دیکھ تو	کہ وہ کیا رکھتا ہی دلمین راز جو
نورش اندر مرتبت چندست و چیست	بہر صید او دانہ باشد یا سخیست	کسقدر نور اسکا ہی اور ہی وہ کیا	صید کا دانہ ہے یا اہل سخا
گر بود صیاد از وے دور شو	وان فسون و قول خلش کم شنو	گر ہے وہ صیاد اس سے دور ہو	وہ فسون اور قول کم ہی اسکا سنو
ور بود صدیق دست از وی مدار	تا رساند مر ترا سوے بحار	گر ہو صدیق اس سے باز اب مت رہے	تا کہ دریا تک وہ پہوچائے تجھے
لیک نور سالکی کز حد گذشت	پر شد از فرش بیابان ہا و دشت	نور اس سالک کا جو حد سے بڑھا	اسکے فرش سے کل بیابان پر ہوا
مت خیال پر بے غم رہو — کہ غنی کم راہ دے مکار کو
مکر کر خدمت کی رہ مین ای نکو — تاکہ امت مین نبوت پاے تو
مکر کر تا مکر سے اپنے چھٹے — مکر کر تا کہ حسد سے تو بچے
مکر کر تا کمترین بندہ تو ہو — اور کمی سے تا خداوندہ تو ہو
گر یہ پن اور خدمت ای تو بھیڑیے — مت خداوندی کی طمع پر کرے
دوڑ پروانہ کی مانند آگ پر — باز بالکل اور نہ سی تو کیسہ زر
زور کو تو چھوڑ اور زاری کو لے — رحم زاری کی طرف بس آتا ہی

سلہ اُسکی ذات الخ ۵ شعر اُسکی ذات پاک مظہر خدا کی ہی حق کو اُس سے ڈھونڈھنا چاہئیے اور مت ڈھونڈھ غیر سے عقل جز نے عقل کو ملعون کیا اور دُنیا کے کام نے اُسے دیوانہ کیا حسن صیاد کا اُس نے صید ہو کر دیکھے اور اُسنے صیادی سے صید کے رنج کو دیکھا اُسکو خدمت سے مخدومی ملی اُسکو مخدومی سے محرومی ملی وہ فرعونی پانی مین پھنسا اور سبطی قید سے صاف ہوا یعنی اولیاء اللہ خدمت سے مخدوم ہوے اور اہل دنیا مخدومی سے محروم ہوئے آگے اُسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ ہی یہ بازی الخ ۶ شعر یہ بازی برعکس فرزین بند سخت ہے تو حیلہ کم کر کہ یہ کام بخت کا ہے خیال حیلہ بیغم مت رہو کہ غنی مکار کو راہ کم دیتا ہے رہ خدمت مین باندھ کہ تا امت مین تو نبوت پائے مکر کہ تا اپنے مکر سے چھٹے مکر کرتا حسد سے تو چھٹے مکر کر بندہ کمترین تو ہو وے اور کمی سے تا خداوند تو ہو وے مگر یہ دین اور خدمت اپنی گرگ خداوندی کی طمع پر کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ دوڑ الخ ۵ شعر پروانہ کے مانند آگ پر دوڑ بالکل اور کیسہ زر کو مت سی تو زور کو چھوڑ اور زاری کو لے کیونکہ رحم زاری کی طرف آتا ہے تو رحم اُسکا پائے اگر زاری کرے اور زاری کر گے اُسکا رحم ڈھونڈھ زاری مظہر معنوی کی تشنہ ہے زاری سرد اُس گمراہ کی جو کی سبب یوسف بھائیون نے کر بہ مکر ہین کہ حسد رشک دل مین لگے ہین بیٹھے اگر تو عاشق ہے تو زور کو چھوڑ اور زاری اختیار کر کہ زاری کی طرف رحم حق کا آتا ہی اور غازی خنہ از مشتاق معنی کی ہی اور سرد زاری گمراہونکی ہوتی ہی چنانچہ اسکی آگے مثال مین حکایت اعرابی کی ہے فافہم ۱۲۔

گر کنی زاری بیابی رحم او ‖ رحم او در زاری خود بازجو
زاری مضطر که تشنهٔ معنوی ست ‖ زاری سرد دروغ آن غوی ست
گریهٔ اخوان یوسف حیلت ست ‖ کاندرون شان پر ز رشک و علت ست

رحم اُسکا پائے گر زاری کرے ‖ زاری کرکے رحم اُسکا ڈھونڈھو ہے
زاری مضطر ہے تشنہ معنوی ‖ سرد زاری جھوٹی اُس گمراہ کی
بھائیون یوسف کے گریہ مکر ہین ‖ کہ حسد اور رشک تہ دلمین کہین

حکایت آن عرب و سگ او که از گرسنگی می مرد و نانش نداد

حکایت اُس اعرابی کی کہ کتا اُسکا بھوک سے مرتا تھا اور اُسنے روٹی نہ دی

آن سگی میمرد گریان آن عرب ‖ اشک میبارید و می گفت از کرب
ہین چه سازم مر ترا تدبیر چیست ‖ زین سپس من چون تنہا ام بیتو زیست
سائلی بگذشت گفت این گریه چیست ‖ نوحه و زاری تو از بهر کیست
گفت در ملکم سگی بد نیک خو ‖ نک همی میرد میان راه او
روز صیادم بد و شب پاسبان ‖ شیر نر بود او نه سگ ای پہلوان
تیز چشم و خصم گیر و دزد ران ‖ نیک خو و باوفا و مہربان
صید می کردی و پاسم داشتی ‖ دزد را نزدیک من نگذاشتی
گفت رنجش چیست زخمی خورده است ‖ گفت جوع الکلب زارش کرده است
گفت صبری کن برین رنج و حرض ‖ صابران را فضل حق بخشد عوض
بعد از آن گفتش که ای سالار حر ‖ چیست اندر پشت این انبان پر
گفت نان و زاد و لوت دوش من ‖ میکشم از بهر تقویت این بدن
گفت چون ندهی بدین سگ نان و زاد ‖ گفت تا این حد ندارم اتحاد
دست ناید بی درم در راه نان ‖ لیک هست آب دو دیده رایگان

کتا مرتا تھا وہ روتا تھا عرب[1] ‖ کہتا تھا رو رو کے از راہ کرب
کیا کرون مجکو نہ کچھ تدبیر ہے ‖ بعد اسکے مین جیون کس طور سے
بولا اک سائل یہ گریہ کس لیے ‖ نوحہ اور زاری تری کسواسطے
بولا اک کتا مرا تھا نیک خو ‖ درمیان راہ کے مرتا ہے وہ
تھا شکاری دن کو شب کو نگہبان ‖ شیر نر تھا وہ نہ کتا ای جوان
تیز چشم و دافع کل دشمنان ‖ نیک خو اور باوفا اور مہربان
صید کرتا بے مرے نے مارتا ‖ چور کو نے پاس میرے چھوڑتا
بولا[2] کیا بیمار و کیا زخمی کیا ‖ بولا جوع الکلب نے عاجز کیا
بولا اس رنج و مرض مین صبر کر ‖ صابرون کو دے عوض حق بیشتر
بعدہ اُس نے کہا ای باصفا ‖ پشت پر کیا ہے یہ تھیلی مین بھرا
بولا روٹی اور کھانا رات کا ‖ واسطے قوت بدن کے ہے رکھا
بولا اس کتے کو کیون روٹی نہ دی ‖ بولا مجکو اسقدر نے دوستی
روٹی بے داموں کے رہ مین نہ ملے ‖ پر بہانا آنسوؤن کا مفت ہے

۱؎ کتا مرتا تھا الخ۔ شعر کتا مرتا تھا اور عرب روتا تھا از راہ کرب کے رو رو کر کہتا تھا کہ کیا کرون مجکو تدبیر نہین ہے اسکے بعد مین کس طرح سے جیونگا ایک سائل نے کہا کہ یہ گریہ کسواسطے ہے اور نوحہ وزاری کس لیے ہے کہا کہ ایک کتا میرا نیک خو تھا کہ درمیان راہ کے وہ مرتا ہے دن کو شکاری شب کو نگہبان تھا وہ شیر نر تھا کتا نہین تھا تیز چشم و دافع کل دشمنان و نیک خو باوفا و مہربان شکار کرتا و نہ بغیر میرے مارتا اور چور کو میرے پاس چھوڑتا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۲؎ بولا الخ۔ شعر کہا کہ کیا بیمار و کیا زخمی ہوا کہا جوع الکلب نے اُسے عاجز کیا کہا کہ اس رنج و مرض مین صبر کر حق صابرون کو عوض بیشتر دیتا ہے اُسنے بعدہ کہا کہ اے باصفا پشت پر تھیلی مین کیا بھرا ہے کہا کہ روٹی اور رات کا کھانا ہے اور واسطے قوت تن کے رکھا ہے کہا کہ اس کتے کو روٹی کیون نہین دیتا ہے کہا کہ اسقدر مجکو دوستی نہین ہے کیونکہ روٹی بغیر دامون کے نہین ملتی ہے لیکن آنسو بہانا مفت ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گفت خاکت بر سر ای پاد و مشک — کہ لبنان پیش تو بہتر ز اشک
اشک خون است و بغم آبے شدہ — می نیرزد خاک خون بیہدہ
کل خود را خوار کرد او چون بلیس — پارۂ این کل نباشد جز خسیس
من غلام آنکہ نفروشد وجود — جز بدان سلطان با افضال و جود
چون بگرید آسمان گریان شود — چون بنالد چرخ یارب خوان شود
من غلام آن مس ہمت پرست — کہ بغیر کیمیا نارد شکست
دست اشکستہ بر آور در دعا — سوی اشکستہ پرد فضل خدا
گر رہائی بایدت زین چاہ تنگ — ای برادر رو بر آذر بے درنگ
مکر حق را بین و مکر خود بہل — ای ز مکرش مکر مکاران خجل
چونکہ مکرت شد فنای مکر رب — بر کشای یک کمینے بوالعجب
کہ کمینہ این کمین باشد بقا — تا ابد اندر عروج و ارتقا
از برای این کمین سیبی بکن — تا بری بوی ز علم من لدن
گر تو احوال عروج خویش را — نیک دانی نیک باشد مر ترا

بولا[1] تجھپر خاک بندہ حرص کے — کہ تجھے روٹی ہی بہتر اشک سے
اشک خون ہی غم سے پانی ہوگیا — خاک پاسکتی ہے کب خون کو بھلا
مثل شیطان خوار کل اپنا کیا — نے ہو پارہ کل خسیسون کے سوا
مین غلام اسکا نہ بیچے جو وجود — بس سوا اس شہ کے جو ہی اہل جود
جب وہ روئے آسمان نالہ کرے — جب کرے نالہ فلک یارب کہے
بندہ اس تانبے کی ہمت کا ہوا — کہ شکستہ وہ نہ ہو جز کیمیا
جو دعا مین ہاتھ ٹوٹے کو اٹھائے — فضل حق ٹوٹے کی جانب دوڑ آئے
گر رہائی[2] چاہے چاہ تنگ سے — اے اخی کر بے تامل آگ پے
مکر اپنا چھوڑ دیکھ اب مکر رب — اس سے نادم مکر مکارون کا سب
مکر رب مین مکر تیرا جو ہوا — بس فنا تو عجز کھولے نادرا
کہ یہ ادنی عجز ہو تیرا بقا — تا عروج اور بس ترقی ہو سدا
کر تو کوشش عاجزی کیواسطے — تا ملے علم لدن کی بو تجھے
گر عروج اپنے کے تو احوال کو — نیک جانے تجکو بس وہ نیک ہو

در بیان آنکہ ہیچ چشم بد آدمی را چنان زیان ندارد کہ چشم پسند خویش مگر چشم او مبدل شدہ باشد بنور حق کہ بی یسمع و بی یبصر از خویشتن او بے خویش شدہ باشد در معنی آیۂ کریمہ وان یکاد الذین کفروا تا آخر

بیان مین اسکے کہ کوئی چشم بد آدمی کو اسقدر نقصان نہین رکھتی ہے جیسے کہ چشم خود پسندی کی لیکن چشم جب کسی کے لگ گئی ہو نور حق سے کہ بی یسمع و بی یبصر ہی اور خود کو بھول گیا ہو جب اس آیۂ کریمہ ان یکاد الذین کفروا الخ ۵

اور تحقیق کہ کیا انھون نے کہ جو کافر تھے ۱۲

[1] بولا الخ، شعر کہا کہ تجھپر خاک اے بندے حرص کے کہ تجھکو روٹی بہتر ہے اشک سے آگے اسکے حقائق ہین اشک کون ہے کہ غم سے پانی ہوگیا خاک کب خون کو پاسکتی ہے شیطان کے مانند کل اپنا خوار کیا کل پارہ نہین ہوتا ہے سوائے خسیسون کے مین غلام اسکا ہون کہ جو نہ بیچے وجود اس شاہ کے سوا جو کہ اہل وجود ہے یعنے مین اولیا اللہ کا غلام ہون کہ وہ وجود یعنی جناب رسول مقبول صلعم کے نہین بیچتے ہین جب وہ روئے آسمان نالہ کرے جب وہ نالہ کرے تو آسمان یارب کہے مین بندہ اس تانبے کی ہمت کا ہوا کہ وہ شکستہ نہو بجز کیمیا کے یعنی دنیا کے واسطے وہ نہ رودے بجز حق جو شخص دعا باتھ ٹوٹے کو اٹھائے فضل خدا کا ٹوٹے کی جانب دوڑ آئے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] گر رہائی الخ، شعر اگر رہائی اس چاہ تنگ سے چاہے تو اے اخی بے تامل تو آتش پر اپنا مکر چھوڑ اور مکر رب کا دیکھ کہ اس سے نادم سب مکر مکارون کا ہے تیرا مکر جو مکر رب مین فنا ہو تو ایک عاجزی نادر ظاہر کرے کہ یہ ادنی عاجزی تیری ہووے بقا تا ترقی و عروج ہووے ہمیشہ پس تو کوشش کر اس عاجز کے واسطے تا تجھکو علم لدن کی بو ملے اگر تو اپنے عروج کے احوال کو نیک جانے پس وہ تجھکو نیک ہو یعنے تو عجز حق کے واسطے کوشش کر کہ تا علم لدنی تجھکو ملے آگے خود پسندی کا حال ہے فافہم ۱۲۔

پر طاؤس ست مبین و پاے بین | تا کہ سوء العین نکشاید کمین
کہ بلغزد کوہ از چشم بدان | یزلقونک ست از نبی برخوان عیان
احمد چون کوہ لغزید از نظر | در میان راہ بے گل بے مطر
در عجب درماند کاین لغزش ز چیست | من نپندارم کہ این حالت تہیست
تا بیامد آیت و آگاہ کرد | کان ز چشم بد رسیدت در نبرد
گر بدی غیر تو در دم لا شدی | صید چشم و سخرۂ افنا شدی
معنے چشم بد آخر باز دان | ان یکاد از چشم بد نیکو بخوان
لیک آمد عصمتے دامن کشان | وین کہ لغزیدی بدر بہر نشان
عبرتے گیر اندران کن نگاہ | برگ خود عرضہ مکن ای کم ز کاہ
یا رسول اللہ دران وادی کسان | میزنند از چشم بد بر کرگسان
از نظر شان کلۂ شیر عرین | وا شگافد تا کند آن شیر انین
بر شتر چشم افگند ہمچون حمام | وانگہان بفرستد اندر پے غلام
کہ برو از پیہ این اشتر بخر | بیند او اشتر سقط در راہ در
سر بریدہ از مرض آن اشتری | کو تگ با اسپ میکردی مری
کز حسد وز چشم بد بے ہیچ شک | سیر و گردش را بگرداند فلک
آب پنہان ست دولاب آشکار | لیک در گردش بود آب اصل کار
چشم نیکو شد دواے چشم بد | چشم بد را لا کند زیر لگد

۵۱ پر طاؤس اپنا چھوڑ اور دیکھ پا | چشم بد تا تجھ پہ نے لائے بلا
چشم بد سے جو ہے لغزش کوہ کو | یزلقونک عیان پڑھ قرآن سے تو
احمد جون کوہ کو لغزش ہوئی | (پھسلا دین تجھکو) چشم بد سے راہ مین بے گل تری
ہو گئے حیران یہ لغزش کس لیے | مین نہ جانون خالی یہ علت سے ہی
آئی تا وحی اور انھین آگہ کیا | کہ نظر تم کو لگی ہے پر جفا
تجھ سوا ہوتا کوئی ہوتا وہ لا | ہوتا صید چشم اور ہوتا فنا
۵۲ چشم بد کے معنی آخر جان تو | ان یکاد اب چشم بد سے پڑھ نکو
لیکن عصمت نے بچایا ہے تجھے | اور یہ لغزش تھی نشان کیواسطے
لے تو عبرت اور کر انپر نظر | خود نمائی مت کر اے عاجز بشر
یا رسول اللہ ہر اک اُس دشت مین | چشم بد کو ڈالے کرگس پے وہین
وہ نظر سے چیرین کلہ شیر کا | تا کرے وہ شیر گریہ اور بکا
۵۳ اونٹ پر ڈالین نظر جو مرگ عام | اور پیچھے بھیجین اُسدم وہ غلام
کہ خرید اُس اونٹ کی چربی کو تو | راہ مین دیکھے مرا وہ اونٹ کو
بس مرض سے سر کٹا اُس اونٹ کا | دوڑ مین جو اسپ سے تھا وہ سوا
کہ حسد اور چشم بد سے بیگمان | سیر و گردش پھیرتا ہے آسمان
آب پوشیدہ عیان دولاب ہے | لیک گردش مین غرض ہی آب ہے
چشم بد کی چشم نیک آئی دوا | چشم بد کو کرتی پامال اور فنا

۵۱ پر طاؤس الخ ۴ شعر اپنا پر طاؤس چھوڑ اور پاؤن دیکھ تا کہ تجھپر چشم بد لائے چشم بد سے جو لغزش کوہ کو ہے یزلقونک کو جان اور قرآن سے پڑھ اور احمد کوہ مانند کو لغزش ہوئی چشم بد راہ مین بغیر گل تر کے حیران ہو گئے کہ یہ لغزش کسواسطے ہے مین نہین جانتا ہون کہ یہ خالی علت سے ہے تا وحی آئی اور انھین آگاہ کیا کہ تجھکو نظر بجفا لگی ہے اگر کوئی تیرے سوا ہوتا وہ لا ہوتا اور صید چشم ہوتا وہ فنا ہوتا یعنی تو اپنی صفات کو مت دیکھ اپنے لطف کو دیکھ کہ تا تجھکو غرور نہ پیدا ہو کیونکہ نظر بد حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی لگی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۵۲ چشم بد کے الخ ۵ شعر تو چشم بد سے پڑھ ولیکن عصمت نے تجھکو بچایا ہے اور یہ لغزش نشان کے واسطے تھی آگے اسکے حقائق ہین تو عبرت لے اور انپر نظر کر اور خود نمائی مت کر اے بشر عاجز آگے قول جبرئیل کا ہے یا رسول اللہ ہر ایک اُس دشت مین چشم بد کو کرگس پر ڈالتے ہین وہ نظر سے کلہ شیر کا چیرین تا کہ وہ شیر گریہ و بکا کرے یعنی تو عبرت پکڑ اور نظر کر لیکن خود نمائی مت کر باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

۵۳ اونٹ پر الخ ۷ شعر اونٹ پر نظر ڈالین مانند مرگ عام کے اور پیچھے بھیجین اُسدم وہ غلام کہ تو اُس اونٹ کی چربی کو خرید پس راہ مین اسکو مرا دیکھے بس مرض سے اونٹ کا سر کٹا ہو دوڑ مین جو اسپ سے سوا تھا کہ حسد و چشم بد سے بیگمان سیر و گردش پھیرتا ہے آسمان کی یہ تمثال ہے آب پوشیدہ و عیان دولاب ہے ولیکن گردش مین غرض ہے آب سے چشم بد کی چشم نیک دوا ہوئی چشم بد کو پامال و فنا کرتی ہے سبق رحمت سچ ہے اور یہ نظر بد رحمت سے ہی چشم بد پر قہر و لعنت آئی ہے یعنے چشم بد کو چشم رحمت سے دوائی کہ چشم بد کو پامال و فنا کرتی ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

سبق رحمت راست این از رحمت است | چشم بد محصول قهر و لعنت است
رحمتش بر نقمتش غالب شود | چیره زان شد هر نبی بر خصم خود
کو نتیجه رحمت ست و ضد او | از نتیجه قهر بود آن زشت رو
حرص بط یکتا ست آن پنجاه تاست | حرص و شهوت مار و منصب اژدهاست
حرص بط از شهوت حلق ست و فرج | در ریاست بیست چندان ست درج
از الوهیت زند در جاه لاف | طامع شرکت کجا باشد معاف
زلت آدم ز اشکم بود و باه | و آن ابلیس از تکبر بود و جاه
لاجرم او زود استغفار کرد | وین لعین از توبه استکبار کرد
حرص حلق و فرج هم از بدرگی ست | لیک منصب نیست آن اشکستگی ست
بیخ و شاخ این ریاست را اگر | باز گویم دفترے باید دگر
اسپ سرکش را عرب شیطانش خواند | نے ستوری را که در مرعی بماند
شیطنت گردنکشی بُد در لغت | مستحق لعنت آمد این صفت
صد خورنده گنجد اندر گرد خوان | دو ریاست جو نگنجد در جهان
او نخواهد کاین بود بر پشت خاک | تا پسر بکشد پدر را از اشتراک
آن شنیدستی که الملک عقیم | ترک خویشی کرد ملکت جو ز بیم
که عقیم ست و ورا فرزند نیست | همچو آتش با کسش پیوند نیست
هر چه یابد او بسوزد بر درد | چون نیابد هیچ خود را می خورد

سبق رحمت ہیچ وے رحمت سے ہی | چشم بد پر قہر و لعنت آئی ہے
رحمت اسکی قہر پر غالب ہے | ہر نبی دشمن پہ غالب اس لیے
کہ نتیجہ وہ ہین رحمت کے بھلا | انکا دشمن ہے نتیجہ قہر کا
ایک حصہ حرص بط اور وہ سوا | حرص و شہوت سانپ منصب اژدہا
حرص بط از شہوت حلق اور فرج | بیس درجہ پر ریاست مین ہے درج
جاہ مین مارا الوہیت سے لاف | ہووے کب شرکت کے طامع کو معاف
زلت آدم کی تھی پیٹ و رباہ سے | اور شیطان کے غرور و جاہ سے
اسلیے جلد اس نے استغفار کی | اور توبہ سے لعین نے سرکشی
حرص حلق و فرج ہے بدطینتی | پر نہین منصب وہ زلت ہی اخی
شاخ و جڑ مین اس ریاست کی ذرا | گر کہون ہو ایک دفتر دوسرا
اسپ سرکش کو عرب شیطان کہین | نے گدھون کو کہ چراگہ مین رہین
ہے یہ شیطانی لغت مین سرکشی | یہ صفت لعنت کے لائق ہو گئی
خوان پر سو کھانیوالے کھا سکین | دو رئیس اندر جہان نے آسکین
وہ نہ چاہے سرزمین پر کہ یہ ہو | مارے جو شرکت سے بیٹا باپ کو
وہ سنا تو نے کہ الملک عقیم | دور خویشی سے رئیس از راہ بیم
کہ ہے بانجھ اور اسکا نے فرزند ہے | مثل آتش وہ کسی سے نا ملے
پائے وہ جس چیز کو اسکو جلائے | جو نہ پائے کوئی شے خود کو وہ کھائے

۵۱ رحمت الخ ہ شعر اسکی رحمت قہر پر غالب رہے ہر ایک نبی اسواسطے دشمن پر غالب ہے کہ وہ نتیجہ رحمت کے ہین انکا دشمن قہر کا نتیجہ ہے حرص بط ایک حصہ اور وہ بت ہے حرص و شہوت سانپ اور منصب اژدہا ہے حرص بط شہوت حلق و فرج ہے بیس درجہ پر ریاست مین درج ہے جاہ مین الوہیت سے لاف ماری کب شرکت کے طامع کو معاف ہووے یعنی رحمت حق کی قہر پر غالب ہے اسواسطے نبی اللہ دشمن پر غالب ہے کیونکہ نبی اللہ نتیجہ رحمت ہین اور دشمن نتیجہ قہر کے ہین بط حرص سے زینت ریاست بیس درجہ بڑھ کے ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ زلت آدم الخ ہ شعر آدم کی زلت پیٹ و باہ سے تھی اور تکبر شیطان کا غرور و جاہ سے اسواسطے اسنے جلد استغفار کی اور شیطان لعین نے سرکشی کی حرص حلق و فرج کی بدطینتی ہے ولیکن منصب نہین ہے وہ زلت ہے اس ریاست کی شاخ و جڑ اصل مین ذرا کہون کہ تو ایک دفتر دوسرا ہو اہل عرب اسپ سرکش کو شیطان کہتے ہین نہ گدھون کو کہ چراگاہ مین رہین یہ شیطانی لغت مین سرکشی ہے پس یہ صفت لعنت کے لائق ہو گئی سو کھانے والے خوان پر کھا سکین اور دو رئیس جہان مین نہ آسکین یعنی اہل دنیا دو باہم نہ رہ سکین اور درویش سو باہم رہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ وہ نہ چاہے الخ ہ شعر وہ نہ چاہے کہ سرزمین پر ہو شرکت کے سبب سے بیٹا باپ کو مارے تو نے وہ سنا کہ سرداران ملک بانجھ ہین اور رئیس عزیزون سے دور ہے از راہ خوف کے کہ بانجھ ہے اور اسکا فرزند نہین ہے اور مانند آتش کے وہ کسی سے نہین ملتا ہے وہ جس چیز کو پائے اسکو جلائے جو کوئی شے کو نہ پائے وہ خود کو کھائے فنا ہوا اور اسکے دانت سے چھوٹ مت جاہ کہ سنگدل مین حرص جبکہ فنا ہو سنگدل سے مت ڈر فقر مطلق کا سبق ہر ایک صبح لے یعنی ملک بانجھ ہے کہ رئیس شرکت کے خوف سے دوسرے کو نہین چاہتا ہے اور اسکا کوئی فرزند نہین ہوتا جبکہ تو فنا ہو کسی کے خوف نہ کہ فقر مطلق بے خوف ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

ہیچ شو دارہ تو از دندان او / رحم کم جو از دل سندان او
چونکہ گشتی ہیچ از سندان مترس / ہر صباح از فقر مطلق گیر درس
ہست الوہیت ردای ذوالجلال / ہر کہ در پوشید وگردد وبال
تاج از آن اوست آن ما کمر / وای او کز حد خود دارد گذر
فتنۂ تست این پر طاؤسیت / کاشتراکت باید و قدوسیت

ہو فنا اور چھوٹ اُسکے دانت سے / چاہ مت کب سنگدل مین رحم کر
جو فنا ہو سنگدل سے مت ڈرے / فقر مطلق کا سبق ہر صبح لے
ہے الوہیت ردائے ذوالجلال (الوہیت چادر خدا کی ہے) / جو کہ اوڑھے اُسپے وہ ہووے وبال
تاج اسکو پٹکا ہم کو چاہیے / حیف اُسپر حد سے جو اپنی بڑھے
یہ پرِ طاؤس فتنہ ہے تجھے / وصل اور قدسی سے تجھکو چاہیے

حکایت آن حکیم کہ بہ طاؤس اعتراض کرد و جواب او

قصہ اُس حکیم کا کہ ایک طاؤس کو دیکھا کہ اپنے پر زیبا کو چونچ سے اُکھیڑ کر پھینکتا تھا

پر خود میکند طاؤسے بدشت / یک حکیمے رفتہ بود آنجا بگشت
گفت طاؤسا چنین پر سنی / بیدریغ از بیخ چون بر میکنی
خود دلت چون میدہد تا این حلل / بر کنی اندازیش اندر وحل
ہر پرت را از عزیزی و پسند / حافظان در طی مصحف می نہند
بہر تحریک ہوائے سودمند / از پر تو بادبیزن می کنند
این چہ ناشکری و چہ بیباکیست / تو نمیدانی کہ نقاشت کیست
یا ہمیدانی و نازے میکنی / قاصدا اقلع طرازی میکنی
ای بسا نازا کہ گردد آن گناہ / افگند مر بندہ را از چشم شاہ
نازکردن خوشتر آید از شکر / لیک کم خایش کہ گردد صد خطر
ایمن آبادست آن راہ نیاز / ترک نازش گیر و با آن رہ بساز

پر اُکھیڑے دشت مین طاؤس تھا / سیر کرتا اک حکیم اُس جا گیا
بولا اے طاؤس ایسے اپنے پر / کیون اکھیڑے جڑ سے بخوف و خطر
ایسا زیور تو گوارا کرتا ہے / کہ اُکھیڑے پھینکے کیچڑ مین لے
تیرے ہر اک پر کو اچھا جان کے / جلد مین قرآن کے حافظ رکھے
واسطے حرکت ہوائے خوب کے / کرتے ہین پنکھا پرونکو بس ترے
کیا یہ ناشکری و بیباکی ہے کیا / تو نہ جانے کون نقاش اب ترا
یا تو کرتا ناز ہے بس جان کے / اور نقاشی بگاڑے آپ سے
اے بہت ہین ناز کہ ہون وہ گناہ / کر دین بندہ کو سُبک وہ پیش شاہ
ناز کرنا ہے شکر سے خوش سوا / پر تو کم کھا کہ وہ ہووے سو بلا
امن سے آباد ہے راہِ نیاز / کر نیاز اب اختیار اور چھوڑ ناز

سلہ ہے الوہیت الخ ۳ شعر الوہیت چادر ہے خدا کی جو اوڑھے وہ سپر وبال ہووے تاج اُسکو اور پٹکا ہمکو چاہیے اُسپر حیف ہے کہ جو اپنی حد سے بڑھے یہ پر طاؤس سے تجکو فتنہ ہے تجھکو وصل و قدوسی چاہیے یعنی زینت دُنیا کی تجھپر آفت ہے تجھکو وصل و قدوسی چاہیے آگے زینت کا مثال بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ پر اکھیڑے الخ ۹ شعر ایک طاؤس دشت مین پر اُکھیڑتا تھا ایک حکیم اُس جا سیر کرتا ہوا آیا کہا کہ اے طاؤس اپنے ایسے پر کیون اُکھیڑتا ہے جڑ سے بے خوف خطر تو گوارا کرتا ہے کہ ایسا زیور اُکھاڑے کیچڑ مین اُسے پھینکے تیرے پر کو ہر ایک اچھا جان کر قرآن کی جلد مین حافظ رکھتا ہے اور واسطے حرکت ہوائے خوب کے پنکھا کرتے ہین تیرے پرون کو کیا یہ ناشکری و بیباکی ہے کہ تو نہ جانے نقاش تیرا کون ہے اور نقاشی آپ سے بگاڑتا ہے آگے اسکے حقائق ہین بہت سے ناز ہین کہ وہ گناہ ہوں اور بندہ کو سبک کر دین آگے شاہ کے تو ناز کرتا ہے خوش سوا شکر لب سے ولیکن تو کم کھا کہ وہ بلا ہووے یعنے ایسے بہت ناز نہین کر کہ وہ بادشاہ کے روبرو بندہ کو سُبک کر دیتے ہین پس اپنے ناز پر تو نازان نہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ امن سے الخ ۲ شعر راہ نیاز کی امن سے آباد ہے اب نیاز اختیار کر ناز چھوڑ دے اکثر بے بال و پر بے ناز کیا اور آخر کو وہ اپنا بلا کیا اگر ناز کی خوبی موٹا کرے تجھکو اسکا خوف نہان دُبلا کرے اگرچہ یہ نیاز اکثر لاغر کرے ولیکن قلب کو مانند قمر کے روشن کرے مردہ ہو کہ تا نکالے زندہ کو خدا پیدا مردہ سے زندہ کو کرتا ہے سدا جو پیدا زندہ کو مردہ سے کرے جو مرد ہو وہ بزرگی رکھے جو پیدا مردہ زندہ سے کرے نفس زندہ رغبت موت کی رکھے یعنی تو ناز کو چھوڑ اور نیاز اختیار کر کہ نیاز قلب کو مانند قمر کے روشن ہمیشہ کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

ای بسا ناز آوری زو پر و بال — آخر الامر آن بر آنکس شد وبال
خوبی ناز آوری بغرا از دست — نیم و ترس مضمرش بگداز دست
وین نیاز ار چه که لاغر میکند — صدر را چون بدر انور میکند
مرده شو تا مخرج الحی الصمد — زنده زین مرده بیرون آورد
چون ز مرده زنده بیرون میکشد — هر که مرده گشت او دارد رشد
چون ز زنده مرده بیرون میکند — نفس زنده سوی مرگی میتند
دی شوی بینی تو اخراج بهار — لیل گردی بینی ایلاج نهار
بر مکن این پر که نپذیرد رفو — رو مخراش از عزا ای خوبرو
آن چنین روی که چون شمس الضحیٰ ست — آنچنان رخ را خراشیدن خطاست
زخم ناخن بر چنان رخ کافریست — که رخ مه از فراق او گریست
یا نمی بینی تو روی خویش را — ترک کن خوی لجاج اندیش را

بال و پر بے ناز اکثر نے کیا — ہوگیا آخر کو وہ اُن پر بلا
ناز کی خوبی اگر موٹا کرے — تجھکو خوف اُسکا نہان دُبلا کرے
گرچہ لاغر یہ نیاز اکثر کرے — قلب کو مثل قمر انور کرے
مُردہ ہوتا مخرج الحی الصمد — پیدا مردہ سے کرے زندہ ابد
پیدا جو زندہ کو مردہ سے کرے — جو ہوا مردہ بزرگی وہ رکھے
پیدا جو مردہ کو زندہ سے کرے — نفس زندہ موت کی رغبت رکھے
ہو [1] خزان تو دیکھے اظہار بہار — لیل تو ہو دیکھ انوار نہار
مت اُکھیڑ ان پر کو نے ہوئی رفو — نوچ مت ماتم سے مُنہ ای خوبرو
ایسے مُنہ کو کہ ہو جون شمس الضحیٰ — ایسے رُخ کو نوچنا ہے بس خطا
زخم ناخن ایسے رُخ پر کفر ہے — کہ رُخ مہ روے اُسکے ہجر سے
یا نہین تو دیکھتا ہے اپنا رُو — چھوڑ دے اس عاجزی کی اپنی خو

در بیان آنکه صفا و سادگی نفس مطمئنه از فکرتها مشوش میشود چنانچه بر آئینه نویسی چون پاک کنی داغے نماید

بیان مین اسکے کہ صفائی دل سادگی نفس مطمئنہ کی فکر دل سے مشوش ہوتی ہے جیسے آئینہ پر تو لکھے جو اُسکو پاک کرے داغ دکھلائی دے

روی نفس مطمئنه در جسد — زخم ناخنهای فکرت میکند
فکرت بد ناخن پر زهر دان — میخراشد در تعمق روی جان
تا گشاید عقدهٔ اشکال را — در حدث کرده است زرین بیل را
عقده را بگشاده گیر ای منتهی — عقدهٔ سخت است بر کیسه تهی

روئے [2] نفس مطمئنہ ہے جسم سے — زخم ناخن فکر کا بس کھائے ہے
فکر بد کو ناخن پر زہر جان — سوچنے مین نوچتا ہے روے جان
تا کہ کھولے عقدۂ اشکال کو — گندگی مین ڈالے زرین بال کو
تو کھلا عقدہ سمجھ اے منتہی — خالی کیسے پر گرہ ہے سخت اجی

[1] ہو خزان الخ یہ شعر اگر تو خزان ہو اظہار بہار کا دیکھ اور اگر تو رات ہو تو نور دن کا دیکھ آگے رجوع بقصہ ہے پرون کو مت اُکھیڑ رفو نہو وے اور مُنہ ماتم سے مت نوچ اے خوبرو ایسے مُنہ کو کہ مثل آفتاب کے ہے روشن ایسے منہ کو نوچنا خطا ہے زخم ناخن ایسے رُخ پر کفر ہے کہ رُخ ماہ کا گریہ کرے اسکے ہجر سے یا اپنا منہ تو نہین دیکھتا ہے اس عاجزی کی اپنی خو کو چھوڑ دے یعنی صورت زیبا کو بیرونق نکرنا چاہیے کہ اس مین اسرار الٰہی بھرے ہین آگے صفائی نفس کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

[2] روے نفس الخ یہ شعر روے نفس مطمئنہ تن سے زخم ناخن فکر کا کھاتا ہے تو فکر بد کو ناخن پر زہر جان کہ سوچنے مین رُخ جان کا نوچتا ہے مال کو ڈالے آگے اسکے حقائق ہین تو گرہ کھلی سمجھ اے منتہی کہ خالی کیسہ پر گرہ سخت ہے تو کھولے گرہون مین بوڑھا ہوا باقی گرہون کو کھلا سمجھ لے ہمارے گردن پر جو گرہین سخت ہین کہ تو نہین جانتا بد ہے یا نیک بخت ہے اگر تو جانے نیک ہے یا بد ہے وہ بہتر ہے فکر پُر آشوب سے یعنی تو عقدۂ مشکل کو فکر سے کھولتا ہے یہ امر مشکل ہے اگر تجھ کو تو نیک یا بد جانے یہ بہتر ہے فکر آشوب سے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲۔

در گشاد عقدہا گشتی تو پیر	عقدۂ چند دگر بکشادہ گیر	کھولے عقدے نین تو بوڑھا ہوا	اب سمجھ ان باقی عقدونکو کھلا
عقدۂ کان برگلوی ماست سخت	کہ ندانی کہ خسی یا نیک بخت	عقدے گردن پر ہمارے جو ہین سخت	کہ نجانے بد ہی تو یا نیک بخت
گر بدانی کہ شقیی یا سعید	آن بود بہتر ز فکر ہر عنید	گر تو جانے نیک ہے یا بد تو ہے	وہ ہے بہتر فکر پر آشوب سے
حل این اشکال کن گر آدمے	خرج این دم کن اگر صاحب دمے	گر تو اس مشکل کو حل کر مرد ہے	خرچ اس دم کر ہو صاحب دم جو
حد اعیان و عرض دانستہ گیر	حد خود را دان کزان نبود گزیر	حد جوہر اور عرض سمجھا تو جان	اپنی حد کو جان لے تو ای جوان
چون بدانی حد خود زین حد گریز	تا بہ بیحد در رسی ای خاک بیز	اپنی حد کو جان و بھاگ اس حد تو	تا کہ بیحد مین تو پہونچے ای نکو
عمر در محمول و در موضوع رفت	بے بصیرت عمر در مسموع رفت	عمر محمول اور موضوع مین گئی	بے بصیرت عمر مسموع مین گئی
ہر دلیلے بے نتیجہ و بے اثر	باطل آمد در نتیجہ خود نگر	ہے دلیل بے نتیجہ و بے اثر	باطل آئی کر نتیجہ پر نظر
جز بہ مصنوعی ندیدی صانعی	بر قیاس اقترانی قانعی	دیکھا نے صانع کو جز مصنوع کے	اور قیاس اقترانی پر رہے
میفزاید در وسائط فلسفی	از دلائل باز بر عکسش صفی	کرتا زیادہ ہے دلائل فلسفی	اندر اوسط کے ہی بر عکس صفی
این گریزد از دلیل و از حجیب	از پے مدلول سر بردہ بجیب	یہ دلائل اور حجب سے دور ہے	ہی مراقب واسطے مدلول کے
گر دخان او را دلیل آتش ست	بے دخان ما را درین آتش خوش ست	گر دھوان اسکو دلیل آتش کی ہی	بے دھوان ہمکو یہ آتش خوش دکھے
خاصہ این آتش کہ در قرب و ولا	از دخان نزدیک تر آمد بما	خاصۂ آتش کہ جب قرب مین	ہی دھوئین سے بیش و نزدیک اب ہمین
بس سیہ کاری بود رفتن ز خوان	بہر تخییلات خوان سوے دخان	یہ گنہگاری جانان خوان سے	بس دھوئین کے سو خیال خوان پے

در معنی حدیث لا رہبانیۃ فی الاسلام

بیان حدیث رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ لا رہبانیۃ فی الاسلام

"نہین ہی خصی کرنا اسلام مین"

برکمن پر را و دل برکن ازو	زانکہ شرط این جہاد آمد عدو	مت اکھیڑ اب تو دل اس سے بس اٹھا	اس جہان اندر عدو لازم ہوا

۱ گر تو اے شر تو اس مشکل کو حل کر اگر مرد ہے اور اس دم کو خرچ کر اگر صاحب دم ہے جوہر و عرض کی حد کو تو سمجھا جان تو اپنی حد کو جان لے ای جوان اپنی حد سے تا کہ تو بیحد مین پہونچے اے نیک عمر محمول و موضوع مین گئی بغیر بصیرت کے عمر مسموع مین گئی یہ دلیل بے نتیجہ و بے اثر ہے باطل آئی نتیجہ اپنے پر نظر کر صانع کو نہین دیکھا بجز مصنوع کے اور قیاس تامی پر رہے یعنی تو اس دار دنیا کو جان و بھاگ اس حد سے تا کہ تو بیحد مین پہونچے کیونکہ تیری عمر محمول و موضوع مین کہ اصطلاح منطق کی ہے یعنی علوم ظاہری مین تیری عمر گذری یہ نتیجہ باطل ہے تو نتیجہ پر نظر کر کیونکہ تو نے مصنوع کو دیکھا ہے صانع پر نظر نہین رکھی ہے اور مصنوع کو دیکھنا کفر ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔
۲ کرتا زیادہ الخ شعر فلسفی دلائل زیادہ کرتا ہے اوسط مین اور صوفی اسکے برعکس ہے کہ یہ صوفی دلائل و حجابون سے بھاگتا ہی اور مراقب ہے واسطے مدلول کے آگے اسکی مثال ہے اگرچہ اسکو دھوان آتش کی دلیل ہے بتدبیر بغیر دھوان کے یہ آتش رکھتی ہے خاصکر وہ آتش کہ محبت و قربت مین ہے دھوئین سے زیادہ نزدیک اب ہمین ہے خوان سے جانا یہ گنہگاری ہے دھوئین کی جانب خیال خوان پر یعنی فلسفی کے مانند دلائل سے مدلول کو سوچنا گمراہی ہے کہ مصنوع سے صانع کو ڈھونڈھتا ہی اور صوفی حق سے مشاہدہ کو پاتا ہے اور اس خواہشات کو طلب حق مین صرف کرتا ہی چنانچہ ان خواہشات کا بیان آگے ہی فافہم ۱۲۔ ۳ مت اکھیڑ الخ شعر تو مت اکھیڑ پر اور دل کو اس سے اٹھا اس جہان مین دشمن لازم ہوا جو دشمن نہو جہاد محال ہووے اگر شہوت نہو نسل و آل نہوے جو تجھکو رغبت نہو صبر نہووے جو دشمن نہو تو لشکر کسواسطے ہی تو خود کو خصی مت کر و رہبان نہو کیونکہ عفت شہوت کی گرو ہے سو ای نبی بغیر ہوا کے حکم نہ تھی کہ مردون پر غزا نہین کر سکتے تھے نفقہ دو تم فرمایا پس کسب کر کیونکہ بغیر آمد کے خرچ نہین ہوتا تو یعنی دشمن ہونے سے جہاد ہوتا ہی اگر دشمن نہوتا تو جہاد کس پر کرتا اسی طرح شہوت سے عفت ہی کیونکہ خرچ کیواسطے آمدنی لازم ہی

چون عدو نبود جہاد آمد محال ‖ شہوت ار نبود نباشد امتثال
صبر نبود چون نباشد میل تو ‖ خصم چون نبود چہ حاجت خیل تو
ہین مکن خود را خصی رہبان مشو ‖ زانکہ عفت ہست شہوت را گرو
بے ہوا نہی از ہوا ممکن نبود ‖ ہم غزا با مردگان نتوان نمود
انفقوا گفتست پس کسبے بکن ‖ زانکہ نبود خرج بے دخل کہن
گرچہ آورد انفقوا را مطلق او ‖ تو بخوان کہ اکسبوا ثم انفقوا
ہمچنین چون شاہ فرمود اصبروا ‖ رغبتے باید کزو یابے تو رو
پس کلوا از بہر دام شہوت ست ‖ بعد ازان لاتسرفوا آن عفت ست
چونکہ محمول بہ نبود لدیہ ‖ نیست ممکن بود محمول علیہ
چونکہ نبود رنج صبرے مر ترا ‖ شرط نبود پس فرو ناید جزا
حبذا آن شرط و شادا آن جزا ‖ آن جزای دل نواز جانفزا

جو نہو دشمن جہاد آئے محال ‖ گر نہو شہوت نہووے نسل و آل
صبر نے ہو جو نہ ہو رغبت تجھے ‖ جو نہو دشمن تو لشکر کس لیے
مت کر اپنے کو خصی رہبان نہو ‖ کیونکہ بس عفت ہی شہوت کے گرو
نے بھی ممکن نہی ہوا کے بے ہوا ‖ گر نہیں سکتے ہیں مردو نپر غزا
انفقوا فرمایا پس تو کسب کر[1] ‖ کیونکہ بے آمد نہ خرچ ہوای پسر
انفقوا کہتا ہے مطلق گرچہ وہ ‖ پر تو پڑھ کہ اکسبوا ثم انفقوا
ایسے ہی فرمایا حق نے اصبروا ‖ چاہیے رغبت کہ عزت پاؤ تو
پس کلوا ہے دام شہوت کیلیے ‖ بعدہ لاتسرفوا عفت سے ہے
بوجھ جبتک ہاتھ کے اندر نہو ‖ ہے نہیں ممکن کہ ہو حمال وہ
جو نہووے رنج نے شرط ہو تجھے ‖ صبر کرنا نے جزا تجھکو ملے
وہ عجب شرط اور عجب وہ ہی جزا ‖ وہ جزا ہی دل نواز اور جان فزا

در بیان آنکہ ثواب عمل عاشق ہم از حق است

بیان میں اسکے کہ ثواب عمل عاشق کا بھی خدائے عزوجل سے ہے

عاشقان را شادمانی و غم اوست ‖ دست مزد و اجرت خدمت ہم اوست
غیر معشوق ار تماشائی بود ‖ عشق نبود ہرزہ سودائی بود
عشق آن شعلہ ست کو چون بر فروخت ‖ ہر کہ جز معشوق باقی جملہ سوخت
تیغ لا در قتل غیر حق براند ‖ در نگر آخر کہ بعد لا چہ ماند
ماند الا اللہ باقی جملہ رفت ‖ شاد باش ای عشق شرکت سوز رفت
خود ہم او بود اولین و آخرین ‖ شرک جز از دیدۂ احول مبین

عاشقوں کی ہے خوشی اور غم وہی[2] ‖ اور اجرت خدمتوں کی ہم وہی
تو اگر دیکھے سوا معشوق کے ‖ وہ نہیں ہے عشق سودا ہی ہے
عشق شعلہ ہے کہ روشن ہووے جب ‖ بس جلا دے وہ سوا معشوق سب
ما سوا اللہ پر چلا تو تیغ لا ‖ دیکھ آخر بعد لا کے کیا رہا
سب گیا اور باقی الا اللہ رہا ‖ خوش تو ہو ای عشق سوزہا
خود وہی ہے اول اور آخر ہے وہ ‖ دیکھ مت جز چشم احول شرک کو

سلہ انفقوا الخ، شعر اگرچہ وہ مطلق انفقوا کہتا ہے ولیکن تو پڑھ کہ کسب کرو تم وپھر نفقہ دو تم اسی طرح حق نے فرمایا ہے صبر کرو تم رغبت چاہیے کہ عزت پاؤ تم اس کلوا ہے دام شہوت کے واسطے بعدہ لاتسرفوا ہی عفت سے آگے اسکی مثال ہے جب تک بوجھ ہاتھ میں نہو ممکن نہیں کہ وہ حمال ہو رنج نہو تجھکو صبر کرنا شرط نہیں ہے کہ جزا ہی اور وہ جزا دلنواز و جانفزا ہی کہ اور وہ جزا ہے جب تک رنج نہو تما صبر کی جزا نہ ملے گی پس یہ عجب شرط و جزا ہے کہ دلنواز و جانفزا ہے آگے ثواب اعمال عاشق کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سکہ عاشقوں کی الخ، شعر عاشقوں کی غم و خوشی وہی ہے اور اب اجرت خدمتوں میں بھی وہی ہے تو اگر سوا معشوق کے دیکھے وہ عشق نہیں ہے ولیکن سودا ہے عشق ایک شعلہ ہے جب روشن ہووے سوا معشوق کے سب کو جلاے ماسوا اللہ پر تو تیغ لا کو چلا اور آخر دیکھ کہ بعد لا کے کیا رہا سب گیا اور باقی الا اللہ رہا تو خوش ہو اے عشق ماسوا کے جلانیوالا خود اول وہی اور آخر وہی ہے تو مت دیکھ سوا چشم احول کے شرک دیکھنا تو اپنی خودی کو فنا کر بجز خدا کے کچھ باقی نہ رہے کیونکہ وہی اول اور وہی آخر ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

ای عجب حسنی بود جز عکس آن — نیست تن را جنبشی از غیر جان
آن تنی را که بود در جان خلل — خوش نباشد گر بگیری در عسل
این کسی داند که روزی زنده بود — از کف این جان جان جامی ربود
وانکه چشم او ندیدست آن رخان — پیش او جانست این تف دخان
چون ندید او را عمر عبدالعزیز — پیش او عادل بود حجاج نیز
چون ندید او مار موسی را ثبات — در حبال السحر پندارد حیات
مرغ کو ناخورده است آب زلال — اندر آب شور دارد پر و بال
جز بضد ضد را همی نتوان شناخت — چون ببیند زخم بشناسد نواخت
لاجرم دنیا مقدم آمده است — تا بدانی قدر اقلیم الست
چون ازینجا وا رهی آنجا روی — در شکرخانهٔ ابد شاکر شوی
گوئی آنجا خاک را می بیختم — زین جهان پاک می بگریختم
گشته بودم قانع از گنجی بمار — شادمان بودم ز گلزاری بخار

یہ عجب[1] ہے حسن غیر عکس خدا — نے ہی جنبش جسم کو جان کے سوا
اور اس تن کو ہو جانین بھی خلل — خوش نہووے گر رکھین اندر عسل
وہ جانے کہ کبھی زندہ وہ تھا — جان جان کی ہاتھ سے جام اک پیا
آنکھ کو جسکی نہین وہ رخ دکھا — آگے اُسکے جان ہے اک ابخرا
جو نہ دیکھا عمر کو عبدالعزیز — اُسکو ہے حجاج عادل با تمیز
مار موسیٰ کو نہ دیکھا اُس نے جو — مار جانے سحر کی رسّی کو وہ
آب[2] شیرین کھایا نے جس مرغ نے — ہے وہ راغب اندر آب شور کے
ضد کو جز ضد جان سکتا ہے نہ وہ — نہ ہو زخمی جانے کب احسان کو
اس لیے دنیا مقدم آئی ہے — قدر تا ملک الستی جان لے
جو یہان سے چھوٹے جائے اُس جگہ — ہو شکر خانہ مین شاکر دائما
تو کہے مین خاک تھا وان چھانتا — اس جہان پاک سے تھا بھاگتا
تھا مین قانع گنج سے اک مار پر — اور خوش گلزار سے تھا خار پر

در بیان حدیث ما من میت الا و تمنی ان یموت قبل ما مات ان کان برا لیکون الی وصول البر اعجل و ان کان فاجرا لیقل فجوره صدق

تفسیر حدیث نبوی ما مات من یموت الا و تمنی ان یموت

نہین مرا ہے وہ کوئی کرتا ہے مگر وہ کہ آرزو کرے مرنے کی ۱۲

قبل ما مات ان کان برا لیکون الی وصول البر اعجل و

اول وقت مرنے سے اپنے اگر وہ نیک ہے تاکہ آرزو کرے وصول اصلح پہنچنے مین جلد تر پانے کو

ان کان فاجرا لیقل فجوره صدق

اگر وہ فاسق ہے پس تا کرے یہ کہ کم ہووے فسق اسکا سچ فرمایا ۱۲

ای دریغا پیش ازین بودی اجل — تا عذابم کم بدی اندر وجل
ہائے[3] اس سے پہلے گر آئی قضا — تا کہ کم ہوتا عذاب اندر بلا

سلہ یہ عجب الخ یعنی شعر یہ تعجب ہے کہ حسن ہو سوا عکس خدا کے جنبش جسم کو نہین ہے سوا جان کے اور اُس جسم کو کہ جان مین خلل ہو خوش نہووے اگر شہد مین رکھین یہ وہ جانے کہ کبھی وہ زندہ تھا اور جان جان کے ہاتھ سے ایک جام پیا جس کی آنکھ کو وہ رُخ نہین دکھا اُس کے آگے جان ایک ابخرات ہے یعنی یہ حسن عکس خدا کا ہے کہ جسم کو جان سے جنبش ہے اور جسکی آنکھ کو وہ رُخ نہین دکھا اُسکے آگے جان ابخرات ہے آگے اسکی مثال ہے جو نہ دیکھا عمر عبدالعزیز کو اسکو حجاج عادل و با تمیز ہے جو مار موسیٰ کو اُسنے نہ دیکھا سحر کی رسّی کو وہ مار جانے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ آب شیرین الخ یعنی شعر جس مرغ نے آب شیرین نہ کھایا وہ راغب آب شور کا ہوا ضد کو بجز ضد کے وہ جان نہین سکتا ہے زخمی نہو تو کب جان سکتا ہے احسان کو اسواسطے دُنیا مقدم آئی ہے قدر تا ملک الستی کی جان لے جو یہان سے چھوٹے تو اُس جگہ جا اور شکر خانہ مین شاکر ہمیشہ ہووے تو کہے کہ مین وہان خاک چھانتا تھا اور اس جہان پاک سے الگ بھاگتا تھا مین گنج سے ایک مار پر قانع تھا اور گلزار سے ایک خار پر خوش یعنی دُنیا کو اسواسطے عقبیٰ پر مقدم کیا ہے کہ تا ضد سے اور قدر ملک الستی کو پہچانے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ہائے پہلے الخ یعنی شعر افسوس اگر اس سے پہلے قضا آتی تاکہ عذاب بلا مین کم ہوتا اسواسطے اس سلطان نے فرمایا ہے کہ جو مرا اور اس جسم سے گیا اسکو حسرت نہوتی اس موت سے ولیکن حسرت ہوتی قصور فوت سے جو کہ مرتا ہے پس تمنا کرتا ہے کہ کاش اول انتقال ہوتا مجھکو اگر مین بد ہوتا کمی بدی ہوتی اور جلد گھر آتا جو ہوتا متقی وہ یہ کہے کہ مین بے خبر رہا مین نے دم بدم پردہ زیادہ کیا یعنی اگر مین جلدی مرجاتا تو اس بلا مین نہ پھنستا باقی حال آگے ہے

زان بفرمودہ‌ست آن نیکو رسول — کہ ہر آن کو مُرد و کرد از تن نزول
نبود او را حسرت نقلان و موت — لیک باشد حسرت تقصیر و فوت
ہر کہ میرد خود تمنا باشدش — کہ بدی زین بیش نقل و مقصدش
گر بدی بد تا بدی کمتر بدی — ور تقی تا خانہ زو برآمدی
گوید آن بد بیخبر مے بودہ ام — دمبدم من پردہ می افزودہ ام
گر ازین زوتر مرا معبر بدے — این حجاب و پردہ ام کمتر بدے
از حریصی کم دران روی قنوع — وز تکبر کم دران چہرہ خشوع
ہمچنین از بخل کم در روی جود — وز بلیسے چہرۂ خوب سجود
برمکن آن پرِ خلد آرای را — بر مکن آن پرِ رہ پیمای را

اس لیے فرمایا اُس سلطان نے — کہ مرا جو اور گیا اس جسم سے
نہ اُسے حسرت ہوئی اس موت سے — پر ہوئی حسرت قصور و فوت سے
جو کہ مرتا ہے تمنا بس رکھے — کاش ہوتا انتقال ول مجھے
ہوتا اگر بد تو کمی ہوتی بدی — جلد گھر آتا جو ہوتا متقی
کہوے وہ بد بیخبر بس مین رہا — مین نے پردہ دمبدم زیادہ کیا
ہوتا اگر جلدی گذر اس سے مجھے — یہ حجاب و پردے کم ہوتے مجھے
پھاڑ کم روی قناعت حرص سے — اور چہرہ عجز از رہ کبر کے
بخل سے کم پھاڑ تو رخسار جود — اور ابلیسی سے تو روی سجود
مت اُکھیڑ اس پر خلد آرا کو تو — مت اُکھیڑ اس پر رہ پیما کو تو

پشیمان شدن آن حکیم ازان سوال بجہت گریہ طاؤس

پشیمان ہونا اُس حکیم کا اُس سوال سے بسبب گریہ کرنے طاؤس کے

چون شنید آن پند در وی بنگریست — بعد ازان در نوحہ آمد میگریست
نوحہ و گریہ دراز و دردمند — ہر کہ آنجا بود در گریہ اش فگند
وانکہ میپرسید پر کندن ز چیست — بیجوابی شد پشیمان میگریست
کز فضولی من چرا پرسیدمش — او ز غم پر بود شورانیدمش
میچکید از چشم او بر خاک آب — اندران ہر قطرہ مدرج صد جواب
میچکید از چشم او گریہ بخاک — ناک گل میشد ز تحت سہناک
گریہ با صدق بر جانہا زند — تا کہ چرخ و عرش را گریان کند

جو سنی پند اُسکو وہ تکنے لگا — بعد اُسکے گریہ وہ کرنے لگا
اسقدر زاری و بس گریہ کیا — جو کوئی اُس جا پہ تھا رونے لگا
پر کا باعث جو کوئی تھا پوچھتا — لا جواب اک ہو پشیمان چھپتا
کہ اُسے شوخی سے پوچھا کس لیے — وہ تو غم سے پُر تھا چھیڑا کس لیے
خاک پر ٹپکے تھا چشم اُسکی سے آب — اور ہر قطرہ میں پڑتے سو جواب
چشم سے آنسو ٹپکتے خاک پے — خاک گل ہوتی تھی اُسکے اشک سے
گریہ سچا بس اثر دے جان پے — تا کہ چرخ و عرش کو گریان کرے

سلہ ہوتا اگر جلدی الخ یہ شعر اگر جلدی گذر اس سے مجھکو ہوتا یہ حجاب و پردے مجھے کم ہوتے روے قناعت کم پھاڑ تا حرص سے اور چہرہ عجز کو از راہ کبر کے بخل سے کم پھاڑ رخسار جود کو، ورا بلیسی سے روے سجود کو آگے رجوع بقصہ ہے تو مت اکھیڑ اسپر خلد آرا کو اور مت اکھیڑ اُس پر راہ پیما کو یعنی اس آرائش دُنیا کو تو جلد درست کر کر حصول جنتی کی یہ کھیتی ہے آگے پشیمانی حکیم کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ جو سنی پند الخ یہ شعر جو یہ پند سنی وہ اُسکو تکنے لگا بعدہ وہ گریہ کرنے لگا اسقدر گریہ و زاری کیا کہ جو اُس جگہ تھا رونے لگا جو کوئی پر کا باعث پوچھتا تھا لا جواب ہو کر پشیمان چھپتا تھا کہ اُسکو شوخی پوچھتا تھا کسواسطے وہ تو غم سے پُر تھا چھیڑا کسواسطے خاک پر اُسکی چشم سے آب ٹپکتا تھا اور ہر ایک قطرہ مین سو جواب پڑتے آنسو چشم سے خاک پر ٹپکتے تھے اور خاک گل ہوتی تھی اُسکی اشک سے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

سلہ گریہ سچا الخ یہ شعر سچا گریہ جان پر اثر دیتا ہے تاکہ چرخ و عرش کو گریان کرے گریہ جھوٹا شورش نہین رکھتا ہے اسواسطے دیوانہ گریہ کو ہنستا ہے سب عقل و دل ہین عرش کے بیگمان اور نور عرش سے بے پردہ جیتے ہین یعنی گریہ صادق دل مین اثر کرتا ہے اور جھوٹا دل و سوزش نہین رکھتا ہے آگے عقل و روح کی قید کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

گریهٔ بی صدق بی سوزش بود / دیو آن بر گریه‌اش خندان شود
عقلها و دلها بگمانی عرشیند / بی حجاب از نور عرشی می زیند

جھوٹا گریہ بس نہیں سوزش رکھے / دیو اُس گریہ پہ ہنستا اسلیے
عقل و دل ہیں بگمان سب عرش کے / جیتے ہیں بے پردہ نور عرش سے

در بیان آنکه عقل و روح از عالم علوی اینجا مثل هاروت و ماروت بچاه بابل مقید اند

بیان اُسکے کہ عقل و روح آب و گل میں قید ہیں مانند ہاروت و ماروت کے چاہ بابل میں

همچو هاروت و چو ماروت آن دو پاک / بسته اند اینجا بچاه سهمناک
عالم سفلی و شهوانی درانـد / اندرین چه گشته اند از جرم بند
سحر و ضد سحر را بی اختیار / زین دو آموزند نیکان و شرار
لیک اول پند بدهندش که هین / سحر را از ما میاموز و مچین
ما میاموزیم این سحر ای فلان / از برای ابتلا و امتحان
کامتحان را شرط باید اختیار / اختیاری نبودت بی اقتدار
میلها همچون سگان خفته اند / اندر ایشان خیر و شر بنهفته اند
چونکه قدرت نیست خفتند این رده / همچو هیزم پاره‌ها و تن زده
تا که مرداری درآید در میان / نفخ صور حرص کوبد بر سگان
چون دران کوچه خری مردار شد / صد سگ خفته بدان بیدار شد
حرصهای رفته اندر کتم غیب / تاختن آورد و سر برزد ز جیب
مو بموی هر سگی دندان شده / وز برای حیله دم جنبان شده

مثل[51] ہاروت اور ماروت آتے ہیں / پر مقید ہیں وہ دونوں چاہ میں
عالم سفلی و شہوانی میں جو / جرم سے قیدی ہوئے ہیں چہ میں وہ
سحر و ضد سحر کو بے اختیار / سیکھتے ان دو سے ہیں نیک و شرار
لیکن اول وہ نصیحت کرتے ہیں / کہ نہ سیکھو سحر ہم سے چاہ میں
ہم سکھاتے سحر ہیں اے فلان / آزمایش اور بہر امتحان
امتحان کی شرط ہے بس اختیار / اختیار اُسنے تجھے بے اقتدار
رغبتیں[52] سوئی ہوئی ہیں جون سگان / خیر و شر ہیں اُنکے اندر بس نہان
جو نہ قدرت ہو تو وہ ہیں خواب میں / مثل ہیزم پارہ وہ خاموش ہیں
تا کہ اک مردار آ کے درمیان / پھونکے صور حرص کتوں پر وہان
جو کہ اس کوچہ میں خر مردار ہو / اُس سے صدہا خفتہ سگ بیدار ہوں
جو گئی حرصیں ہیں پردہ غیب میں / دوڑ لائیں اور وہ حملہ کریں
مو[53] بمو ہر ایک کتا دانت ہو / اور حیلے سے ہلائے دُم کو وہ

[51] مثل ہاروت الخ۔ شعر ہاروت و ماروت کے مانند روح و عقل آئے ہیں ولیکن چاہ میں یہاں مقید ہیں عالم سفلی و شہوانی میں جو جرم سے قیدی ہوئے ہیں چاہ میں سحر و ضد سحر کو بے اختیار ان دو سے سیکھتے ہیں نیک اور شریر ولیکن وہ اول نصیحت کرتے ہیں کہ ہم سے سحر مت سیکھو اندر چاہ کے یہ سحر ہم سکھاتے ہیں آزمایش اور واسطے امتحان کے شرط اختیار ہے اختیار تجھکو نہیں ہے بغیر اقتدار کے یعنی امتحان اختیار میں ہوتا ہے اور اختیار بغیر اقتدار کے غیر ممکن ہے جبکہ اقتدار نہیں ہے تو سحر سکھانا جائز ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ [52] رغبتیں الخ۔ شعر رغبتیں سوئی ہوئی ہیں مانند سگوں کے کہ خیر و شر انکے اندر پوشیدہ ہیں جو قدرت نہیں ہے تو وہ خواب میں ہیں مانند پارہ ہیزم کے وہ خاموش ہیں تا کہ ایک مردار میدان میں آئے اور وہان حرص کتوں پر صور پھونکے وہ کہ اس کوچہ میں خر مردار ہو اُس سے صدہا سگ خفتہ بیدار ہوں جو حرصیں پردۂ غیب میں گئیں وہ دوڑ لائیں اور حملہ کریں یعنی بسبب قدرت نہونیکے رغبت خفتہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [53] مو بمو الخ۔ شعر ہر ایک کتا مو بمو دانت ہو اور حیلہ سے وہ دُم کو ہلائے نیچے کا دم حیلہ اور اوپر کا غضب مانند ضعیف آتش کے جب لکڑی سے ملے شعلہ شعلہ اُسکو باطن سے پہونچے آسمان تک شعلہ و دھوان اُسکا اُٹھے ایسے سو گئے بدن میں خفتہ ہیں جو شکار نہیں ہے تو پوشیدہ ہیں آگے مثال دیگر ہے یا باز کے مانند آنکھیں سلی ہیں اور عشق شکار سے جلتا ہے جب ٹوپی اُتاری اور شکار دیکھے پس اُسدم کوہسار کا طواف کرے یعنی باز کے مانند خواہش رکھتا ہے اور اندھے پن سے ناچار ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

نیم زیرش حیله و بالا غضب   چون ضعیف آتش که او یابد حطب
شعله شعله میرسد از لامکان   میرود دود و لهب تا آسمان
صد چنین سگ اندرین تن خفته اند   چون شکاری نیستشان بنهفته اند
یا چو بازان دیده ها دوخته   در حجاب از عشق صیدے سوخته
تا کله برداری و بیند شکار   آنگهان سازد طواف کوهسار
شهوت رنجور ساکن می شود   خاطر او سوے صحت می رود
چون بہ بیند نان و سیب و خربزه   در مصاف آید مزه و خوف بزه
ور بود صابر دیدن آن سود اوست   آن تهیج طبع سستش را نکوست
ور نباشد صبر پس نادیده به   تیر دور اولی ز مرد بے زره
باز گرد و کن حکایت را تمام   تا چه گفت اندر جوابش والسلام

بچھلا دھڑ حیلہ غضب و پر کا ہی   جون ضعیف آتش کہ جب لکڑی ملے[1]
شعلہ شعلہ پہونچے باطن سے اسی   تا فلک شعلہ دھوان اسکا اٹھی
ایسے سو کتے بدن مین خفتہ ہین   جو نہین ہی صید تو پوشیدہ ہین
یا مثال باز دیدے ہین سلے   اور حجاب پردہ مین عشق صید سے
جب اتاری ٹوپی اور دیکھے شکار   بس کرے اسدم طواف کوہسار
خواہش بیمار ساکن ہوے ہے   خاطر اسکی سوے صحت جاہی ہے
جبکہ دیکھے سیب و خربوزہ و نان   خوف و خطا کی جو لڑائی درمیان
گر ہے صابر دیکھنا سود اسکو دے   طبع سست اسکی کو خواہش نیک ہے
گر نہ صابر ہو نہ بہتر دیکھنا   بے زرہ سے تیر بہتر ہے جدا
پھر تو لوٹ اور کر حکایت کو تمام   تا جواب اسکا دیا کیا والسلام

جواب دادن طاؤس مرد حکیم را

جواب دینا طاؤس کا اُس سائل کو

بشنو اکنون تو ز طاؤس آن جواب   تا بدانی ہر نکوئی را خطاب
چون ز گریه فارغ آمد گفت رو   که تو هستی رنگ و بوے را گرو
آن نمی بینی که هر سو صد بلا   سوے من آید پے این بالها
اے بسا صیاد بے رحمت مدام   بهر این پرها نهند هر سوے دام
چند تیر انداز بهر بالها   تیر سوے من کشد اندر هوا
چون ندارم زور و ضبط خویشتن   زین قضا و زین بلا و زین فتن
آن به آید که شوم زشت و کره   تا بوم ایمن درین کهسار و ده

اب سنو طاؤس کا تم وہ جواب   تا کہ ہر نیکون کا تم جانو خطاب[2]
جو ہوا گریہ سے فارغ بولا جا   کہ تو اب ہے رنگ و بو کا مبتلا
تو نہ دیکھے سو بلا ہر سمت سے   میرے سو آئے پرون کیواسطے
ای بہت صیاد بیرحم اب مدام   ان پرون کیواسطے رکھتے ہین دام
چند تیر انداز پر کے واسطے   میرے اوپر تیر ہین بس مارتے
نی حفاظت خود کی طاقت ہے مجھے   اس قضا سے اور اس آفات سے
ہے یہ بہتر کہ مین بد صورت ہون[3]   تا کہ کوہ و دشت مین ایمن ہون

[1] خواہش الخ یہ شعر خواہش بیمار کی ساکن ہوتی اور اسکی خاطر صحت کے جانب جاتی ہے جبکہ سیب و خربزہ و نان دیکھے خوف و خطا کی لڑائی درمیان ہو اگر صابر ہے اسکو دیکھنا فائدہ دے اسکی طبع سست کو خواہش نیک ہے اگر صابر نہو دیکھنا بہتر نہین بے زرہ تیر جدا بہتر ہے تو پھر لوٹ اور حکایت تمام کر تا اسکا جواب کیا دیا والسلام یعنے خواہش رکھتا ہے اگر صابر ہے دیکھنا نفع دے اور اگر صابر نہین ہے تو نہ دیکھنا بہتر ہے آگے جواب طاؤس کا ہے فافہم ۱۲ [2] اب سنو الخ یہ شعر اب سنو طاؤس کا وہ جواب تا کہ ہر نیکون کا تم خطاب جانو جو گریہ سے فارغ ہوا کہا جا تو اب ہے رنگ و بو کا مبتلا تو نہین دیکھتا ہے کہ ہر سمت سے سو بلا آتی ہی میرے پرون کے واسطے اے بہت صیاد بیرحم اب مدام ان پرون کے واسطے دام رکھتے ہین چند تیر انداز پر کے واسطے میرے اوپر تیر مارتے ہین مجکو طاقت خود کی حفاظت کی نہین ہے اس قضا اور اس آفات سے یعنے زینت دنیا سے خود کی حفاظت کرنا مشکل ہے کہ اسپر سو بلا آتی ہے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ [3] ہے یہ بہتر الخ یہ شعر وہ بہتر ہے کہ مین بد صورت ہون تا کہ کوہ و دشت مین ایمن رہون اور مین اپنا یک یک پر اکھیڑون تا ہر ایک نیک و بد دام مین نہ پھانسے مجکو جان بہتر ہے تن ابتر ہوا اور جان باقی رہے یہ ہتھیار میرے نخوت کے ہوے اہل نخوتون کو سو بلا ہے یعنے اپنے زینت کو مین چھوڑون کہ میری جان بچے آگے تیر آفت کے بیان مین فافہم ۱۲

برکنم پرہای خود را یک بیک	تا نیندازد بدامم ہر کلاک	اور اکھیڑون اپنا پر مین ایک ایک	تا نہ پھانسے دام مین ہر شہ یک
نزد من جان بہتر از بال و پرست	جان بماند باقی و تن ابترست	جان بہتر مجھکو بال و پر سے ہی	تن ہوا ابتر اور جان باقی رہے
این سلاح عجب من شد ای فتیٰ	عجب آرد معجبان را صد بلا	یہ ہوا ہتھیار نخوت کا مرا	نخوت اہل نخوتون کو سو بلا

در بیان آنکه هنرها و زیرکیها چون پر طاوس آفت اند

بیان مین اسکے کہ ہنر اور ہوشیاریان مانند طاوس کے آفت ہین

پس ہنر آمد ہلاکت خام را	کز پے دانہ نبیند دام را	ہین ہنر بہر ہلاکت خام کے[1]	کہ نہ دیکھے دام دانہ کے لیے
اختیار آنرا نکو باشد کہ او	مالک خود باشد اندر اتقو	اختیار اب نیک اسکو ہو کہ وہ	مالک اپنا اتقا مین ہے جو
چون نباشد حفظ و تقوی زینہار	دور کن آلت بینداز اختیار	حفظ و تقوی جو نہووے زینہار	دور کر ہتھیار و چھوڑ اب اختیار
جلوہ گاہ و اختیارم این پرست	برکنم پر را کہ در قصد سرست	اختیار و جلوہ گر پر ہے مرا	پر اکھیڑون کہ یہ چہتا ہے بلا
نیست انکار و پر خود را صبور	تا پرش در نفگند در شر و شور	صابر اپنے پر کو جانے نیست ہے	تیرا سے شور و شر مین پر اسے
پس زیانش نیست پر گو بر مکن	گر رسد تیرے بپیش آرد مجن	نے زیان دکھے نوچ اپنی یہ پر	تیر گر آئے تو کر آگے سپر
لیک بر من پر زیبا دشمنی ست	چونکہ از جلوہ گری صبرم نیست	پر زیبا میرا دشمن ہی ولے	صبر نے جلوہ گری سے جو مجھے
گر بدی صبر و حفاظم راہبر	بر فزودی ز اختیارم کر و فر	صبر گر ہوتا مرا بس راہبر	کرتا افزون اختیار اب کر و فر
ہمچو طفلم یا چو مست اندر فتن	نیست لائق تیغ اندر دست من	مثل طفل مست فتنے مین ہین[2]	نے ہی لائق تیغ میرے ہاتھ مین
گر مرا عقلے بدستے منزجر	تیغ اندر دست من بودی ظفر	عقل میری جو ہوتی ترسندہ اگر	تیغ میرے ہاتھ مین ہوتی ظفر
عقل باید نور دہ چون آفتاب	تا زند تیغے کہ نبود جز صواب	نور بخش ہو عقل مثل آفتاب	تیغ تا مارے کہ نہ ہو جز صواب
چون ندارم عقل تابان و صلاح	پس چرا در چاہ نندازم سلاح	جو نہین رکھتا ہون عقل نکو	کیون نہ پھینکون چاہ مین ہتھیار کو
در چہ اندازم کنون تیغ و مجن	کاین سلاح خصم من خواہد شدن	چاہ مین تیغ و سپر ڈالون مرے	جملہ یہ ہتھیار دشمن ہین بنے

[1] ہین ہنر الخ یہ شعر ہنر واسطے ہلاکت خام کے آیا ہے کہ دام واسطے دانہ کے نہ دیکھے اسکو اختیار اب نیک ہو کہ وہ مالک اپنا پرہیزگاری مین از بسکہ ہو حفظ و تقوے جو نہ ہرگز ہووے ہتھیار دور کر اور اختیار چھوڑ اختیار و جلوہ گاہ میرا پر ہے بس پر کو اکھیڑون کہ یہ بلا چاہتا ہے صابر اپنے پر کو نیست جانے جائے تاکہ شور و شر مین پر اسے نہ ڈالے نہ زیان ہے کہ دے صابر کو اپنے پر مت اکھیڑ اگر تیر آئے تو آگے اپنے سپر کو پر زیبا میرا دشمن ہے جو صبر نہین ہے جلوہ گری سے مجکو اگر میرا صبر راہ پر ہوتا زیادہ کرو فر اختیار کرنا یعنی صابر کو زینت دینا ہلاکت مین نہین ڈالتی ہے اور صبر کو صبر کے چونکہ مجکو صبر نہین ہے اسواسطے مین اپنی زینت کو دور کرتا ہون آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ [2] مثل طفل مست فتنہ الخ یہ شعر مست و طفل کے مانند ہین فتنہ مین ہون میرے ہاتھ مین تیغ لائق نہین ہے اگر میری عقل ترسندہ ہوتی تو میرے ہاتھ مین تیغ ظفر ہوتی عقل نور بخش ہو مانند آفتاب کے تا تلوار مارے کہ بجز صواب کے نہو جو مین عقل نکو نہین رکھتا ہون مین کیون نہ پھینکون چاہ مین ہتھیار کو تیغ و سپر کیون نہ ڈالون چاہ مین یہ جملہ ہتھیار میرے دشمن ہونگے جو مجکو زد و پاری دیتے ہیں تیغ چھینے وہ اور مجھپر وار کرے یعنی عقل میری نیک ہوتی تو ان ہتھیار زینت کو مین چاہ مین نہ پھینکتا جو عقل میری نیک نہین ہے ان ہتھیار کو چاہ مین ڈالنا چاہیے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون ندارم زور یاری وسند / تیغ او بستاند و بر من زند
رغم این نفس وقیحہ خوے را / کہ نخوشم رو خراشد روے را
تا شود کم این جمال این کمال / چون نماند زد کم افتد وبال
چون بدین نیت خراشم بزہ نیست / کہ بزخم این روے را پوشیدہ نیست
گر دلم خوے ستیزی داشتی / روی خوبم جز صفا نفراشتی
چون ندیدم زور و فرہنگ صلاح / خصم دیدم زود بشکستم سلاح
تا نگردد تیغ من اورا کمال / تا نگردد خنجرم بر من وبال
می گریزم تا رگم جنبان بود / کی فرار از خویشتن آسان بود
آنکہ از غیرے بود اورا فرار / چون ازو ببرید او گیرد قرار
من کہ خصمم ہم منم اندر گریز / تا ابد کار من آمد خیز خیز
نے بہندست ایمن و نے در چین / آنکہ خصم اوست سایہ خویشتن

جو نہیں ہے زور اور یاری مجھے / تیغ چھینے وار وہ مجھ پر کرے
برخلاف[۱] اس نفس بدخو کے اگر / نے چھپاؤن رُخ کو چھیلے بیشتر
تاکہ کم ہو یہ جمال اور یہ کمال / جو نہ رہوے آئے کم مجھ پر وبال
اس نیت سے جو مین چھیلون جرم ہے / لائق پنہان ہی یہ رُخ زخم سے
میرے دل مین ہوتی گر چھینے کی خو / بس صفائی رکھتا میرا خوبرو
جو نہ دیکھا زور اور عقل نکو / دیکھا دشمن توڑا جلد ہتھیار کو
تا نہ میری تیغ اُسکو ہو کمال / تا نہ خنجر میرا مجھ پر ہو وبال
بھاگون مین جبتک کہ طاقت ہے مجھے / بھاگنا اپنے سے کب آسان ہے
جس[۲] کسی کو غیر سے ہے بس فرار / جو کہ اُس سے بھاگے وہ پائے قرار
مین ہون دشمن اپنا بھاگون آپ سے / بھاگنا میرا ہمیشہ کام ہے
نہ زمین نے ہند مین امان اُسے / جسکا سایہ دشمن اپنا آپ ہے

در صفت آن بے خود کہ در بقای حق فانی شدہ است

وصف مین اس بے خود کے کہ بقاے حق سُبحانہ تعالیٰ مین فانی ہوا ہے

چون فناش از فقر پیرایہ شود / او محمد وار بے سایہ شود
فقر فخری را فنا پیرایہ شد / چون زبانہ شمع او بی سایہ شد
شمع شد جملہ زبانہ پا و سر / سایہ را نبود بگرد او گذر

فقر[۳] سے جسکا ہے پیرایہ فنا / مثل احمد کے وہ بے سایہ ہوا
فقر فخری کی ہوئی پوشش فنا / مثل شعلہ شمع بے سایہ ہوا
شمع کل شعلہ ہوئی تا پا و سر / کب ہو اُسکے گرد سایہ کا گذر

سلہ برخلاف الخ، شعر برخلاف اس نفس بدخو کے اگر نہ چھپاؤن رُخ کو بیشتر چھیلے تاکہ یہ جمال وکمال کم ہو جو نہ رہوے مجھ پر وبال کم آئے اگر اس نیت سے مین چھیلون جرم نہین ہے لائق باشیدگی کے ہے یہ رُخ زخم سے اگر میرے دل کو چھینے کی خو ہوتی بس صفائی میرا روے خوب رکھتا ہون عقل نکو نہ دیکھا دشمن دیکھا جلد توڑا ہتھیار کو تاکہ تیغ میری اسکو کمال نہو تا خنجر میرا مجھ پر وبال نہو مین بھاگون جبتک مجھکو طاقت ہے خود سے بھاگنا کب آسان ہے یعنی برخلاف اس نفس کے اگر رُخ کو نہ چھپاؤن زیادہ چھپے جب تک طاقت ہے مین بھاگون کیونکہ خود سے بھاگنا کب آسان ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲؛ سلہ جس کسی کو الخ ۲ شعر جسکو غیر سے گریز ہے جو اس سے بھاگے وہ قرار پانے مین اپنا دشمن ہون آپ سے بھاگتا ہون میرا ہمیشہ بھاگنا کام ہے آگے حقائق ہین نہ زمین نہ ہند مین اُسکو امن ہے جسکا ساتھ اپنا آپ دشمن ہے یعنی مین اپنا دشمن آپ ہون کہ اپنے سے آپ بھاگتا ہون آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ فقر سے الخ ۹ شعر جسکا فقر سے پیرایہ فنا ہے احمد کے مانند وہ بے سایہ ہوا فقر فخری کی پوشش فنا ہوئی مانند شعلہ شمع کے بے سایہ ہوا آگے اسکی مثال ہے شمع کل شعلہ ہوئی سر سے پا تک کب اُسکے گرد سایہ کو گذر ہو موم خود سے اور سایہ بھاگا شعاع مین کہ شمع نے گلایا شمع نے کہا کہ جسکو ڈالا اپنے واسطے فنا مین موم نے کہا کہ مین بھی فنا مین خود گیا ہے شعاع فرحمد باقی سے ہے نہ یہ شعاع شمع سے ہے شمع آتش مین بالکل فنا ہوئی نہ وہ شمع کا اثر دیکھے وہ ضیاء فرع ظلمت مین ظاہر ہو آشکار ایک شکل آتش کی موم سے پائدار ہے شمع تن کی آب موم سے خلاف ہے جو وہ کم ہوا اُسکا نور بڑا ہے یعنی روشنی تن کی باقی اور شعاع شمع کی فانی ہے پس شعاع حق کی خلاف موم ہے کہ جو وہ کم ہوا اُسکا نور زیادہ بڑھے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

موم از خویش و زسایہ درگریخت / در شعاع از بہر آنکہ شمع ریخت
موم بھاگا خود سے اور بس سایہ سے / پس شعاع مین کر گلا یا شمع نے

گفت از بہر فنایت ریختم / گفت من ہم در فنا بگریختم
بولی تجھکو ڈالا بہر خود فنا / بولا بس مین بھی فنا مین خود گیا

این شعاع باقی آمد مفترض / نے شعاع شمع فانی عرض
ہی شعاع فرض اور باقی ہے یہ / نے شعاع شمع فانی ہے ہی یہ

شمع چون در نار کلی شد فنا / نے اثر بینی ز شمع و نی ضیا
شمع آتش مین ہوئی بالکل فنا / شمع کا دیکھے اثر نے اور ضیا

ہست اندر دفع ظلمت آشکار / آتشی صورت بموے پایدار
دفع ظلمت مین ہی ظاہر اسکا / موم سے اک شکل آتش پایدار

بر خلاف موم شمع جسم کان / تا شود کم گردد افزون نور آن
شمع تن کی ہی خلاف اسکے ہم / جو وہ کم ہو نور بس اسکا بڑھے

این شعاع باقی و آن فانی است[1] / شمع جان را شعلۂ ربانی است
یہ شعاع باقی ہی اور فانی ہی وہ / شمع جان کا شعلہ ربانی ہی جو

این زبانہ آتشے چون نور بود / سایہ فانی شدن زود دور بود
جو وہ شعلہ باقی تھا اک نور تھا / سایہ فانی ہوتا اس سے دور تھا

ابر را سایہ بیفتد بر زمین / ماہ را سایہ نباشد ہمنشین
ابر کا سایہ زمین پر گرتا ہے / ماہ کے سایہ نہ ہمرہ ہوتا ہے

بیخودی بے ابر ہست اے نیکخواہ / باشی اندر بیخودی چون قرص ماہ
بیخودی بے ابر ہوتا ہی ای شاہ / رہ تو اندر بیخودی کے مثل ماہ

باز چون ابرے بیاید راندہ / رفت نور از مہ خیالی ماندہ
پھر جو آئے ابر اور لائے زوال / نور مہ سے جائے اک ہووے خیال

از حجاب ابر نورش شد ضعیف / کم ز ماہ نو شد آن بدر شریف
نور پردہ ابر سے ہووے ضعیف / ماہ نو سے کم ہو وہ بدر شریف

ہر خیالے می نماید ز ابر و گرد / ابر تن ما را خیال اندیش کرد
ہر خیال[2] اک ابر سے ہی رونما / ابر تن نے خیال مین ہم کو کیا

لطف مہ بنگر کہ اینہم لطف اوست / کہ بگفت این ابرہا ما را عدوست
دیکھ لطف مہ کہ یہ لطف اسکا ہے / کہ کہا یہ ابر دشمن ہین مرے

مہ فراغت وار داز ابر و غبار / بر فراز چرخ دارد مہ مدار
ماہ فارغ ہے غبار و ابر سے / کہ فلک پر مہ کی منزل گاہ ہی

ابر ما را شد عدو و خصم جان / کہ کند مہ را ز چشم ما نہان
میری دشمن جان کا یہ ابر ہے / کہ چھپائے مہ کو میری چشم سے

حور را این پردہ زالی میکند / بدر را کم از ہلالے می کند
حور کو یہ پردہ بس کرتا ہی زال / بدر کو کرتا ہے اک بدتر ہلال

ماہ ما را در کنار عز نشاند / دشمن ما را عدوے خویش خواند
ماہ نے اعزاز یہ مجھکو دیا / میرے دشمن کو عدو اپنا کہا

ابر را تابی اگر ہست از مہ است / ہر کہ مہ خواند ابر را او گمرہ است
ابر گر روشن ہی پر ہی ماہ سے / ابر کو جو کہوے مہ گمراہ ہے

---

[1] یہ شعاع الخ، شعر یہ شعاع باقی ہے اور فانی ہے کہ شمع جان کا شعلہ ربانی ہے جو وہ شعلہ آتشی ایک نور تھا کہ سایہ فانی ہوتا اس سے دور تھا سایہ ابر کا زمین پر گرتا ہے سایہ ماہ کے ہمراہ نہین ہوتا ہے بیخودی بے ابر ہوتا ہے تو بیخودی مین رہ ماہ کے مانند جو پھر ابر آئے اور زوال لائے نور ماہ سے جائے اور ایک خیال رہے پردہ ابر سے نور ضعیف ہووے یعنے تن ابر و جان ماہ ہے اگر بیخودی حاصل ہو تو ماہ بے پردہ ہے ورنہ ابر تن سے بدر جان ہلال سے کمتر ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

[2] ہر خیال الخ، شعر ہر خیال ایک ابر سے رونما ہے ہمکو خیال مین ابر تن نے کیا لطف ہے کہا یہ ابر میرے دشمن ہین ماہ فارغ ہے ابر و غبار سے کہ فلک پر ماہ کی منزل گاہ ہے میری جان کا دشمن یہ ابر ہے کہ میری چشم سے ماہ کو گر چھپائے پردہ حور کو زال کرتا ہے اور بدر کو بدتر ہلال کرتا ہی ماہ نے یہ اعزاز مجھکو دیا میرے دشمن کو اپنا عدو کہا اگرچہ ابر روشن ہے ولیکن ماہ سے ہے جو ابر کو ماہ کہوے وہ گمراہ ہے یعنے یار نے نفس کو اپنا دشمن کہا بموجب حدیث شریف کے اعدا عدوک نفسک التی بین جنبیک پس ابر تن کو جو ماہ کہوے گمراہ ہے یعنی عاشقان مجازی حسن ظاہر معشوق کو دیکھکر اسی پر قانع رہین وہ گمراہ ہین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

نور مہ را بر چون منزل شدہ است / روی تاریکش ز مہ مبدل شدہ ست
گرچہ ہمرنگ مہ است و دولت است / اندر ابر آن نور مہ عاریت است
در قیامت مہر و مہ معزول شد / چشم در اصل ضیا مشغول شد
تا بداند ملک را از مستعار / وین رباط فانی از دار القرار
دایہ عاریت بود روزی سہ چار / مادرا ما را تو گیر اندر کنار
سلہ بولا الخ، شعر کہا کہ اے شاہ میرا وطن دار البقا ہے اور اس جا سے آیا طرف دار الفنا کے نہ میرا گھر ہے اور نہ ہمراہی یہان کب مچھلیان گھر زمین پر بناتی ہین پس اُسکو ہنسی سے شاہ نے کہا کہ تو نے کیا کھایا ہے اور کیا توشہ رکھتا ہے کیا تجھکو اشتہا ہے اور کیا سحر کو کھایا ہے جو بدمستی و دعوی سے بیخبر ہے کہا کہ اگر مجھکو نان خشک پہونچتی تو کیون دعوی پیغمبری کرتا آگے اسکے حقائق ہین اس قوم کا دعوی پیغمبری ایسا ہے کہ کوہ سے دل ڈھونڈھنا ہے کسی نے کوہ سے عقل و دل نہین لیا اور نہ سمجھ و نکتۂ مشکل لیا یعنی دعوی پیغمبری اسکا ایسا ہے کہ کوہ سے دل ڈھونڈھتا ہے اور کسی نے کوہ سے عقل و دل نہین لیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ جو تو کہوے الخ، شعر جو تو کہے کوہ بھی وہی کہے مانند مسخرون کے نقالی کرے یہ قوم کہان اور اسکا پیام کہان پس جمادی جان سے کس کو امید ہے آگے اسکی مثال ہے اگر تو عورت کا پیغام دے تو آگے تیرے سر رکھین اور سیم و زر دھر کہ تجھکو وہان معشوقہ بلاتی ہے اور تجھکو جانتی ہے وہ عاشق تجھپر ہے اگر تو پیام حق کا لاے مانند کہ خدا کی طرف آ اے نیک عہد ملک فنا سے جانب بقا کے ہو جا ممکن ہو تو خاموش ہو وہ تیری جان و خون کا قصد کرے نہ جیت و دین کیواسطے یعنی ریاکاران اہل قال سے امید خداطلبی کی کرنا محض بے عقلی ہے کیونکہ وہ مثل کوہ کے آواز دیتے ہین اور خود نہین جانتے ہین آگے بے حسی کا بیان ہے فافہم ۱۲-

ور تو پیغام خدا آری چو شهد ۔ که بیا سوی خدا ای نیک عهد
گر پیام حق تو لائے مثل شہد ۔ کر خدا کی سمت آ اے نیک عہد

از جهان مرگ سوی برگ رو ۔ چون بقا ممکن بود فانی مشو
جا فنا کے ملک سے سوئے بقا ۔ جو بقا ممکن ہو مت ہو تو فنا

قصد خون تو کنند و جان و سر ۔ تر برای حمیت و دین و هنر
قصد خون اور جان کا تیری کرے ۔ نے حمیت اور دین کے واسطے

سبب عداوت عام و بیگانه زیستن ایشان با اولیای خدا که بحق شان می خوانند و بآب حیات ابدی ارشاد می نمایند

سبب عداوت عام کا اولیاء اللہ سے اور بیگانہ ہو کے جینا انکا ساتھ اولیا کے خدا کیطرف انکو وہ بلاتے ہین اور آبحیات ابدی پلاتے ہین

بلکه از چسپیدگی بر خانمان ۔ تلخ شان آید شنیدن این بیان
خان و مان[۱] کے اس تعلق کے سبب ۔ جانتے ہین تلخ یہ کہنا وہ سب

خرقهٔ بر ریش خر چسپیده سخت ۔ چونکه خواهی بر کنی زد لخت لخت
چپکے پھاہا سخت خر کے زخم پے ۔ گر ٹے ٹکڑے ہووے جو نوچے اُسے

جفته اندازد یقین آن خر ز درد ۔ حبذا آنکس کزو پرهیز کرد
خر دولتی پھینکے بیشک درد سے ۔ بھاگا جو اس سے وہ بہتر مرد ہے

خاصه پنجه ریش و هر جا خرقهٔ ۔ بر سرش چسپیده در زخم غرقهٔ
خاص[۲] سو زخم اور پھاہا ہر جگہ ۔ پیپ سے ہو زخم پر چپکا ہوا

خانمان چون خرقه و این حرص ریش ۔ حرص هر کس بیش باشد ریش بیش
خان و مان پھاہا و حرص اک زخم ہے ۔ زخم زیادہ حرص جو زیادہ رکھے

خان و مان چغد ویرانه ست و بس ۔ نشنود اوصاف بغداد و طبس
خانمان الو کا ویرانہ ہے بس ۔ کب سُنے اوصاف بغداد و طبس

گر بیاید باز سلطانی ز راه ۔ صد خبر آرد بدین چغدان ز شاه
آئے گر اک باز شاہی راہ سے ۔ الوؤن کو سو خبر دے شاہ سے

شرح دار الملک و باغستان و جو ۔ پس برو افسون دارد هر عدو
شرح دار الملک باغون کی کرے ۔ اُسکو دیوانہ ہر اک اُلو کہے

که چه باز آورد افسانه کهن ۔ کز گزاف و لاف میباف سخن
پھر تو کیا لایا ہے یہ قصے کہن ۔ کہ کرے ہے جھوٹے دعوے کی سخن

کهنه ایشانند و پوسیده ابد ۔ ورنه آن دم کهنه را نو میکند
وہ[۳] ہین کہنہ اور بوسیدہ سدا ۔ ورنہ وہ دم کردے کہنہ کو نیا

غرقه

۱ خان و مان الخ یہ شعر بلکہ خان و مان کے تعلق کے سبب سے وہ سب تلخ جانتے ہین یہ کہنا آگے اسکی مثال ہے خر کے زخم پر پھاہا سخت چپکے جو اُسے نوچے تو ٹکڑے ٹکڑے ہووے خر بیشک دولتی پھینکے درد سے جو اُس سے بھاگے وہ مرد بہتر ہے یعنی جو شخص تعلقات خان و مان سے بھاگا وہ بیشک مرد ہے بقول خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ ؎ غلام ہمت آنم کہ زیر چرخ کبود ✤ ز ہر چہ رنگ تعلق پذیرد آزاد است ✤ باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۲ خاص الخ یہ شعر خاص کر سو زخم اور پھاہا ہر جگہ ہو اور پیپ سے زخم پر چپکا ہوا ہو پس خان و مان پھاہا و حرص ایک زخم ہے اُسکے زخم زیادہ ہوں کہ جو حرص زیادہ رکھے الو کا خان و مان ویرانہ ہے کب اوصاف بغداد و طبس کا سُنے یعنی اہل دنیا کا خان و مان ویرانہ دنیا ہے اگر ایک باز شاہی راہ سے آئے اور الوؤن کو سو خبر شاہ سے دے اور شرح دار الملک و باغون کی کرے اُسکو ہر ایک الو دیوانہ کہے پھر تو یہ قصہ پرانا کیا لایا ہے کہ جھوٹے دعوے کی باتین کرتا ہے یعنی اہل دنیا الو ہین اور باز شاہی اولیاء اللہ ہین اگر اولیاء اللہ اہل دنیا مین آکر گلزار معنی دار الملک کی باتین کرین تو سب انکو دیوانہ کہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۳ وہ ہین الخ یہ شعر کہنہ اور پوشیدہ سدا ہین ورنہ وہ دم کہنہ کو نیا کر دے وہ کہنہ مردون کو ایک جان دے عقل کو تاج اور نور کو ایمان دے تو مت چرا دل و بر جان بخش سے یعنی مرشد سے کہ تجھکو سوار کرے رخش پر سر مت چرا تاج بخش جاہ سے کہ سو گرہ پائے دل سے کھول دے کس سے کہا کہ نہین کون کون زندہ ہوا اور آب حیوانی کا کون خواہندہ ہے ایک خواری مین تو عشق سے بھاگے نہ جانے کہ عشق کو سو نخوت اور سو ناز سے عشق حاصل ہوتا ہے سو ناز سے عشق با وفا ہے وہ با وفا چاہتا ہے اور بیوفا کی طرف نہین دیکھتا ہے یعنی تو مرشد کامل کی طرف رجوع کر کہ وہ کہنہ باتونکو نیا کر دے اور کہنہ مردونکو زندگی بخشے بس تو عشق حاصل کر کہ تجھکو وہ زندہ کرے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

مردگان کہنہ را جان میدہد — تاج عقل و نور ایمان میدہد
دل مدہ از دلربای روح بخش — کہ سوارت میکند بر پشت رخش
سر مدزد از سرفراز تاجدہ — کو ز پای دل کشاید صد گرہ
با کہ گویم در ہمہ دہ زندہ کو — سوی آب زندگی پویندہ کو
تو بیک خواری گریزانی ز عشق — تو بجز نامی چہ میدانی ز عشق
عشق را صد ناز و استکبار ہست — عشق با صد ناز می آید بدست
عشق چون وافیست وافی میخرد — در حریف بیوفائی ننگرد
چون درخت ست آدمی و بیخ عہد — بیخ را تیمار می باید بجہد
عہد فاسد بیخ پوسیدہ بود — ز ثمار و لطف ببریدہ بود
شاخ و برگ نخل اگرچہ سبز بود — با فساد بیخ سبزی نیست سود
ور ندارد برگ سبز و بیخ ہست — عاقبت بیرون کند صد برگ دست
تو مشو غرہ بعلمش عہد جو — علم چون قشر ست عہدش مغز او

کہنہ مردونکو وہ بس اک جان دے — تاج عقل اور نور کو ایمان دے
مت چرا دل دلبر جان بخش سے — کہ کرے اسوار تجھکو رخش پے
مت چرا سر تاج بخش جاہ سے — گر گرہ سو پا دل سے کھول دے
گانو مین کس سے کہون زندہ ہی کون — آب حیوانی کا خواہندہ ہی کون
ایک خواری مین تو بھاگے عشق سے — تو بجز نام اک نجانے عشق سے
عشق کو سو نخوت اور سو ناز ہے — ہوتا حاصل عشق ہے سو ناز سے
باوفا ہے عشق چاہے باوفا — اور نہ دیکھے سوے یار بیوفا
جون[1] شجر ہی آدمی اور جڑ ہے عہد — کر حفاظت مین تو جڑ کی بس جہد
عہد فاسق جڑ ہے بوسیدہ سدا — اور ثمر سے لطف کے ہووے جدا
شاخ و پتے تھے اگرچہ سبز و تر — پر فساد جڑ سے سبزی بے ثمر
گر نہ رکھے پتے ہر جڑ سبز ہو — سیکڑون پتے اگین انجام کو
عہد ڈھونڈھ اسکا نخوش ہو علم پے — علم مثل پوست مغز اک عہد ہے

در بیان آنکہ مرد بدکار چون متمکن شود در بدکاری و اثر دولت نیکوکاران بہ بیند شیطان صفت حسد زند کہ خرمن سوختہ خرمن ہمہ را سوختہ خواہد

بیان مین اسکے کہ مرد بدکار جو بدکاری مین مستعد ہو نیک کارون کا اثر دولت دیکھکر شیطان کے مانند حسد کرے کہ خرمن جلا ہوا سب کا خرمن جلا چاہتا ہے

وافیان را چون ببینی کردہ سود — تو چو شیطانی شوی آنجا حسود
ہر کرا باشد مزاج و طبع سست — می نخواہد ہیچکس را تندرست
گر نخواہی رشک ابلیسی بیا — از در دعوی بدرگاہ وفا
چون وفایت نیست باری دم مزن — کاین سخن دعویست اغلب ما و من

دیکھے[2] جو اہل وفا کو اہل سود — مثل شیطان کے تو اس جا ہو حسود
جسکا ہو ناہی مزاج و طبع سست — وہ نہین چاہے کسی کو تندرست
گر نہ چاہے رشک ابلیسی تو آ — دعوی کرنے سے بدرگاہ وفا
جو وفا تجھکو نہین ہے دم نہ مار — یہ خودی ہے بات دعوی کی ہر بار

[1] جون شجر الخ یعنی آدمی شجر کے مانند ہے اور نیت جڑ ہے تو جڑ کی حفاظت مین جہد کر نیت فاسق جڑ بوسیدہ ہے سدا اور لطف ثمر سے ہووے جدا اگرچہ شاخ و برگ سبز و تر تھے ولیکن فساد جڑ سے سبزی بے ثمر ہے اگرچہ پتے نہ رکھین ولیکن جڑ سبز ہو کہ صدہا پتے اگین انجام کو اسکی نیت ڈھونڈھ علم پر خوش نہو کیونکہ علم پوست و نیت مغز ہے یعنی نیت اصل ہے اور آدمی شجر ہے پس شجر اصل سے تر و تازہ رہتا ہے اسی طرح نیت ڈھونڈھ اور عالم سے خوش نہو کہ علم پوست و نیت مغز ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

[2] دیکھے جو الخ شرح جو اہل وفا کو اہل حسود دیکھے شیطان کے مانند اس جا حسد لے جائے جسکا مزاج طبع سست ہوتا ہے وہ کسی کو تندرست نہین چاہتا ہے اگر تو رشک ابلیسی نہ چاہتا ہے تو آ دعوی کرنے سے دربار وفا مین اگر وفا تجھکو نہین ہے دم نہ مار کہ یہ بات خودی سے ہے دعوی کی بابت سینہ مین دخل مغز ہے اگر خاموش ہو مغز جان زیادہ رکھے یعنی تو دعوی مت کر اور دربار وفا مین آ اگر تجھکو وفا نہین ہے خاموش رہ کہ خاموشی مغز جان کو زیادہ کرتی ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

این سخن در سینه دخل مغزهاست ‫/‬ در خموشی مغز جان را صد نماست
چون در آمد در زبان شد خرج مغز ‫/‬ خرج کم کن تا بماند مغز نغز
مرد کم گوینده را فکر است زفت ‫/‬ قشر گفتن چون فزون شد مغز رفت
پوست افزون گشت لاغر گشت مغز ‫/‬ پوست لاغر شد چو مغز افزود نغز
بنگر این هر سه ز خامی رسته را ‫/‬ جوز را و لوز را و پسته را
هر که او عصیان کند شیطان بود ‫/‬ کو حسود دولت نیکان شود
چونکه در عهد خدا کردی وفا ‫/‬ از کرم عهدت نگهدارد خدا
از وفای حق تو بسته دیده ‫/‬ اذکروا اذکرکم نشنیده
گوش نه اوفوا بعهدی گوش دار ‫/‬ تا که اوف عهدکم آید ز یار
عهد و قرض ما چه باشد ای حزین ‫/‬ همچو دانه خشک کشتن در زمین
نی زمین را زان فروغ و لمتری ‫/‬ نی خداوند زمین را سروری
جز اشارت که ازین می بایدم ‫/‬ که تو دادی اصل این را از عدم
خوردم و دانه بیاوردم نشان ‫/‬ که ازین نعمت بسوی ما کشان
پس دعای خشک هل ای نیکبخت ‫/‬ که فشاند دانه می خواهد درخت
گر نداری دانه ایزد زان دعا ‫/‬ بخشدت نخلی که تخم ما سعی
چونکه مریم درد بودش دانه نی ‫/‬ سبز کرد آن نخل را صاحب فنی
زانکه وافی بود آن خاتون راد ‫/‬ بیمرادش داد یزدان صد مراد
آن جماعت را که وافی بوده‌اند ‫/‬ بر همه اصناف شان افزوده‌اند

بات یہ سینہ میں دخل مغز ہے ‫/‬ گر خموش ہو مغز جان افزون رکھے
جو زبان پر آئے ہووے خرج مغز[1] ‫/‬ خرج کم کر تا کہ ہووے مغز نغز
مرد کم گو کی زیادہ فکر ہے ‫/‬ مغز کم ہو پوست فانی جب بڑھے
پوست زیادہ ہووے لاغر ہووے مغز ‫/‬ پوست لاغر ہو تو مغز افزون ہو نغز
دیکھ تینوں کو چھٹے خامی سے جو ‫/‬ جوز کو پستہ کو بس اور لوز کو
جو گنہ کرتا ہے وہ شیطان ہے ‫/‬ کر حسد نیکوں کی دولت سے رکھے
عہد حق میں جو کری تو نے وفا ‫/‬ عہد کو تیرے نگہ رکھے خدا
تو وفای حق سے روگردان نہو[2] ‫/‬ اذکروا اذکرکم کو نے سنو
سن لے تو اوفوا بعہدی ہوشیار ‫/‬ تا کہ اوف عہدکم کو کہوے یار
عہد و قرض اپنا ہی کیا ہے غمگزین ‫/‬ خشک دانہ بونا جون بر زمین
نے زمین کو اس سے ہووے فربہی ‫/‬ نے خداوند زمین کو سروری
جز اشارہ کہ یہ ہمکو چاہیے ‫/‬ دی عدم سے اصل اسکی تو نے ہی
کھایا اور دانہ نشان کو لایا مین ‫/‬ کہ تو اس نعمت سے اب پہونچا ہمین
پس دعائے خشک چھوڑ ای نیکبخت ‫/‬ کہ تو دانہ بوئے اور چاہے درخت
گر نہو دانہ دعا سے وہ خدا ‫/‬ نخل دے تجھکو تخم سے ما سعی
درد مریم کو تھا اور دانہ نہ تھا[3] ‫/‬ نخل صاحب فن نے وہ پیدا کیا
باوفا تھی جو کہ خاتون راد ‫/‬ بیمراد اسکو دی حق نے سو مراد
اس جماعت کو کہ وہ ہیں باوفا ‫/‬ جملہ قوموں پر اُسے زیادہ کیا

[1] جو زبان پر الخ یہ شعر جو زبان پر آئے مغز خرچ ہووے پس تو خرچ کر تا کہ مغز نغز ہووے مرد کم گو کی فکر زیادہ ہے جبکہ پوست فانی بڑھے مغز کم ہو پوست زیادہ ہو تو مغز لاغر ہووے اور پوست لاغر ہو تو مغز زیادہ نغز ہووے آگے مثال ہے تینوں کو دیکھ کر خامی سے چھوٹے جوز کو پستہ کو اور لوز کو جو کوئی گناہ کرتا ہے وہ شیطان ہے کہ نیکوں کی دولت سے حسد کرتا ہے جو تو نے عہد حق میں وفا کری تیری عہد میں حق نگاہ رکھیگا یعنی جو تو قال بیان کرے مغز جان خرچ ہو پس تو خاموش رہ کہ مغز جان نغز ہووے پس تو عہد حق میں وفاداری کر آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

[2] تو وفای حق الخ یہ شعر تو وفائے حق سے روگردان ہوا اذکروا اذکرکم کو نہیں سنا تو نے ترجمہ کہ وفا کرو تم اپنے عہد میں تا کہ وفا کروں میں عہد تمہارے میں حق کے عہد و قرض اپنا کیا ہے جیسے خشک دانا بونا زمین میں نہ زمین کو اس سے فربہی ہووے اور نہ خداوند زمین کو سروری بجز اشارہ کے کہ یہ ہمکو چاہیے تو نے اصل اسکی عدم سے دی ہمکو کھایا اور دانہ نشان کو لایا میں تا کہ تو اس نعمت سے ہمکو پہونچا پس دعائے خشک چھوڑ کر تو دانہ بوے اور درخت چاہے اگر دانہ نہو دعا سے وہ خدا تجھکو نخل دے تخم ماسعی سے یعنی تو وفاداری حق سے روگردان مت ہو کہ جو تو ذکر حق کا کرے حق تیرا ذکر کرے تم اپنے عہد میں وفا کرو تا کہ وفا تمہارے عہد میں حق کرے پس ایفائے وعدہ ضرور ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

[3] درد مریم الخ یہ شعر مریم کو درد تھا اور دانہ نہ تھا صاحب فن نے وہ نخل پیدا کیا جو کہ خاتون راد باوفا تھی بیمراد حق نے سو مراد اسکو دی اس جماعت کو کہ وہ باوفا ہے اسکو جملہ قوموں پر زیادہ کیا جبکہ دریا انکے پیٹ کو بھرے صحن میدان کا کیوں نہیں راز ظاہر کرے بحر اور کوہ انکے مسخر ہو گئے اور چار عنصر انکے ہیں جو بخشش ایک نشان کے واسطے ہے تا کہ منکروں کو ظاہر دیکھے اور کرامت انکی پوشیدہ رہے نہ تماشوں میں و نہ بیان میں [illegible] ہووے نہ نفع نہ مسرت ہو ہمیشہ بلکہ وہ ترقی رکھے دمبدم وہ بخشنے والا صاحب کرم ہے آگے اسکے مناجات ہے فافہم ۱۲

گشت دریاها شکم پر از شان صحن میدانها تنید از رازشان
گشت دریاها مسخرشان و کوه چار عنصر نیز بندهٔ آن گروه
این خود اکرامیست از بهر نشان تا ببینند اهل انکار آن عیان
آن کرامتهای پنهانشان که آن در نیاید در حواس و در بیان
کار آن دارد خود آن باشد ابد دائما نی منقطع نی مسترد
بلکه باشد در ترقی دمبدم هست آن بخشنده بس صاحب کرم

جبکہ دریا پیٹ کو اُنکے بھرے صحن میدان راز نے ظاہر کری
بحر دکہ اُن کے مسخر ہوگئے چار عنصر انکے بندے بن گئے
یہ ہی بخشش اک نشان کے واسطے منکروں کو تاکہ بس ظاہر دکھے
اور کرامت انکی پوشیدہ نہان نے حواس میں وہ آئین نے بیان
کام وہ رکھیں کہ وہ ہووے سدا نے قطع نے مسترد ہو دائما
بلکہ وہ رکھے ترقی دمبدم بخشنے والا ہے وہ صاحب کرم

در مناجات گوید

ای دهنده قوت تمکین و ثبات خلق را زین بی ثباتی ده نجات
اندران کاری که ثابت بودنیست قایمی ده نفس را که منثنی ست
اندران کاری که دارد آن ثبات قایمی ده نفس را بخشش حیات
صبرشان بخش و کفهٔ میزان گران وا رهانشان از دم صورتگران
وز حسودی بازشان خر ای کریم تا نباشند از حسد دیو رجیم
در نعیم فانی و مال و جسد چون همی سوزند عامه از حسد
پادشاهان بین که لشکر میکشند از حسد خویشان خود را میکشند
عاشقان لعبتان پر قذر کرده قصد خون و جان یکدگر
ویس و رامین خسرو شیرین بخوان تا چه کردند از حسد آن گمرهان
پس فنا شد عاشق و معشوق نیز که نچیزند و هواشان هم نچیز
پاک اللهی که عدم بر هم زند مر عدم را بر عدم عاشق کند

مناجات میں کہتا ہے

اے تو دینے والے تمکین و ثبات خلق کو دے بے ثباتی سے نجات
جو ہیں ثابت کام دے ان میں قیام نفس کو کہ مبتلا ہے اس میں تمام
کام کے اندر کہ رکھے وہ ثبات نفس کو دے تو قیام اور دے حیات
صبر دے میزان کا پلہ کر گران عشق سے صورت چھڑا انکو یہان
اور بچا انکو حسودی سے کریم تا حسد سے وہ نہو دیو رجیم
نعمت فانی و مال و جسم میں جسطرح جلتے حسد سے عام ہیں
دیکھ شاہوں کو کریں لشکر کشی اور حسد سے ماریں اپنوں کو سبھی
پر نجس صورت کے عاشق نے کیا قصد خون اور قصد جان ہر یک کا
ویس و رامین شیرین خسرو پڑھ ذرا تا حسد سے گمرہوں نے کیا کیا
عاشق و معشوق بھی فانی ہوئے نے وہ شے اور نے ہوا انکی ہی شے
جو عدم کی ابتری خالق کرے وہ عدم پر اک عدم عاشق کرے

سلہ اے تو الخ ۔ شعر ۔ اے خداوند تو دینے والا تمکین و ثبات کا ہے خلق کو بے ثباتی سے نجات دے جو کہ ثابت کام ہیں انمیں قیام دے نفس کو کہ وہ ہمین مبتلا ہے بالکل اس کام میں کہ وہ ثبات رکھے تو نفس کو قیام و حیات دے یہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ صبر دے الخ ۔ شعر ۔ صبر دے اور میزان کا پلہ بھاری کر اور انکو عشق صورت سے چھڑا اور انکو حسودی سے بچا تاکہ حسد سے وہ دیو رجیم نہوں نعمت فانی و مال و جسم میں جس طرح تمام عامۂ خلق حسد سے جلتے ہیں شاہوں کو دیکھ کہ لشکر کشی کرتے ہیں اور حسد سے عزیزوں کو مارتے ہیں صورت پرنجس کے عاشق نے کیا قصد خون و قصد جان ہر ایک کا آگے اسکی مثال ہے ویس و رامین و شیرین خسرو ذرا پڑھ تا حسد سے گمرہوں نے کیا کیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سکہ عاشق و معشوق الخ ۔ شعر ۔ عاشق و معشوق بھی فانی ہوئے نہ وہ شے ہے اور نہ خواہش انکی شے ہے جو خالق عدم کی ابتری کرے عدم پر ایک عدم عاشق کرے عاشق کے دل میں حسد پیدا کرے نیست و ہست کو مضطر رکھے آگے مثال ہے عورتیں کہ سب سے مشفق ترین ہیں دونوں سوتین خود کو حسد سے کھاتی ہیں تاکہ ایسے درد کو دل رنگین رکھیں بس حسد سے کوئی درجہ میں ہیں اگر شرع حکم لطیف ذکر تی ہر ایک شخص جسم حریف کو چھانٹتا یعنی اے خدا عاشقوں کو عشق صورت سے چھڑا کہ عشق و معشوق دونوں فانی سب بیفائدہ ہے پس سب عاشق مجازی حسد سے آپس میں لڑکے مرجاتے اگر حکم شرع کا جاری نہوتا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

در دل بیدل حسدہا سر کند ، نیست را و ہست را مضطر کند

این زنانے کز ہمہ مشفق تراند ، از حسد وضرہ خود را می خورند

تا کہ مردانی کہ خود سنگین دل اند ، از حسد اندر کدامین منزل اند

گر نہ کردی شرع افسونِ لطیف ، بر دریدی ہر کسے جسم حریف

شرع بہرِ دفع شر رائے زند ، دیو را در شیشۂ حجت کند

از گواہ و از یمین و از نکول ، تا بہ شیشہ در رود دیو فضول

مثل میزانے کہ خشنودی دو ضد ، جمع می آید یقین از ہزل و جد

شرع را چون ترازو دان یقین ، تا بدو خصمان رہند از مکر و کین

گر ترازو نبود آن خصم از جدال ، کے رہد از وہم حیف و احتیال

پس درین مردارِ زشت بے وفا ، این ہمہ رشک ست خصمی و جفا

پس در ان اقبال و دولت چون بود ، چون شود انسے و جنی در حسد

آن شیاطین خود حسود کہنہ اند ، یکزمان از رہزنی خالی نیند

وان بنی آدم کہ عصیان گشتہ اند ، از حسودی نیز شیطان گشتہ اند

از نبی برخوان کہ شیطانان انس ، گشتہ اند از مسخ حق با دیو جنس

دیو چون عاجز شود از افتتان ، استعانت جوید او از انسیان

کہ شما یارید با ما یاریے ، جانب ما ئید جانب داریے

گر کسے راہِ زنند اندر جہان ، ہر دو گون شیطان بر آید شادمان

ور کسی جان برد و شد در دین بلند ، نوحہ میدارند آن دو رشک مند

ہر دو میخائید دندانِ حسد ، بر کسی کہ داد ادیب او را خرد

دل میں عاشق کے حسد پیدا کرے ، نیست کو اور ہست کو مضطر کرے

عورتیں کہ سب سے مشفق تر ہیں وہ ، کھاتی ہیں وہ سوتیں حسد سے آپ کو

تا کہ مرد ایسے کہ سنگیں دل رکھیں ، بس حسد سے کون سے درجہ میں ہیں

گر نکرتی شرع کی افسون لطیف ، پھاڑ تا ہر ایک خود جسم حریف

شرع[ا] رفع شر کی خاطر رائے دے ، دیو کو شیشہ میں حجت کی کرے

بس قسم سے اور گواہ تردید سے ، دیو تا شیشہ کے اندر بس پھنسے

مثل میزان کہ دو ضد کی خوشی ، نیک و بد سے جمع کرتی ہے اخی

شرع کو مثل ترازو جان لے ، تا کہ دشمن چھوٹیں کین و مکر سے

گر نہ میزان ہو وے دشمن جنگ سے ، کب کرو دل وہموں سے چھٹے

درمیان اس بے وفا مردار کے ، سب یہ رشک و دشمنی و ظلم ہے

ہو وے کیونکر دولت اس اقبال میں ، جو حسد انسان و شیطان رکھیں

وہ[۲] شیاطین خود حسودِ کہنہ ہیں ، رہزنی سے ایکدم خالی نہیں

وہ بنی آدم کہ عاصی ہو گئے ، بھی حسودی سے وہ شیطان بن گئے

پڑھیے قرآن سے کہ وہ شیطان انس ، مسخ حق سے ہو گئے دیووں کی جنس

دیو مکاری سے عاجز جب کہ ہے ، استعانت چاہے بس انسان سے وہ

تم ہمارے یار ہو یاری کرو ، اور ہو حامی مددگاری کرو

گر کسی کو دھوکا دیں اندر جہان ، دونوں شیطان اس میں ہوں شادمان

گر کوئی ہو جاوے جانبر دین میں ، دونوں اہل رشک وہ نالہ کریں

دانت پیسیں دونوں وہ اہل حسد ، اس پہ جسکو دے ادیب عقل و خرد

[ا] شرع الخ۔ شرع دفع شر کی خاطر شرع رائے دے اور دیو کو شیشہ میں حجت کے کرے بس قسم و گواہ تردید سے تا دیو شیشہ کے اندر پھنسے میزان کی مانند کہ دو ضد کی خوشی نیک و بد سے جمع کرتی ہے شرع کو میزان کے مانند جان لے تا کہ دشمن مکر و کینہ سے چھوٹیں اگر میزان نہو وہ دشمن جنگ و مکر دن وہموں سے کب چھٹے درمیان اس دنیا بے وفا مردار کے یہ سب رشک و دشمنی و ظلم ہے کیونکر دولت اس اقبال کی ہووے جو حسد انسان و شیطان رکھیں یعنی شریعت مثل میزان کے ہے کہ نیک و بد کو جمع کرتی ہے کہ تا دشمن مکر و کینہ سے چھٹے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] وہ شیاطین الخ۔ شعر وہ شیاطین خود حسود کہنہ ہیں اور ایک دم رہزنی سے خالی نہیں ہیں وہ بنی آدم کہ عاصی ہو گئے اور بھی حسودی سے وہ شیطان بن گئے قرآن سے پڑھو کہ وہ شیطان انس حق سے مسخ ہو گئے دیووں کی جنس جب کہ دیو مکاری سے عاجز ہو انسان سے وہ استعانت چاہے کہ تم ہماری یاری کرو اور حامی ہو کر مددگاری کرو اگر کسی کو جہان میں دھوکا دیں دونوں شیطان اس میں خوش ہوں اگر کوئی دین میں جانبر ہو جاوے وہ دونوں اہل رشک نالہ کریں وہ دونوں اہل حسد دانت پیسیں اس پر کہ جس کو ادیب عقل و خرد دے یعنے حسد کے سبب سے انسان شیطان ہو گئے کہ جب شیطان عاجز ہوتا ہے تو اس انسان سے مدد چاہتا ہے آگے اس مدعی پوت کا بیان ہے فافہم ۱۲

سوال کردن شاہ از مدعی پیغمبری کہ چہ وحی بتو آمدہ

شاہ پرسیدش کہ باری وحی چیست ‖ یا چہ حاصل دارد آنکس کو نبی ست

یا چہ بخشد مر کسے را در سخن ‖ غیر این نصح زبان کن یا مکن

چیست نفع از خدمتش وز صحبتش ‖ وانکہ تابع گشت چہ بود رتبتش

گفت آن خود چیست کو حاصل نشد ‖ یا چہ دولت ماند کو واصل نشد

گیرم این وحی نبی گنجور نیست ‖ ہم کم از وحی دل زنبور نیست

چونکہ اوحی الرب الی النحل آمدہ است ‖ خانۂ وحیش پر از حلوا شدہ است

او بنور وحی حق عز و جل ‖ کرد عالم را پر از شمع و عسل

اینکہ کرمناست بالا میرود ‖ وحیش از زنبور کے کمتر بود

نے تو اعطیناک کوثر خواندۂ ‖ پس چرا خشکی و تشنہ ماندۂ

یا مگر فرعونی و کوثر چو نیل ‖ بر تو خون گشتست و ناخوش اے علیل

توبہ کن بیزار شو از ہر عدو ‖ کو ندارد آب کوثر را گلو

ہر کرا دیدی ز کوثر سرخ رو ‖ او محمد خوست با او گیر خو

تا احب اللہ آئی در حسیب ‖ کز درخت احمدی با اوست سیب

ہر کرا دیدی ز کوثر خشک لب ‖ دشمنش میدار ہمچو مرگ و تب

زانکہ او بوجہل شد یا بولہب ‖ دور شو زو تا نیفتی در کرب

پوچھنا بادشاہ کا اُس مدعی نبوت سے کہ کیا وحی تجھکو آئی ہے

شہ[۱] نے پوچھا تجھکو وحی کس جا سے ہے ‖ یا ہے کیا حاصل نبی جو کر بنے

یا وہ کیا دیتا ہے اندر قال کے ‖ جز نصیحت کے کرے یا نہ کرے

نفع کیا خدمت و صحبت اُسکی ہے ‖ جو ہو تابع اُسکو کیا رتبہ ملے

بولا وہ خود کیا ہے جو حاصل نہین ‖ یا وہ کیا دولت ہے جو واصل نہین

مانا یہ نے وحی پیغمبر کی سیما ہے ‖ بھی نہ کم ہے وحی دل زنبور سے

چونکہ اوحی ربّ الی النحل آیا ہے ‖ اسکے وحی کا خانہ حلوا رکھتا ہے

ترجمہ وحی کی رب نے طرف مکھیون کے ۱۲

نور[۲] وحی حق سے اُسنے بے خلل ‖ کر دیا عالم کو پر شمع و عسل

یہ کہ کرمنا ہے جاے صدر کو ‖ اُسکی وحی زنبور سے کمتر نہو

تو نے اعطیناک کوثر نے پڑھا ‖ کس لیے خشکی مین تو تشنہ رہا

یا تو ہے فرعون و کوثر مثل نیل ‖ کہ ہوا ہے خون تجھپر اے علیل

توبہ[۳] کر بیزار ہر دشمن سے ہو ‖ کہ نہین کوثر کو پی سکتا ہے وہ

سُرخرو کوثر سے دیکھے جسکو تو ‖ وہ محمد خو ہے لے تو اس سے خو

تا احب اللہ تو گنتی مین ہو ‖ لے درخت احمدی سے سیب کو

دوست اللہ کا ہو

جسکو کوثر سے تو دیکھے خشک لب ‖ دشمن اُسکو رکھ مثال مرگ و تپ

وہ ہوا بوجہل ہے یا بولہب ‖ بھاگ تو اُس سے نہو تجھکو کرب

۱ہ شہ نے الخ ۱ شعر شاہ نے پوچھا کہ تجھکو وحی کس جا سے ہے یا کیا حاصل ہے جو کہ نبی بنتا ہے یا وہ اندر قال کے کیا دیتا ہے سوائے نصیحت کے کرے یا نہ کرے کیا نفع ہے صحبت و خدمت اُسکی سے اور جو تابع ہو اُسکو کیا رتبہ ملے اُسنے کہا کہ خود کیا ہے جو حاصل نہین اور وہ کیا دولت ہے جو واصل نہین مانا کہ یہ وحی پیغمبر کی نہین ہے مگر وحی دل زنبور سے کم بھی نہین ہے کہ جو قرآن مین آیا ہے ترجمہ وحی کی رب نے طرف مکھیون کے اُسکی وحی کا خانہ حلوا رکھتا ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

۲ہ نور وحی الخ ۲ شعر نور وحی حق سے اُسنے بے خلل عالم کو پر شمع و عسل کر دیا انسان کہ کرمنا ہے اور صدر کو جاتا ہے اُسکی وحی زنبور سے کمتر نہو تو نے اعطیناک الکوثر نہین پڑھا تو خشکی مین کس لیے تشنہ رہا تو فرعون ہے و کوثر مثل نیل کے ہے کہ تجھپر خون ہوا ہے آب اسکا یعنی جو انسان کو حاصل ہے وہ وحی سے کیا کم ہے اگرچہ مثل وحی نبی کے نہین ہے مگر وحی زنبور سے کم نہین ہے کہ وحی زنبور عالم کو پر شمع و شہد کرتی ہے قال انسان کا نور معرفت سے کیا دل عالم کو روشن نہ کریگا پس جو کچھ انسان مین ہے وہ سب وحی سے ہے مگر معرفت اسکی چاہیے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

۳ہ توبہ کر الخ ۶ شعر توبہ کر اور بیزار ہر ایک دشمن سے ہو کہ وہ کوثر کو نہین پی سکتا ہے جسکو تو کوثر سے سرخرو دیکھے وہ محمد خو ہے تو اُس سے خو لے تا دوست اللہ کا تو گنتی مین ہو درخت احمدی سے سیب کو لے اور جسکو تو کوثر سے خشک لب دیکھے اُسکو تو دشمن رکھ مانند مرگ و تپ کے وہ بوجہل یا بولہب ہوا تو اُس سے بھاگ کہ تجھکو کرب نہو اگرچہ تیرے ماں یا باپ ہین مگر حقیقت مین تیرے خون کے پیاسے ہین یعنی تو توبہ کر اور دشمن سے بیزار ہو کہ کوثر یعنی معرفت الٰہی سے آگاہ ہو کہ دوست اللہ کا تو کہلایا جاوے اور جو معرفت سے بے بہرہ ہو وہ حقیقت مین دشمن تیرا ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

گرچہ بابای تو ہست و مام تو — او حقیقت ہست خون آشام تو
از خلیل حق بیاموز اے پسر — کہ شد او بیزار اول از پدر
تا کہ ابغض للہ آئے پیش حق — تا نگیرد بر تو رشک عشق دق
تا نخوانی لا و الا اللہ را — در نیابی منہج این راہ را

گرچہ تیری ماں ہی یا کہ باپ ہے — خون کے پیاسے حقیقت مین ترے
تو خلیل اللہ[1] سے اب سیکھ لے — وہ ہوا بیزار پہلے باپ سے
تا تو ابغض للہ آئے پیش حق — تا نہ پکڑے تجھسے رشک عشق دق
نے پڑھے تا لا و الا اللہ کو — نے تو پائے اس طریق راہ کو

حکایت آن عاشق کہ با معشوق خدمتہا و وفاہاے خود را مے شمرد و شب ہاے دراز تتجافی جنوبہم عن المضاجع و بینوائی خود را شرح میداد کہ من جز این خدمت ندانم اگر خدمتے دیگر ست بگو

حکایت اُس عاشق کی کہ آگے معشوق اپنے کے خدمتین و وفاداری و شب بیداری اپنی کو گنتا تھا تتجافی جنوبہم عن المضاجع اور مفلسی اپنی کی شرح کرتا تھا کہ مین سوا اس خدمت کے نہین جانتا اگر دوسری خدمت ہی تو کہو

آن یکے عاشق بہ پیش یار خود — می شمرد از خدمت و از کار خود
کز برائے تو چنین کردم چنان — تیرہا خوردم درین رزم و سنان
مال رفت و زور رفت و نام رفت — بر من از عشقت بسے ناکام رفت
ہیچ صبحم خفتہ یا خندان نیافت — ہیچ شامم با سر و سامان نیافت
آنچہ او نوشیدہ بود از تلخ و درد — در حضور او یکایک می شمرد
نز برائے منتی بل مے نمود — بر درستی محبت صد شہود
عاقلان را یک اشارت بس بود — عاشقان را تشنگی زان کے رود
می کند تکرار گفتن بے ملال — کی ز اشارت بس کنند حوت از زلال
صد سخن میگفت زان درد کہن — در شکایت کر نہ گفتم یک سخن

ایک عاشق[2] آگے اپنے یار کے — خدمتون سے گنتا اور وہ کام سے
مین نے سب کچھ کیا تیرے لیے — تیر و بھالین جنگ مین کھائین دلے
زور و زر اور نام و ننگ آخر گیا — عشق مین تیرے مین نا مقصد رہا
صبح مجھکو نے کوئی خندان ملی — اور نہ کوئی شام با سامان ملی
کھایا[3] جو کچھ اُسنے تلخ و درد سے — گنتا اک اک تھا وہ اُسکے سامنے
نے وہ احسان کے لیے بلکہ کیا — سو درستی محبت پر گوا
عاقلونکو اک اشارہ بس کرے — تشنگی عاشق کی کب اُس سے بجھے
باتین کرتا ہے مکرر بے ملال — چھوڑے کب مچھلی اشارہ سے زلال
بات سو کرتا تھا کہنہ درد سے — نے شکایت مین کری اک بات ہے

[1] تو خلیل اللہ سے الخ ۱۳ شعر تو خلیل اللہ سے اب سیکھ لے کہ وہ اول بیزار ہوا ہے باپ سے تاکہ تو ابغض اللہ آئے آگے حق کے تاب تجھسے اہل رشک عشق رنجیدہ نہووے جبتک نہ پڑھے لا و الا اللہ کو تو نہ پائے اسی طریقہ و راہ یعنی جب تک تو خود کو نفی نہ کریگا اثبات تجھکو حاصل نہو گا آگے اسکی مثال مین حکایت عاشق کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] عاشق الخ ۴ شعر ایک عاشق اپنے یار کے آگے خدمتون اور کام سے گنتا تھا کہ مین نے یہ سب تیرے واسطے کیا کہ تیر و بھالے جنگ مین کھائین زور و زر اور نام و ننگ سب آخر گیا عشق مین تیرے مین نا مقصد رہا نہ صبح خندان کوئی مجھکو ملی اور نہ شام باسامان ملی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [3] کھایا الخ ۵ شعر و کچھ اُسنے کھایا تلخ و درد سے وہ ایک ایک گنتا تھا اُس کے روبرو وہ احسان کے لیے نہین بلکہ سو درستی محبت پر گواہ کیا عاقلون کو ایک اشارہ بس کرے اور عاشقون کی تشنگی اُس سے کب بجھے آگے مثال ہے باتین کرتا ہے مکرر بے ملال مچھلی کب چھوڑے اشارہ سے آب زلال کو سو باتین کرتا تھا درد کہنہ سے وہ شکایت مین نہین کرتا ایک بات بھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

آتشی بودش ندانست چیست　　لیک چون شمع از تف او میگریست
بعد گریہ گفت اینہا رفت لیک　　این زمان ارشاد کن تو یار نیک
ہر چہ فرمائی بجان استادہ ام　　بر خط تو پا و سر بنہادہ ام
گر در آتش رفت باید چون خلیل　　ور چو یحیی می کنی خونم سبیل
ور ز گریہ چون شعیب اعمی شوم　　ور چو یونس در شکم ماہی شوم
ور چو یوسف چاہ و زندانم کنی　　ور ز فقرم عیسی مریم کنی
سر نگردانم نگردم از تو من　　بہر فرمان تو دارم جان و تن
گفت معشوق اینہمہ کردی و لیک　　گوش بگشا پہن اندر باب نیک
کانچہ اصل اصل عشقست و ولاست　　آن نکردی اینچہ کردی فرعہاست
گفت آن عاشق بگو آن اصل چیست　　گفت اصلش مردنست و نیستیست
این ہمہ کردی نمردی زندہ　　ہان بمیر ار یار جان بازندہ
گر بمیری زندگی یابی تمام　　نام نیکوئی تو ماند تا قیام
چون شنود آن عاشق بیخویشتن　　آہ سردی برکشید از جان و تن
ہمدر آندم شد دراز و جان بداد　　ہمچو گل درباخت سر خندان و شاد
ماند او خندہ برو وقف ابد　　ہمچو جان پاک احمد با احد
نور مہ آلودہ کے گردد ابد　　گر زند آن نور بر ہر نیک و بد
او ز جملہ پاک وا گردد بماہ　　ہمچو نور عقل و جان سوی الہ

آتشی[سلہ] تھا وہ نجانے تھا ہے کیا　　مثل شمع سوز سے روتا وہ تھا
بعد گریہ بولا یہ گذرا ولیک　　اب تو بتلا مجھکو کچھ ای یار نیک
جو کہے تو مستعد ہوں جان سے　　میں سر و پا رکھتا ہوں خط پر ترے
گر تو ڈالے آگ میں مثل خلیل　　گر کرے جون یحیی خون میرا سبیل
جون شعیب اندھا میں گریہ سے بنوں　　مثل یونس شکم ماہی میں رہوں
مثل یوسف چاہ میں گر تو رکھے　　فقر سے گر عیسی مریم کرے
منھ نہ پھیروں اور نہیں تجھسے پھروں　　حکم میں میں جان و تن سے تیرے ہوں
یار[سٹہ] بولا یہ کیا سب کچھ ولیک　　کان کھول اور سن تو اسکو نیک نیک
جو کہ اصل اصل عشق اور ہے ولا　　نے کیا وہ شاخ اک ہے جو کیا
بولا عاشق کہ تو وہ کیا اصل ہے　　بولا اصل اسکی ہے مرنا آپ سے
یہ کیا سب تو نے زندہ ہی و لے　　ہاں تو مر کر عاشق جانباز ہے
گر مرے تو زندگی پائے سدا　　نام نیکی رہوے تا روز جزا
جو سنا[سٹہ] اُس عاشق بے خویش نے　　آہ کھینچی سرد جان و جسم سے
پس اسی دم لیٹا وہ اور جان دی　　مثل گل کے چل دیا خندان خوشی
آپ وہ خندان رہا وقف ابد　　جیسے جان پاک احمد با احد
نور مہ آلودہ کب دائم رہے　　نور وہ ہر نیک و بد پر گر پڑے
پاک سب سے لوٹ جائے سوے ماہ　　جیسے نور عقل و جان سوے الہ

سلہ آتشی تھا الخ، شعر وہ آتشی تھا اور نہ جانتا تھا کیا ہے مثل شمع کے سوز سے روتا تھا بعد گریہ کے کہا کہ یہ گذرا ولیکن اب تو بتلا مجھکو اے یار نیک جو تو کہے میں مستعد ہوں جان سے میں سر و پا خط پر تیرے رکھتا ہوں اگر تو آگ میں ڈالے خلیل کی مانند اور اگر کرے یحیی کی مانند میرا خون سبیل شعیب کی مانند اندھا میں گریہ سے ہوں اور یونس کی مانند شکم ماہی میں رہوں اگر یوسف کی مانند تو چاہ میں رکھے اور اگر فقر سے مانند عیسے مریم کرے منھ نہ پھیروں اور نہ تجھسے پھروں میں تیرے حکم میں جان و دل سے ہوں آگے جواب یار کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سٹہ یار بولا الخ، شعر یار نے کہا کہ یہ سب کچھ کیا ولیکن کان کھول اور اُسکو سُن تو نیک نیک جو کہ اصل کی اصل عشق و ولا ہے نہ کیا اور جو کیا وہ ایک شاخ ہے عاشق نے کہا کہ تو کہہ کہ وہ کیا اصل ہے کہا کہ اصل اسکی مرنا آپ سے ہے یہ سب تو نے کیا ولیکن زندہ ہے ہاں تو مر اگر عاشق جانباز ہے اگر تو مرے حیات ابدی پاے اور نام نیکی کا رہے تا روز جزا یعنی اصل عشق کی خود سے مرنا ہے اور اگر زندہ ہے عاشق نہیں ہے پس تو خود سے مر کہ حیات ابدی پاے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سٹہ جو سنا الخ، شعر جو اُس عاشق بے خویش نے سُنا آہ سرد کھینچی جان و جسم سے پس اُسی دم لیٹا اور جان دی اور گل کی مانند خوش و خندان چل دیا وہ خندان ہمیشہ رہا وقف سدا جیسے جان جان پاک احمد احد سے آگے اسکی مثال ہے کب نور ماہ آلودہ ہمیشہ رہے اگر وہ نور ہر نیک و بد پر پڑے سب سے پاک لوٹ جائے طرف ماہ کے جیسے نور عقل و جان کا طرف اللہ کے وصف پاکی نور ماہ یہ وصف ہے اگر تاب اسکی نجاست پر پڑے نہ نجاست سے وہ کچھ آلودہ ہوا اور نہ برائی کچھ نور کو حاصل ہو یعنی روح اگرچہ جسم کثیف میں آلودہ رہتی ہے ہنگام مرگ کے پاس پاک اپنی اصل کو لوٹ جاتی ہے اور کچھ برائی جسم کی اُسمیں اثر نہیں کرتی ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

وصف پاکی وقف بر نور رہ است / تابشش گر بر نجاسات رہ است
زان نجاسات رہ و آلودگی / نور را حاصل نگردد بدرگی
ارجعی بشنید نور آفتاب / سوی اصل خویش باز آمد شتاب
نی ز گلخنہا برو ننگی بماند / نی ز گلشنہا برو رنگی بماند
نور دیدہ سوی دیدہ بازگشت / ماند در سودای او صحرا و دشت
چونکہ زین ویرانہ نورش بازگشت / ماند در صحرای دیدہ بازگشت

وصف پاکی نور پر وقف ہے / تاب اسکی گر نجاست پر پڑے
نے نجاست سے کچھ آلودہ ہو / نے برائی ہووے حاصل نور کو
نور خور نے ارجعی کو جو سنا[1] / اصل کو اپنی وہ جلدی سے پھرا
نے رہا گلخن سے اسپر کوئی ننگ / نے رہا گلشن سے اسپر کوئی رنگ
نور دیدہ جانب دیدہ پھرا / دشت و صحرا اسکے سودا مین رہا
جو کہ اس صحرا سے نور اسکا پھرا / آنا جانا دشت دیدہ مین رہا

یکی از عالمی پرسید کہ اگر کسی در نماز بگرید نمازش باطل شود گفت نام آن آب دیدہ است تا نگرندہ چہ دیدہ است اگر شوق خدا یافتہ یا از پشیمانی گناہ گریہ نمازش باطل نشود بلکہ کمال یابد و اگر از رنجورے تن یا فراق فرزند گرید نمازش تباہ شود کہ لا صلوٰۃ الا بحضور القلب

ایک نے عالم عارف سے پوچھا کہ اگر کوئی نماز مین رووے یا آواز سے آہ کرے نماز اسکی باطل ہے کہا کہ نام اسکا آب دیدہ ہے رونیوالے نے کیا دیکھا ہے کہ روتا ہے اگر شوق خدا کا پایا گناہ سے پشیمان ہو کر رویا نماز اسکی باطل نہین بلکہ کامل ہے اور اگر تکلیف تن یا فراق فرزند سے رویا نماز اسکی تباہ ہوئی کہ لا صلوٰۃ الا بحضور القلب
نہین ہے نماز مگر ساتھ حضور قلب کے ۱۲

آن یکی پرسید از مفتی براز / گر کسی گرید بنوحہ در نماز
آن نماز او عجب باطل شود / یا نمازش جائز و کامل بود
گفت آب دیدہ نامش بہر چیست / بنگری تا او چہ دیدست و گریست
آب دیدہ تا چہ دیدہ است از نہان / تا چنین از چشمۂ خود شد روان

ایک نے مفتی سے پوچھا بس یہ راز[2] / اگر کوئی گریہ کرے اندر نماز
وہ نماز اسکی کہو باطل ہوئی / یا نماز اسکی روا کامل ہوئی
بولا آب دیدہ نام اسکا ہے جو / دیکھ تو کیا دیکھ کر روتا ہے وہ
دیکھا کیا ہے آب دیدہ نے نہاں[3] / اپنے چشمہ سے ہوا جو وہ روان

[1] نور خور نے الخ یہ شعر نور خورشید نے ارجعی کو سنا اپنی اصل کو وہ جلدی سے پھرا نہ گلخن سے اسپر کوئی تنگ رہا اور نہ گلشن سے اسپر کوئی رنگ رہا آگے اسکی مثال ہے نور دیدہ جانب دیدہ کے پھرا آنا جانا دشت دیدہ مین رہا یعنی جیسے نور نظر خانہ چشم سے ہر نجاست پر پڑتا ہے اور پھر پوشیدہ چشم مین جاتا ہے اسمین کچھ نجاست کا اثر نہین ہوتا ہے اسی طرح روح اولیا اپنی اصل کو آتی جاتی ہے اور جسم کثیف کا اسمین کچھ اثر باقی نہین رہتا ہے آگے اسکی مثال مین قصہ عارف کا بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲
[2] ایک نے الخ یہ شعر ایک نے مفتی سے پوچھا یہ راز کہ اگر کوئی گریہ کرے نماز مین کہو وہ نماز اسکی باطل ہوئی یا روا کامل ہوئی کہا کہ آب دیدہ جو اسکا نام ہے تو دیکھ کہ وہ کیا دیکھ کر روتا ہے یعنے اشک کا نام آب دیدہ ہے پس تو دیکھ کہ اس نے کیا دیکھ کر گریہ کیا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲
[3] دیکھا الخ یہ شعر آب دیدہ نے کیا پوشیدہ دیکھا ہے جو کہ اپنے چشمہ سے وہ روان ہوا ہے اگر شوق حق سے وہ گریہ و زاری کرے یا گناہ کی شرم سے اندر نماز کے یا کہ خوف سے گریہ خوب ہے یہ آب تیرا غالب ہے آتش پر اسکی نماز بیشک کامل ہو راہ حق مین قرب پائے لا محالہ اگر وہ پر نیاز واقف باطن ہے اسکے گریہ سے نماز رونق پائے اگر رنج تن و درد ہو سینگ سے ہو تنگ اور تا گاؤ جان لے اگر فغان و غم فرزند سے کرے کہ دل و جان در دنام سے رکھتا ہے وہ نماز اسکی جو کہ رونق نہین ہے کیونکہ وہ اغیار پر دل کو رکھتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گر ز شوق حق کند گریه در نماز — یا ندامت از گناهی در نیاز
یا ز خوف حق بود گریه خوش است — زانکه آن آب تو دفع آتش است
بیشکی گیرد نماز او کمال — قرب یابد در ره حق لا محال
آن جهان گردیده آن پر نیاز — رونقی یابد ز نوحه او نماز
ور ز رنج تن بود ور در سوگ — ریسمان بگسست هم بشکست دوک
در فغان از ماتم فرزند کرد — کر دل و جانش ز ماتم گرد درد
می نیرزد آن نماز او دو جو — زانکه با اغیار گردد دل گرو
پس نمازش بیشکی باطل شود — گریهٔ او نیز بی حاصل بود
زانکه ترک تن بود اصل نماز — ترک خویش و ترک فرزند آن نیاز
از خلیل آموز قربان کن ولد — تن بنه بر آتش نمرود رد
حاصل آنکه تا بدانی ای کیا — کز بکا فرق است بعید تا بکا

شوق حق سے گر کرے گریہ در نماز — یا گنہ کی شرم سے اندر نماز
یا کہ خوف حق سے گریہ خوب ہے — تا ہی غالب آب تیرا آگ پہ ہے
بیشک اسکی ہو نماز با کمال — قرب پائے راہ حق مین لا محال
واقف باطن ہے گروہ پر نماز — پائے رونق اسکے گریہ سے نماز
گر ہو رنج تن و درد و سوگ سے — ٹوٹا تکلا اور تاگا جان سے
گر فغان کی ماتم فرزند سے — کہ دل و جان گرد ماتم سے رکھے
وہ نماز اسکی نہ لائق جو کہ ہے — کیونکہ وہ اغیار پر دل کو رکھے
بے شبہ باطل ہے وہ اسکی نماز — گریہ بے حاصل ہے اسکا اور نیاز
کیونکہ ترک جسم ہے اصل نماز — ترک فرزند و یگانہ ہے نیاز
سیکھ قربانی پسر کی با خلیل — نار نمرودی سے کر تن کو ذلیل
الغرض تا کہ تو جانے مشفقا — فرق بعید ہے بکا سے تا بکا

مریدی در آمد بخدمت شیخ خود از این شیخ پیر و مسن نمیخواهم بلکه پیر عقل و معرفت اگرچه عیسی است در گهواره و مرید شیخ را گریان دید او نیز موافقت بگریست چون بدر آمد مریدی که از او واقف تر بود گفت گریهٔ شیخ پس از مجاهدات ست

ایک مرید اپنے شیخ کی خدمت مین آیا کہ اس شیخ سے پیر بوڑھا نہین چاہتا ہون بلکہ پیر عقل و معرفت اگرچہ عیسی ہے گہوارہ مین اور مریدنے شیخ کو روتا دیکھا تو خود بھی رونے لگا جو فارغ ہوا ایک مریدنے کہ اس سے واقف زیادہ تھا کہا کہ گریہ شیخ کا مجاہدات سے ہے

یک مریدی اندر آمد پیش پیر — پیر اندر گریه بود و در نفیر
اک مرید آیا جو آگے پیر کے — پیر گریہ مین تھا اس دم درد سے

سلہ بے شبہ الخ یعنی وہ نماز اسکی بے شبہ باطل ہے کہ گریہ اسکا بے حاصل ہے اور نیاز کیونکہ اصل نماز ترک جسم ہے اور ترک فرزند و یگانہ ہے نیاز قربانی پسر کی سیکھ خلیل اللہ سے اور نار نمرودی سے تن کو ذلیل کر الغرض تا کہ تو جانے فرق بعید بکا سے بکا تک ہے یعنے اگر نماز مین شوق حق یا شرم گناہ یا خوف حق سے گریہ کرے تو بیشک وہ نماز کامل ہوئی اور اگر رنج تن و درد و سوگ یا ماتم فرزند سے رویا وہ نماز بے شبہ باطل ہے کیونکہ اصل نماز ترک جسم ہے اور نیاز ترک فرزند و زن ہے پس اس رونے اور اس رونے مین فرق بعید ہے آگے پیر و مرید کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ اک مرید الخ یعنی جو ایک مرتبہ آگے پیر کے آیا اس دم پیر گریہ مین درد سے تھا جو کہ اسنے شیخ کو روتا دیکھا خود رونے و اشک بہانے لگا آگے مثال ہے اہل گوش ایک بار اور بہرا دو بار ہنسے جو وہ پوچھے یاروں سے یار اول بار از راہ تقلید کے جو دیکھتا ہے کہ ہر ایک ہنستا ہے بہرا بھی ہنستا ہے انکی مانند ولیکن ہنسنے والوں کا وہ حال نہین جانتا ہے پھر جو پوچھے کہ یہ تم کس واسطے ہنستے ہو بار دوم پھر ہنسے جو کہ سنے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

شیخ را چون دید گریان آن مرید
گشت گریان آب از چشمش دوید

گوش ور یکبار خنده کرد و یار
چونکه لاغ املا کند یاری بیار

یار اول از رہ تقلید سوم
که ہمی بیند که می خندند قوم

گر بخندد ہمچو ایشان آن زمان
بیخبر از حالت خندندگان

باز او پرسد که خنده بر چه بود
پس دوم کرت بخندد چون شنود

پس مقلد نیز مانند کر ست
اندران شادی که او را در سرست

پرتو شیخ آمد و منہل ز شیخ
قبض و شادی نے مریدان بل ز شیخ

پرتو شیخ ست و آن تعلیم شیخ
چون ببیند شادی از تائید شیخ

چون سبد در آب و توے بر زجاج
گر ز خود داند آن باشد لجاج

آبگینه ہم بداند از غروب
کان لمع بود از مہ تابان خوب

چون جدا گردد ز جو داند عنود
کاندرو آن آب خوش از جو بود

چونکه چشمش را گشاید امر قم
پس بخندد چون سحر بار دوم

خنده آید ہم بر آن خنده خودش
که بران تقلید بر می آمدش

گوید از چندین رہ دور و دراز
کاین حقیقت بود این اسرار و راز

من دران وادی چگونه خود ز دور
شادی میکردم از عمیا و سور

من چه می بستم خیال آن چه بود
درک سستم سست نقشے مینمود

طفل رہ را فکرت مردان کجاست
کو خیال او کو تحقیق راست

جو کہ روتا دیکھا اُسنے شیخ کو
خود لگا رونے بہانے اشک وہ

اہل گوش اکبار اور بہرا دو بار
بس ہنسے پوچھے جو وہ یاروں سے یار

یار اول از رہ تقلید کے
دیکھتا ہے جو ہنسے ہر ایک ہے

ہنستا ہی بہرا ابھی بس اُنکے مثال
بے خبر جانے ہنسنے والوں کا وہ حال

پھر جو پوچھے یہ ہنسے تم کس لیے
بار دوم پھر ہنسے جو کہ سنے

پس مقلد بھی ہے وہ جوں بہرا مگر
اس خوشی میں جو ہے اُسکی راہبر

پرتو شیخ آیا چشمہ شیخ سے
قبض و بسط اب شیخ طالب سے نہی

شیخ کا پرتو ہے وہ تقلید شیخ
دیکھے شادی باعث تائید شیخ

جسطرح نور آئینہ پر اور آب
ڈوکرہ میں خود سے جانے ہے حجاب

ماہ جب ڈوبے تو آئینہ دیکھے
کہ چمک اک تھی وہ نور ماہ سے

ڈوکرا بھی نہر سے نکلا دیکھے
کہ وہ آب اندر تھا اُسمیں نہر سے

امر حق سے جبکہ آنکھ اُسکی کھلے
صبح کے مانند دوبارہ ہنسے

اپنے ہنسنے پر اُسے آئی ہنسی
کہ اُسی تقلید پر وہ آئی تھی

کہوی بس وہ اتنی راہ دور سے
کہ حقیقت یہ ہی اور یہ بھید ہے

کس لیے میں دور سے اس دشت میں
اپنی کوری سے خوشی کرتا تھا میں

باندھتا میں کیا خیال اور تھا وہ کیا
درک ناقص نقش بد تھا دیکھتا

طفل کو اب فکر مردوں کی کہاں
کاں خیال اور آگہی اسکی کہاں

سلہ پس مقلد الخ ۶ شعر پس مقلد بھی مانند بہرے کے ہے اس خوشی سے جو اُسکی راہبر ہے پرتو شیخ چشمہ شیخ سے آیا قبض و بسط شیخ سے ہے طالب سے نہیں ہے وہ تقلید شیخ پرتو شیخ ہے کہ شادی دیکھے باعث تائید شیخ کے آگے اسکی مثال ہے جیسے نور آئینہ میں اور آب ڈوکری میں خود سے حجاب جانتا ہے جب ماہ ڈوبے تو آئینہ دیکھے کہ وہ ایک چمک تھی نور ماہ سے ڈوکرہ بھی نہر سے نکلے تو دیکھے کہ وہ آب اسمین نہر سے تھا یعنے قبض و بسط پرتو شیخ سے آیا ہے نہ طالب سے کہ طالب جب شیخ سے جدا ہوا اسکو بے لطف پایا پس یہ حال کھلا ہے آگے اسکے حقائق ہیں فافہم ۱۲

سلہ امر حق سے الخ ۵ شعر جبکہ خدا کے حکم سے آنکھ اُسکی کھلے مانند صبح کے دوبارہ ہنسے اُسے اپنی ہنسی پر ہنسی آئے کہ وہ اس تقلید پر آئی تھی وہ مقلد کہے کہ اتنی راہ دور سے کہ یہ حقیقت ہے اور یہ بھید ہے میں دور سے کس لیے اس دشت میں اپنی کوری سے خوشی کرتا تھا میں کیا خیال باندھتا تھا اور یہ کیا تھا درک ناقص اور نقش بد دیکھتا تھا یعنے مقلد کی جبکہ آنکھ کھلی تو اپنے ہنسنے پر اُسے ہنسی آئی کہ وہ ہنسی تقلید پر اُسے آئی تھی کہ میں کس خیال میں تھا اور اصل میں کیا ہے آگے اسکے حقائق ہیں فافہم ۱۲۔

سلہ طفل کو الخ ۲ شعر طفل کو اب فکر مردونکی کہاں ہے کہاں خیال اور یہ آگہی کہاں ہے طفل کی فکر مل میں کب اسیر ہو تاکہ اندیشہ اپنے دل میں مانند پیر کے کرے طفل کو فکر دایہ کی ہو یا شیر کی یا مویز کی و جوز کی ہو یا گریہ و نفیر کی وہ مقلد بھی مانند طفل علیل کے ہے اگرچہ بحث و دلیل باریک کرتا ہے اُن دلیل مشکل میں سوچنا بصیرت کو شست کرتا ہے سدا وہ پونچی کہ شرع اُسکے بعید کی تھی اپنے خیال مشکل میں عرفہ کی یعنی مقلد مانند طفل علیل کے ہے کہ دلیلوں میں سوچنا بصیرت کو شست کرتا ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

طفل را چه فکرت آید در ضمیر   تا چو اندیشه کند همچون که پیر
فکر طفلان دایه باشد یا که شیر   یا مویز و جوز یا گریه و نفیر
آن مقلد هست چون طفل علیل   گرچه دارد بحث باریک و دلیل
آن تعمق در دلیل و در شکیل   از بصیرت میکند او را گسیل
مایه کان سرمهٔ سر بصیرتست   برد و در اشکال گفتن کار بست
ای مقلد از بخارا باز گرد   رو بخواری تا شوی تو شیر مرد
تا بخارای دگر بینی درون   صفدران در محفلش لایفقهون
پیک اگرچه در زمین چابک تگ است   چون بدریا رفت بگسسته رگ است
او حملناهم فی البر است و بس   آنکه محمول است در بحر اوست کس
بخشش بسیار دارد شه [illegible]   ای شده در وهم و تصویری دو تو

طفل کب فکر ہو دل مین اسیر   تا کرے اندیشہ مانند پیر
طفل کو ہو فکر دایہ یا کہ شیر   یا مویز و جوز یا گریہ و نفیر
وہ مقلد بھی ہی جون طفل علیل   گرچہ کرتا بحث باریک و دلیل
ان دلیلون شکلون مین سوچنا   سست کرتا ہی بصیرت کو سدا
پونجی وہ کہ سرمہ بصیرت کی تھی   قال مشکل مین اسے بس صرف کی
ای مقلد پھر بخارا سے تو اب   جا تو خواری کیطرف اے بے ادب
تا بخارا دوسرا دیکھے درون   صفدر اسکی بزم مین لایفقہون
گرچہ قاصد ہے زمین پر تیز رو   جائے جو دریا مین آخر ہووے دو
وہ حملناہم ہے اک فی البر و بس   بحر مین محمول جو ہی وہ ہی کس
شاہ بخشش اپنے رکھے بس ہوا   تو ہوا او ہم و تصور مین دوتا

بقیہ حال مرید مقلد در گریہ

باقی حال مرید مقلد کا گریہ مین

آن مرید ساده از تقلید نیز   گریه می کرد وفق آن عزیز
او مقلد وار همچون مرد کر   گریه می دید و ز موجب بی خبر
چون بسی بگریست خدمت کرد و گفت   از پیش آمد مرید خاص تفت
گفت ای گریان چو ابر بی خبر   بر وفاق گریهٔ شیخ از نظر
الله الله ای وفی مرید   گرچه در تقلید هستی مستفید
تا نگوئی دیدم آن شه میگریست   من چو او بگریستم کاین منکریست
گریه کز جهل و تقلید است و ظن   نیست همچون گریهٔ آن موتمن
تو قیاس گریه بر گریه مساز   هست زین گریه بدان راه دراز

وہ مرید نا سمجھ تقلید سے   گریہ کرتا تھا موافق پیر کے
وہ مقلد مثل بہرے کے پسر   دیکھتا گریہ سبب سے بیخبر
پس بہت رویا قدم چوما کیا   بعدہ آیا مرید اک دوسرا
بولا گریان ابر سا تو بے خبر   شیخ کے گریہ سے از راہ نظر
اللہ اللہ اے مرید باوفا   گرچہ ہے تقلید مین تیرا بھلا
مت کہے کہ دیکھا مین نے شاہ کو   روتا دلبساز یا مین منکر ہے تو
گریہ جو ہے جہل و تقلید سے   کب ہے مثل گریہ اس آگاہ سے
تو قیاس گریے گریہ پہ نہ کر   فرق اس گریہ مین اس سے بیشتر

سلہ ای مقلد الخ یہ شعر ای مقلد اب بخارا سے پھر اور خواری کی طرف جا یعنی علم ظاہری سے کسب باطنی کی طرف رجوع کرتا کہ بخارا دوسرا باطن مین تو دیکھے کہ اسکی بزم مین صفدر نا سمجھ ہے آگے اسکی مثال ہے اگرچہ قاصد زمین پر تیز رو ہووے جو دریا مین جاوے وہ عاجز ہووے ترجمہ وہ بوجھا اٹھانے والا ہے ایک جنگل مین اور جو بحر مین محمول ہے وہ کس واسطے ہے اسپر شاہ بخشش رکھے سو اتو وہم و تصویر مین دوتا ہوا یعنی اے مقلد تو عالم ظاہری چھوڑ اور کسب باطنی کی طرف جا کہ تا خواری مین تجکو بخارا معنی حاصل ہو آگے باقی حال مرید باوفا کا ہے تا فہم ہو۔ سلہ وہ مرید الخ یہ شعر وہ مرید نا سمجھ تقلید سے گریہ کرتا تھا موافق پیر کے وہ مقلد بہرے کی مانند گریہ دیکھتا اور سبب بیخبر تھا پس بہت رویا اور قدم چوما کیا بعدہ ایک مرید دوسرا آیا کہا کہ تو گریان ابر کی مانند بیخبر ہے شیخ کی گریہ سے بنظر اور نہ گریہ تو دانش گریہ اور انمین فرق زیادہ یعنی گریہ عاقل مین و گریہ کاہل مین بڑا فرق ہے کہ وہ گریہ کو دیکھتا ہے الخ ۔۔

هست آن از بعد سی ساله جهاد / عقل زینجا زین نتواند فتاد
هست زان سوی خرد صد مرحله / عقل را یاره مکن زینجا هله
گریه او نز غم ست و نز فرح / روح داند گریهٔ عین الملیح
گریهٔ او خندهٔ او زان سریست / زانچه وهم و عقل باشد او بریست
آب دیده او چو دیده او بود / دیدهٔ نادیده دیده کے شود
آنچه او بیند نتان کردن مساس / نز قیاس عقل و نز راه حواس
شب گریزد چونکه نور آید ز دور / پس چه داند ظلمت شب حال نور
پشه بگریزد ز باد بادها / پس چه داند پشه ذوق بادها
چون قدیم آید حدث گردد عبث / پس کجا داند قدیمے را حدث
بر حدث چون زد قدم دنگش کند / چونکه کردش نیست همرنگش کند
گر بخواهی تو بیابی صد نظیر / لیک من پروا ندارم اے فقیر
این الم و حم این حروف / چون عصای موسی آمد در وقوف
حرفها ماند بدین حرف از برون / لیک باشد در صفات این زبون
هر که گیرد او عصائے زامتحان / کے بود چون آن عصا وقت بیان
عیسوی است این دم نه هر باد و دمے / کز بر آید از فرح یا از غمے
این الم و حم اے پدر / آمده ست از حضرت مولی البشر
هر الف لامی چه میماند بدین / گر تو جان داری بدین چشمش مبین

تیس سالہ جہد کرنے سے ہی وو / کب رسائی ہووے اسجا عقل کو
اسطرف اس عقل کی منزل ہین سو / چھوڑ اسجا عقل کو مت ہو گرو
وہ نہ غم شادی سے ہے گریہ بھلا / روح جانے گریہ نمکین چشم کا
اسکا ہنسنا رونا بس اس سمت سے / عقل و وہم اس جا بھلا کب جا سکے
آب دیدہ اسکا چون چشم اسکی ہے / دیدۂ نادیدہ کب دیدہ بنے
جو وہ دیکھے کر نہیں سکتی مساس / نے خرد سے اور نہ از راہ حواس
جبکہ آئے نور بھاگے رات دور / رات کی کیا جانے ظلمت حال نور
بھاگے مچھر باد سے زیرک ہی جو / جانے مچھر کیسے ذوق باد کو
جو قدم آئے حدث ہووے خبث / پس قدیمی کو کہاں جانے حدث
جو قدم آئے حدث کو کرنے دنگ / نیست کر کے اسکو کر لے اپنے رنگ
تو اگر چاہے کہ پائے سو نظیر / پر نہیں پروا مجھے کچھ اے فقیر
یہ الم و حم آئے حروف / چون عصا موسی کی ہین اندر وقوف
حرف مثل ان حرف کے ہین ظاہرا / پر صفت مین ہین وہ اُنسے کم ذرا
جو کہ پکڑے وہ عصا با امتحان / اس عصا سا کب ہو وہ وقت بیان
یہ مسیحا دم ہے نے ہر باد دم / نہ خوشی سے نکلے یا از راہ غم
یہ الم و حم اے پدر / آئے ہین حق کیطرف سے اے بشر
ہر الف و لام کب مثل اسکے ہو / گر تو جان رکھے نہ دیکھ اس چشم سے

سلہ تیس سالہ الخ یعنی اگرچہ تیس سال کے جہد کرنے سے ہے اُس جا عقل کو کب رسائی ہووے اس عقل کی اس طرف سو منزل ہین اس جا عقل کو چھوڑ مت گرو ہو وہ گریہ غم و شادی سے نہیں ہے روح جانے ہے گریہ نمکین چشم کا ہے ہنسنا اور رونا اس سمت سے ہے عقل و وہم بھلا اُس جا کب جا سکے آب دیدہ مانند چشم اُسکی کے ہے دیدہ نادیدہ کو کب دیدہ ہے جو وہ دیکھے مساس نہیں کر سکتی نہ خرد سے وہ نہ از راہ حواس کے یعنی آب دیدہ عاشق کا اُسکی چشم کی مانند ہے پس دیدہ نادیدہ کب دیدہ و بینا ہے کیونکہ عقل اس جا کب جا سکتی ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ سلہ جب کہ آئے الخ یعنی جب کہ نور آئے شب دور بھاگے شب کی ظلمت دن نور کا کیا جانے پھر باد سے بھاگے جو زیرک ہے پس مچھر ذوق باد کو کیسے جانے آگے اسکے حقائق ہین جبکہ قدم آئے حدث عبث ہووے پس قدیم آئے حدث کو دنگ کر دے جو گرد بشریت اسین مثل اپنے رنگ کر لے اگر تو چاہے کہ سو نظیر پائے ولیکن مجھکو کچھ پروا نہیں اے فقیر آگے حقائق ہین یہ الم و حروف مقطعات مانند عصا موسی کے ہین اندر وقوف کے حرف مانند ان حروف کے ہین ظاہرا اگر صفت مین اُس سے ذرا کم ہین یعنے جو قدیم آئے حدث کو دنگ کر دے اور جو کیسی بشریت مثل اپنے رنگ کر لے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ جو کہ پکڑے الخ یعنی جو کہ وہ عصا واسطے امتحان کے پکڑے اس عصا کی مانند کب وہ ہو وقت بیان کے یہ مسیحا دم ہے ہر ایک باد دم نہیں ہے کہ خوشی سے یا از راہ غم کے نکلے یہ الم و حم حق کی طرف سے آئے ہین ہر ایک الف و لام کب اسکی مانند ہے اگر تو جان رکھتا ہے اس چشم سے نہ دیکھ اگرچہ ترکیب اسکی بالکل حروف سے ہے اور مانند ترکیب عوام کے دکھیتی ہے پس ترکیب محمد صلعم کی کب گوشت سے ہے اگرچہ ہر ایک ترکیب انکی جنس ہے یعنے جیسے حروف مقطعات کی ترکیب مثل عام حرفون کے ہے اُسی طرح ترکیب عوام حضرت رسول مقبول صلعم کی بھی مثل ترکیب اجسام جملہ انسانون کے ہے مگر معنی مین فرق ہے اس چشم سر سے اُسکو کون دیکھ سکتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

گرچہ ترکیبش حروف ست ای ہمام ❊ می نماند ہم بہ ترکیب عوام
ہست ترکیب محمد لحم و پوست ❊ گرچہ در ترکیب ہر تن جنس اوست
گوشت دارد پوست دارد استخوان ❊ ہیچ این ترکیب را باشد ہمان
کاندران ترکیب باشد معجزات ❊ کہ ہمہ ترکیبہا گشتند مات
ہمچنین ترکیب حم از کتیب ❊ ہست بر بالا و دیگر با نشیب
زانکہ زین ترکیب آید زندگی ❊ ہمچو نفخ صور در درماندگی
اژدہا گردد شگافد بحر را ❊ چون عصا حم از داد خدا
ظاہرش ماند بظاہرہا و نیک ❊ قرص نان از قرص مہ دورست نیک
گریہ او خندۂ او نطق او ❊ خشم او و خلق او و خلق او
عقل او و وہم او و حس او ❊ نیست از وی ہست محض صنع ہو
چونکہ ظاہرہا گرفتند احمقان ❊ وان دقائق ماند از ایشان بس نہان
لاجرم محجوب گشتند از غرض ❊ کہ دقیقہ فوت شد در معترض
با تو گویم در مثال قصۂ ❊ تا بگیری زین بیانم حصۂ
قصۂ با طول و با عرض و مہیب ❊ قصہ بس دورست لیکن بس قریب
این سخن پایان ندارد بازگرد ❊ تا کنیزک با خر خاتون چہ کرد

گرچہ ترکیب اسکی حرفوں سے ہے نام ❊ دکھتی ہے مانند ترکیب عوام
کب ہے ترکیب محمد گوشت سے ❊ گرچہ ہر ترکیب انکی جنس ہے
گوشت کھے پوست کے استخوان ❊ کب یہ ہی ترکیب مثل انکے عیان
کہ بس اس ترکیب میں ہیں معجزات ❊ کہ ہوئی ہیں جملہ ترکیبیں اس سے مات
جس طرح ترکیب حم و کتیب ❊ وہ ہی بالا اور سب اندر نشیب
کیونکہ اس ترکیب سے ہے زندگی ❊ مثل نفخ صور اندر عاجزی
جون عصا حم بنکر اژدہا ❊ بحر کو پھاڑے بہ تائید خدا
ظاہر اسکا مثل ظاہر ہے ولے ❊ قرص نانکی قرص سے مہ دور ہی
گریہ انکا خندہ انکا اور نطق ❊ خشم انکا خلق انکی اور خلق
عقل انکی اور انکی حس و خو ❊ کب ہے انسے بل ہے محض صنع ہو
احمقوں نے جو لیا ظاہر بیان ❊ وہ دقیقے رہ گئے انسے نہان
اس لیے محجوب غرضوں سے ہوے ❊ کہ دقیقے فوت مرض اندر رہے
قصہ کہتا ہوں مثل میں اک تجھے ❊ اس بیان سے تا تجھے حصہ ملے
میرا قصہ لانبا چوڑا اور مہیب ❊ دور ہی بس قصہ لیکن بس قریب
بات یہ بے انتہا ہی لوٹ جا ❊ کیا خر خاتون سے لونڈی نے کیا

داستان آن کنیزک کہ با خر خاتون خود شہوت میراند و او را جماع آدمیان آموختہ بود و

داستان اس لونڈی کی کہ اپنے خاتون کے خر کے ساتھ بسبب شہوت کے مجامعت کرتی تھی اور

سلہ گوشت الخ یعنی گوشت و پوست و استخوان رکھتا ہے کب یہ ترکیب انکی مانند عوام ہے کہ اس ترکیب میں از بس معجزات ہیں کہ اس سے سب ترکیبیں مات ہوئی ہیں جیسے ترکیب حم و الکتاب کی کہ وہ بالا ہے اور سب نشیب میں ہے کیونکہ اس ترکیب سے زندگی ہے نفخ صور کی مانند عاجزی میں عصا کی مانند حم اژدہا بنکر دریا کو پھاڑے بہ مدد خدا اسکا ظاہر مانند ظاہر کے ہے ولیکن قرص نان کی قرص ماہ سے دور ہے یعنی اگرچہ ترکیب جناب رسول مقبول صلعم کی مثل دوسروں کے ہے مگر عصا موسی کی مانند مشرکین کو اژدہا بنکر پھاڑتی ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ گریہ انکا الخ یعنی انکا گریہ و انکا نطق و انکا فہم و انکی خلق اور انکا خلق عقل انکی و حس و مزاج انکی انسے کب ہے بلکہ محض صنع خدا ہے احمقوں نے جو بیان ظاہر کیا ان سے وہ دقیقے پوشیدہ رہ گئے اسواسطے غرضوں میں محجوب ہوگئے کہ دقیقے فوت ہوئے اور مرضوں میں رہے یعنے ہر ایک فعل جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فعل خدا تھا اور علماء ظواہر و قشروں کی طرف گئے اور مرضوں سے ہوکر دقیقے انسے فوت ہوئے اور ظاہر اغراض میں رہے اور منزل مقصود تک نہ پہونچے ایک قصہ مثال میں تجھ سے کہتا ہوں تاکہ اسی بیان میں تجھے حصہ ملے قصہ لانبا چوڑا و مہیب ہے اگرچہ دور ہے ولیکن از بس قریب ہے یہ بات بے انتہا ہے لوٹ جا کر خر خاتون سے کیا لونڈی نے کیا لیکے یہ مطلب ہے تا ظاہر اغراض میں ہے اور معنی کو نہ گئے ان کی مثال اس خاتون کی ہے کہ تقلید لونڈی سے ہلاک ہوئی آگے اسکا قصہ ہے فافہم ۱۲۔

آگاہ شدن خاتون بطریق مجامع شدن باآن خر لیکن از دقیقہ کدو غافل شدن و بہ فضیحت ہلاک شدن و نوحہ کردن کنیزک و گفتن کہ اے جان من ذکر را بدیدی و کدو را ندیدی

اُسکو جماع آدمیون کا سکھایا تھا اور آگاہ ہونا خاتون کا اور جماع کرنا اُسی کے مانند اُس خر سے لیکن دقیقہ کدو سے غافل ہونا اور فضیحت سے ہلاک ہونا اور رو رو کر کہنا لونڈی کا کہ اے جان میری ذکر کو دیکھا اور کدو کو نہ دیکھا

یک کنیزی شد خرے بر خود فگند ۔ از وفور شہوت و فرط گزند
آن خر نر را بگان خو کردہ بود ۔ خر جماع آدمی پے بردہ بود
یک کدوے بود حیلت سازہ را ۔ در ذکر کردی پے اندازہ را
در نیمش آن کدو کردی بجوز ۔ تا رود نیم ذکر وقت سپوز
گر ہمہ کیر خر اندر وے رود ۔ ہم رحم ہم رودہا را بر درد
خر ہمے شد لاغر و خاتون او ۔ ماند حیران کز چہ شد خر ہمچو مو
نعلبندان را نمود آنگہ کہ چیست ۔ علت خر کہ نتیجہ اش لاغریست
ہیچ علت اندر و ظاہر نشد ۔ ہیچکس از سر او مخبر نشد
در تفحص اندر افتاد او بجد ۔ شد تفحص را دمادم مستعد
جد را باید کہ جان بندہ بود ۔ زانکہ جد جوبندہ یابندہ بود
چون تفحص کرد از حال اشک ۔ دید خفتہ زیر آن نر خر کنیک
از شگاف در بدید آن حال را ۔ پس عجب آمد از و آن زال را
خر ہمی گاید کنیزک را چنان ۔ کہ بعقل و رسم مردان بازنان

خر کو لونڈی نے چڑھایا آپ پے اور شہوت اور فزون تکلیف سے وہ خر نر خش کا خوگر بنا اور جماع مرد سے واقف ہوا اک کدو تھا پاس اُس مکار کے کہ ذکر پر رکھتی تھی انداز سے پس کدو رکھتی ذکر پر وقت دخول آدھا جائے تا ذکر وقت دخول کیونکہ بالکل گر ذکر اندر گھسے بس رحم اور آنتین سب ٹکڑے کرے خر ہوا لاغر اگرچہ مثل بال اور ہوئی خاتون حیران پُر ملال نعلبندون کو بلا کر یہ کہا کیا مرض ہے یہ کہ خر دُبلا ہوا کچھ مرض اسمین نہین پایا گیا نے کوئی اُس بھید سے مخبر ہوا جستجو مین وہ پڑی اُسکی بجد اور تجسس مین تھی ہر دم مستعد چاہیے کوشش کا بندہ جان ہو کیونکہ کوشش سے جو ڈھونڈھے پا دے جو کہ احوال خر کی جستجو نیچے خر کے دیکھا اُس مکار کو دیکھا اوکی درز سے اُس حال کو اُس سے حیران ہو گئی خاتون وہ کہ گدھا لونڈی سے یون صحبت کرے جیسے مرد عورت سے عقل و رسم سے

سلہ خر کو الخ ۳ شعر خر کو لونڈی نے چڑھایا اپنے اوپر بڑی شہوت اور زیادہ تکلیف سے وہ خر نمش کا خوگر بنا اور جماع مرد سے واقف ہوا اس مکار کے پاس ایک کدو تھا کہ ذکر پر انداز سے رکھتی تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ پس کدو الخ ۲ شعر پس کدو کو ذکر پر رکھتی تھی کہ آدھا جائے ذکر وقت دخول کے کیونکہ اگر ذکر بالکل اندر گھسے تو رحم و آنتین جملہ ٹکڑے کرے اگرچہ لاغر ہوا مانند بال کے اور خاتون حیران ہوئی پُر ملال تعلبندون کو بلا کر کہا کہ یہ کیا مرض ہے کہ خر دُبلا ہوا اسمین کچھ مرض نہ پایا گیا اور نہ کوئی اس بھید سے مخبر ہوا وہ جستجو مین اُسکی پڑی بجد اور تجسس مین ہر دم مستعد تھی آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

سلہ چاہیے الخ ۵ شعر چاہیے کہ بندہ کوشش کا جان سے ہو کیونکہ وہ کوشش سے ڈھونڈھے وہ پاتے جو کہ احوال خر کی جستجو کی تو خر اُس مکار کو دیکھا در کی درز سے اُس حال کو دیکھا اُس سے وہ خاتون حیران ہو گئی کہ خر لونڈی سے صحبت کرتا ہے جیسے مرد عورت سے ساتھ عقل و رسم کے پس از راہ حسد کے کہا کہ جو یہ ممکن ہے تو ذکر میرا ہے اول مجھکو چاہیے یعنی جس نے ازراہ کوشش کے ڈھونڈھا پایا آخر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

در حسد شد گفت این چون ممکن است | پس من اولی‌ترم کین خر ملک من است
شد مہذب گشتہ و آموختہ | خر من نہاده است چراغ افروختہ
کرد ناوید ه در خانہ بکوفت | کای کنیزک چند خواہی خانہ روفت
از پی روپوش میگفت این سخن | کای کنیزک آمدم در باز کن
کرد خاموش و کنیزک را نگفت | راز را از بہر طمع خود نہفت
پس کنیزک جملہ آلات فساد | کرد پنہان پیش شد در را گشاد
رو ترش کرد و دو دیده پر ز نم | لب فرو افگنده یعنی صائمم
در کف او نرمہ جاروبی کہ من | خانہ را میروفتم بہر عطن
چونکہ با جاروب در را او گشاد | گفت خاتون زیر لب کای اوستاد
۱ بولا الخ یہ شعر ایکے غماز نے کہا خلیفہ مصر سے کہ شاہ موصل ایک ماہرو رکھتا ہے اندر کنار کے کہ عالم مین اسکی مثال معشوق نہین ہے اسکے حسن بیحد کا بیان نہین ہوتا ہے تصویر اسکی کاغذ پر عیان ہے جو تصویر اسکی دیکھی شاہ حیران ہوگیا اور جام شراب ہاتھ سے گرا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

۲ بھیجا الخ یہ شعر اسدم اسنے ایک پہلوان کو بھیجا شاہ موصل کے پاس مع ایک فوج گران کے کہ اگر وہ اسے تجکو نہ دے اسکی در و دیوار کو تباہ کر اور اگر وہ دے اسکو چھوڑ اور اس ماہ کو لا تا کہ زمین پر مین اس ماہ کو بغل مین لون پہلوان باکر و فر طرف موصل کے گیا اور سیکڑون رستم ہمراہ لے گیا ٹڈی کے مانند دشت کو بھر دیا اور اہل شہر کو مارنا چاہا ہر طرف لڑنے کے لیے منجنیق مثل کوہ قاف کے اسنے قائم کیے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲-

۳ سنگسار الخ یہ شعر سنگسار اور منجنیق اور زخم تیر کے اور تیغین نکالین مانند بدر منیر کے ایک ہفتہ اسطرح جنگ گرم رکھی کہ برج سنگین مانند موم کے نرم ہوگئے جو شاہ موصل نے جنگ گران دیکھا ایلچی بھیجا پاس پہلوان کے کہ مومنون کے خون سے تو کیا چاہتا ہے کہ اس جنگ سے مرتے ہین اگر تو شہر و ملک موصل چاہتا ہے بے خونریزی کے ملے گا تجکو مین شہر سے جاتا ہون لے تو اب آ اور خون مظلومون مین مبتلا نہ ہو اگر تو سیم و زر دگو ہر چاہتا ہے سہل ہے اس میرے ملک سے تو لے تجکو اب جو کچھ سیم و زر چاہیے مین بھیجون یہ شعر و شعر کہ بعد اسکے ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲-

در مرادت گوہر و سیم و زر است — این ولی ملک و شہر خود آسان تراست
ہر چہ می باید ترا از سیم و زر — میفرستم چیست این آشوب و شر

سیم و زر گوہر اک چہتا ہی تو — سہل ہے اس ملک سے لے جیو تو
تجکو جو کچھ چاہیے اب سیم و زر — بھیجو نین یہ کس لیے ہی شور و شر

ایثار کردن صاحب موصل آن کنیزک را بخلیفہ تا خونریزی مسلمانان زیادہ نشود

بخشنا شاہ موصل کا خلیفہ کو وہ لونڈی تا خونریزی مسلمانونکی زیادہ نہووے

چون رسول آمد بپیش پہلوان — گفت پیغام ملک اندر زمان
گفت من نی ملک میخواہم نہ مال — لیک میخواہم یکے صاحب جمال
داد کاغذ کاندرو نقش و نشان — گفت پیشش بر بگو او را عیان
کاندرین کاغذ نگر چہ صورت ست — زود بفرستش کہ ملکش مال رست
این کنیزک خواہم او را طالبم — ہین بدہ ورنہ کنون من غالبم
چون رسولش باز گشت و گفت حال — داد کاغذ را و بنمود آن مثال
گشت معلومش چہ گفت آن شاہ نر — صورتی کم گیر و زود او را ببر
من نیم در عہد ایمان بت پرست — بت بر آن بت پرست اولی ترست
با تبرک داد دختر را و برد — سوی لشکرگاہ و در ساعت سپرد
روی دختر چون بدید آن پہلوان — گشت عاشق بر جمالش در زمان
عشق بحر آسمان بر وی کفی — چون زلیخا در ہوای یوسفی
دور گردون را ز موج عشق دان — گر نبودی عشق بفسردی جہان
کی جمادی محو گشتی در نبات — کی فدای روح گشتی نامیات

ایلچی جو آیا پیش پہلوان [۱] — اور کہا پیغام شہ کا اس زمان
بولا نہ مین ملک چاہون اور نہ مال — لیک مین چہتا ہون اک صاحب جمال
بس اسے تصویر کا کاغذ دیا — بولا لے جا اور اس کو یہ کہا
دیکھ کاغذ اسکی یہ صورت رکھے — بھیج اسکو ملک تا تیرا بچے
لونڈی یہ چہتا ہون اور طالب ہون مین — بھیجدے ورنہ مین اب غالب ہون مین
ایلچی آیا [۲] کہا سب اسنے حال — اور دیا کاغذ دکھائی وہ مثال
جو ہوا واقف تعجب سے کہا — ٹھہرے مت صورت پہ جلدی لیکے جا
عہد ایمان مین ہون نہین بت پرست — چاہیے بت اسکو وہ ہی بت پرست
لونڈی باسامان دی وہ لیکر گیا — سوے لشکر اور سپرد اسکے کیا
پہلوان نے دیکھا اس لونڈی کو جو — ہو گیا عاشق جمال اسکے کا وہ
عشق دریا آسمان کف اسپے ہی — جون زلیخا عشق یوسف کا رکھے
دور چرخ اک عشق کی موجون سے جان — عشق نہ ہوتا تو اجڑ تھا جہان
کب [۳] جماد اندر نبات ہوتا فنا — روح پر کب نامیہ ہوتی فدا

[۱] ایلچی الخ۔ شعر جو ایلچی آیا پاس پہلوان کے اور اسوقت پیغام شاہ کا کہا پہلوان نے کہا کہ مین نہ ملک چاہتا ہون نہ مال ولیکن مین چاہتا ہون ایک صاحب جمال پس اسکو تصویر کا کاغذ دیا اور کہا لے جا اور یہ اسکو دکھلا یہ کاغذ دیکھ کس کی صورت رکھتا ہے اسکو بھیج تاکہ تیرا ملک بچے یہ لونڈی چاہتا ہون اور طالب ہون بھیجدے ورنہ مین اب غالب ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[۲] ایلچی آیا الخ۔ شعر ایلچی آیا اور اسنے سب کہا اور کاغذ دیا اور تصویر دکھائی وہ جو واقف ہوا تعجب سے کہا صورت پر مت ٹھہر کر جلدی لے کر جا مین عہد ایمان مین ہون بت پرست نہین ہون اسکو بت چاہتا ہے کہ وہ بت پرست ہے لونڈی باسامان دی اور وہ لیکر گیا طرف لشکر کے اور اسکے سپرد کیا جو پہلوان نے اس لونڈی کو دیکھا وہ عاشق اسکے جمال کا ہو گیا آگے اسکے حقائق ہین عشق دریا اور آسمان اسپر کف ہے جیسے زلیخا عشق یوسف کا رکھتی ہے دور چرخ کو عشق کی موجون سے اگر عشق نہوتا تو جہان ابتر تھا یعنے عشق سے سب جہان کی پیدائش ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

[۳] کب جماد الخ۔ شعر کب جماد اندر نباتات کے فنا ہوتا اور روح پر قوت نامیہ کب فدا ہوتی آدمی اور ہوا سے مریم کب حاملہ ہوتی یعنے مکہ مانند ہر ایک جسم خود پر اور ہیئت کے مانند کسو واسطے کوئی آدھا ہر ایک ذرہ عشق جمال کا رکھتا ہے اور حال پہ دوڑتا ہے مانند نہال کے انکا دوڑنا سبحان اللہ ہے کہ جان کے واسطے تن کو صاف کرتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲۔

روح کے گشتی فدای آن دمی | گر نسیمش حامله شد مریمی
هر یکی بر جا فسرده همچو یخ | گر بدی پران و جویان چون ملخ
ذره ذره عاشقان آن جمال | می‌شتابد در علو همچون نهال
سبح لله هست اشتاب شان | تنقیه تن میکنند از بهر جان
پهلوان چه را چو ره پنداشته | شوره اش خوش آمد حب کاشته
چون خیالی دید آن خفته بخواب | جمع شد با او وازو رفت آب
چون بجست از خواب شد بیدار زود | دید کان لعبت به بیداری نبود
گفت بر هیچ آب خود بردم دریغ | عشوهٔ آن عشوه ده خوردم دریغ
پهلوانی تن بداد مردی نداشت | تخم مردی در زمین ریگ کاشت
مرکب عشقش دریده صد لگام | نعره میزد لاابالی کالحمام

ایش ابالی بالخلیفة فی الهوی | فاستوی عندی وجودی والتوی

اینچنین سوزان و گرم آخر مکار | مشورت کن با یکی دانسته کار
مشورت کو عقل کو سیلاب آز | در خرابی کرد ناخن ها دراز
بین ایدی سد و سوی خلف سد | پیش و پس کی بیند آن مفتون خد
آمده در قصد جان سیل سیاه | تا که روبه افگند شیری بچاه
از چهی بنمود معدومی خیال | در چه انداز اسودا کالجبال
هیچکس را با زنان محرم مدار | که مثال آن چو پنبه ست و شرار

آدمی پر روح کب ہوتی فدا | کب ہوا سے ہوتی مریم حاملہ
مثل یخ جمتا ہر اک جا آب بے | مثل ٹڈی اڑتا کوئی کس لیے
ذرہ ذرہ رکھتا ہے عشق جمال | دوڑتا عالی پہ ہے مثل نہال
سبح لله ہے وہ انکا دوڑنا | جانکی خاطر کرتے ہین تن کو صفا
۵۱ پہلوان نے راہ جانی چاہ کو | بیج بویا خاک شورہ مین نکو
جیسے دیکھے خواب مین کوئی خیال | احتلام اسکو ہوا صاحب جمال
جو اٹھے وہ خواب سے بیدار ہو | دیکھے بیداری مین پھر صورت نہ وہ
بھولے اب ادنی پہ کیون کھویا دریغ | دھوکا اس بیکار کا کھایا دریغ
پہلوان تن تھا نہ مردی تھی اسے | تخم مردی بویا اندر ریگ کے
اسکے اسپ عشق نے توڑی لگام | چیخا بیہودہ مثال مرغ دام

ایش ابالی بالخلیفة فی الہوی | فاستوی عندی وجودی والتوی

کیا پروا رکھتا ہون مین خلیفہ سے عاشقی مین برابر ہے نزدیک میرے موجودگی و ہلاکی ہے

۵۲ ایسا سوز و گرم تو آخر نہ ہو | مشورہ جو ایک دانستہ سے ہو
مشورہ کان ہے کہ سیل حرص نے | بس خرابی مین کیے ناخن بڑے
بین ایدی سد و سوے خلف سد | آگے پیچھے دیکھے کب عشاق خد
آیا جان لینے کو بس سیل سیاہ | تا کہ روباہ شیر کو ڈالے بچاہ
چاہ سے دکھلایا معدوم الخیال | ڈالا چہ مین شیر کو تھا جون جبال
۵۳ رکھ نہ عورت سے کسی کو رازدار | کہ مثال اسکی ہے جون پنبہ شرار

سلہ پہلوان نے الخ، شر پہلوان نے چاہ کو راہ جانی اور زمین شور مین بیج بویا آگے اسکی مثال ہے جیسے کوئی خواب مین خیال دیکھے اور احتلام اسکو ہوا صاحب جمال سے جو وہ خواب سے بیدار ہو کر اٹھے تو بیداری مین وہ صورت نہ دیکھے کہوے کہ ادنی پر کیون کھویا افسوس ہے آگے رجوع بقصہ ہے پہلوان تن تھا مرد نہ تھا کہ تخم مردی کا دیا اندر ریگ کے اسکو اسپ عشق نے لگام توڑی اور بیہودہ چیخا مانند مرغ کے ترجمہ کیا پروا نہ رکھتا ہون خلیفہ سے عاشقی مین کہ برابر ہے نزدیک میرے موجودگی و ہلاکی یعنی ذرہ ذرہ دنیا کا جمال پر عاشق ہے اور اعلی کو دوڑتا ہے بس اولیا جان کی خاطر تن کو فدا کرتے ہین کہ تا ترقی ہو ہمکو آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ ایسا سوز الخ ۵ شعر ایسا سوز و گرم تو آخر کو نہ ہو اور مشورہ ڈھونڈھنے والا ایک دانستہ سے ہو مشورہ کہان ہے کہ سیل حرص نے خرابی مین ناحق بڑے کیے ترجمہ آگے پردہ پیچھے پردہ پس آگے پیچھے کب دیکھتا ہے عاشق صورت کا پس سیل سیاہ جان لینے کو آیا تا کہ روبہ شیر کو چاہ مین ڈالے چاہ سے ایک خیال معدوم دکھلایا اور شیر کو چاہ مین ڈالا کہ مانند پہاڑ کے تھا آگے مثال ہے فافہم ۱۲ سلہ رکھ الخ ۵ شعر کسی کو عورت سے رازدار مت رکھ کہ اسکی مثال ہے مانند پنبہ و شرار کے اب حق سے آگ ٹھنڈی چاہیے جیسے یوسف بھاگ کر بچ گیا ہے کہ زلیخا سے وہ لڑا بھی شیرون کے مانند خود کو جدا کیا کب اپنے نفس کو خوار کر سکتے بجز مدد عقلون زیرک کے اب تو ختم قصہ کی طرف لوٹے پہلوان کی بات کا، تمنا نہین ہے یعنی ہر ایک امر مین مشورہ کرنا چاہیے کہ آفات دنیا سے نجات ہو کیونکہ حرص انسان کو آفت مین اندھا کر کے ڈالتی ہے آگے صحبت پہلوان کا بیان ہے فافہم ۱۲

آتشی باید نشستہ زاب حق — ہمچو یوسف معتصم اندر رہِ حق
کز زلیخای لطیف سرو قد — ہمچو شیران خویشتن را وا کشد
نفس خود را کی توان کردن زبون — جز بامداد عقول ذو فنون
جانب اتمام قصہ باز ران — کاین سخن پایان ندارد پہلوان

آگ ٹھنڈی آب حق سے چاہیے — جیسے یوسف بچ گیا ہی بھاگ کے
کر زلیخا سے کہ تھی وہ دلربا — مثل شیرون کے کیا خود کو جدا
خود زبون تو نفس کو کب کر سکے — زیرک عقلون کی سوا امداد کے
ختم قصہ کی طرف اب لوٹ تو — انتہا نے پہلوان کی بات کو

مراجعت نمودن پہلوان از موصل و صحبت او با کنیزک

لوٹنا پہلوان کا شاہ موصل سے اور صحبت کرنا اسکا لونڈی سے

بازگشت از موصل و میشد براہ — تا فرود آید بہ بیشہ و مرجگاہ
آتش عشقش فروزان آنچنان — کہ ندانست او زمین و آسمان
قصد آن مہ کرد اندر خیمہ او — عقل کو و از خلیفہ خوف کو
چون زند شہوت درین وادی شرار — عقل را سوزد دران شعلہ چو خار
چون زند شہوت درین وادی دہل — چیست عقل تو فجل ابن الفجل
صد خلیفہ گشتہ کمتر از مگس — پیش چشم آتشینش آن نفس
چون برون انداخت شلوار و نشست — درمیان پای زن آن زن پرست
چون ذکر سوی مقر میرفت راست — رستخیز و غلغل از لشکر بخاست
برجہید او کون برہنہ سوی صف — ذوالفقاری ہمچو آتش او بکف
دید شیر نر سیہ از نیستان — بر زدہ بر قلب لشکر ناگہان
تازیان چون دیو در جوش آمدہ — صد طویلہ و خیمہ را برہم زدہ
شیر نر گنبد ہمی کرد از نغز — در ہوا چون موج دریا بیست گز

پاس سے[۱] موصل کے لوٹا اور چلا — تاکہ خیمہ زن ہو صحرا میں وہ جا
ایسی بھڑکی آگ اسکے عشق کی — نے خبر چرخ و زمین کی کچھ رہی
قصد خیمہ میں کیا مہ کا نہان — عقل کان اور ڈر خلیفہ کا کہان
بھڑکے اس وادی میں جب شہوت کی آگ — اسکا شعلہ کردے ساری عقل خاک
ڈھول[۲] کوٹے شہوت اس صحرا میں جب — کیا تری یہ عقل ہے ای مسخرے
سو خلیفے کم مگس سے بس ہوئے — اسکے چشم آتشین کے سامنے
جو اُتارا پائجامہ اس زمان — بیٹھا زن کے پاؤن کے درمیان
جب ذکر اسکی طرف سیدھا گیا — شور و غوغا ایک لشکر میں اٹھا
بھاگا ننگی کاڑ لیکر سوی صف — مثل آتش کے وہ شمشیر بکف
دیکھا جنگل میں ہی اک شیر سیاہ — قلب لشکر پر وہ ناگہ آپڑا
جوش[۳] میں گھوڑے ہین مثل دیو کے — سو طویلوں کے ہین خیمے توڑتے
جست کی اندر ہوا اس شیر نے — بیس گز مانند موجون بحر کے

۱ پاس سے الخ یہ شعر شاہ موصل کے پاس لوٹا رہ چلا اور جا کر صحرا میں خیمہ زن ہوا آگے عشق کی آگ ایسی بھڑکی کہ زمین و آسمان کی کچھ خبر نہ رہی اس ماہ کا قصد خیمہ میں کیا عقل کہاں اور خوف خلیفہ کا کہاں رہا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۲ ڈھول الخ یہ شعر اس جنگل میں شہوت ڈھول کوٹتی ہے کہ اے مسخرے یہ کیا تیری عقل ہے کہ سو خلیفہ مکھی سے کم ہوئے اسکی چشم آتشین کے روبرو جو اسوقت پاجامہ اتارا اور عورت کے پاؤن کے درمیان بیٹھا جب ذکر اسکی طرف سیدھا گیا کہ ایک شور و غوغا لشکر میں اٹھا ننگی کاڑ بھاگا طرف صف کے آتش کے مانند شمشیر بکف دیکھا کہ جنگل میں سے ایک شیر سیاہ قلب لشکر پر ناگاہ آپڑا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۳ جوش میں الخ یہ شعر گھوڑے جوش میں ہین دیو کے مانند کہ سو طویلون کے خیمہ توڑے ہین اس شیر نے ہوا میں جست کی بیس گز مانند موج دریا کے پہلوان مردانہ و بیخوف تھا شیر نر کے مانند آگے شیر کے گیا تلوار ماری اور اسکا سر کاٹا اور معشوقہ کے پاس وہ جلد گیا جبکہ پری کے پاس وہ واپس گیا اسکی مردی ویسی ہی موجود تھی ایسی چقلش اس شیر سے کری اور اسکی مردی نہ گئی اور ویسی ہی رہی وہ بت شیرین تھا خوبرو سے اسکی مردی سے تعجب میں رہی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

پہلوان مردانہ بود و بے حذر | پیش شیر آمد چو شیر مست نر
زد بشمشیر و سرش را بر شگافت | زود سوی خیمۂ مہ رو شتافت
چونکہ خود را او بدان حورا نمود | مردی او ہمچنان برپاے بود
باچنان شیری بجالش گشتہ جفت | مردی او ماند برپای و نخفت
آن بت شیرین لقاے ماہ رو | در تعجب ماند از مردی او
جفت شد با او بشہوت آن زمان | متحد گشتند حالی نفس و جان
ز اتصال این دو جان با یکدگر | میرسد از غیب شان جانے دگر
رو نماید از طریق زادنی | گر نباشد از علوقش رہزنی
ہر کجا دو کس بمہری یا بکین | جمع آید ثالثی زاید یقین
لیک اندر غیب زاید آن صور | چون روی آنسو ببینی از نظر
آن نتایج کز قرانات تو زاد | ہین مگرد از ہر قرینے زود شاد
منتظر میباش آن میقات را | صدق دان الحاق ذریات را
کز عمل زائیدہ اند و از علل | ہر یکے را صورت نطق و کلل
بانگ شان در میرسد زان خوشحال | کای ز ما غافل ہلا زوتر تعال
منتظر در غیب جان مرد و زن | مول مولت چیست زوتر کام زن
راہ گم کرد او ازان صبح دروغ | چون مگس افتاد اندر دیگ دوغ
چند روزے ہم برین بد بعد ازان | شد پشیمان از چنان جرم گران

پہلوان مردانہ اور بےخوف تھا | شیر نر سا شیر کے آگے گیا
تیغ ماری اور کاٹا اسکا سر | پاس مہ رو کے گیا وہ جلد تر
جبکہ وہ واپس گیا پیش پری | اسکی مردی ویسی ہی تھی جو دکھی
چپقلش اس شیر سے ایسی کری | پھر بھی مردی اسکی بس قائم رہی
وہ بت شیرین لقا جو تھی پری | اسکی مردی سے تعجب مین رہی
از رہ شہوت[1] ملا اس سے اس آن | ہوگئے اسوقت واصل نفس و جان
وصل باہم ہوئے اس دو جان سے | دوسری جان غیب سے انکو ملے
منہ دکھائے زادنی کی راہ سے | گر نہ رہزن کوئی حلقہ ہو لے
مہر یا کینہ سے دو کس جس جگہ | جمع ہوں تو تیسرا ایسے جنے
غیب مین پیدا ہو وہ صورت وے | جو ادھر تو جاے تو دیکھے اسے
تربیت سے تیری وہ ثمرہ جنا | مت ہو خوش ہر قربیت سے تو بھلا
منتظر[2] اسوقت کا رہ تو سدا | جان سچا پانا ذریات کا
کہ عمل سے پیدا اور علت سے ہین | بس ہر اک گویا و گونگی صورتین
آتی ہے ان خوشخصاونسے صدا | کیا ہی غافل اس گھڑی جلدی تو آ
غیب مین جان منتظر ہر ایک ہے | جلد آ تو دیر ہے اب کس لیے
پس وہ گمرہ صبح کاذب سے ہوا | مثل مکھی کے دہی مین پھنس گیا
تھوڑے دن یونہی رہا اس راہ پہ | پھر پشیمان وہ ہوا اس جرم سے

وصیت کردن کنیزک را در کتمان سر کہ در میان رفت

وصیت کرنا لونڈی کو واسطے چھپانے اس بھید کے کہ جو درمیان مین گذرا

[1] از رہ شہوت الخ شہ اسوقت از راہ شہوت کے اس سے ملا اسوقت وصل ہوگئے نفس و جان آگے اسکے حقائق ہین باہم وصل ہوئے ان دو جان زن و مرد سے دوسری جان غیب سے انکو ملتی ہے اور منہ دکھاتی ہے پیدائش کی راہ سے اگر کوئی علقہ یعنے رہزن نہووے جس جگہ محبت و کینہ سے دو کس جمع ہون تو تیسرا ان سے پیدا ہوتا ہے غیب مین وہ صورت اعمال پیدا ہو ولیکن جو تو ادھر جاے تو اسے دیکھے تیری قربیت سے وہ ثمر پیدا ہو تو ہر قربیت سے مت خوش ہو یعنی جیسے دنیا مین دو جان مرد و زن کے ملنے سے تیسری جان پیدا ہوتی ہے اسی طرح دو جان کے ملنے سے اعمال اس عالم مین پیدا ہوتے ہین کہ جب تو ادھر جائے تو انکو دیکھے آگے اسکا بیان ہی خاتم ۱۲ [2] منتظر الخ شرح ہمیشہ منتظر اسوقت کا رہ اور پانا ذریات کا سچا جان کہ عمل سے پیدا و علت سے ہین پس ہر ایک صورتین گویا و گونگی ہین ان خوشخصاونکی صدا آتی ہی کہ اے غافل اسدم تو جلدی آ ہر ایک غیب مین منتظر ہے کہ تو جلد آ اب دیر کس واسطے ہی پس وہ گمراہ صبح کاذب سے ہوا اور مکھی کے مانند دہی مین پھنس گیا اس راہ پر تھوڑے دن یون رہا پھر وہ پشیمان اس جرم سے ہوا یعنی وہ ذریات عمل صحیح سے و یا علت سے اس عالم مین پیدا ہوتے ہین گویا وہ گونگی صورت رکھتے ہین گویا سے راحت پہونچتی ہے اور گونگے سے رنج جیسے کہ صحبت لونڈی سے پہلوان کو نتیجہ پہونچا آگے وصیت لونڈی کا

داد سوگندش کہ ای بدر منیر — کن حذر تا شہ نگردد زین خبیر
در شفاعت گفت کای خورشید رو — با خلیفہ زانچہ شد رمزی مگو
مختصر گویم ببرد آن پہلوان — مر کنیزک را بسوے شاہ جہان
چونکہ دید او آن کنیزک گشت مست — بس ز بام افتاد او را نیز طشت
دید صد چندان کہ وصف شنیدہ بود — کے بود خود دیدہ مانند شنود
وصف تصویرست بہر چشم ہوش — صورت آن چشم دان نے آن گوش
یک مثالے گویم اکنون گوشدار — فہم کن امثال و معنی ہوشدار

[1] دی قسم اسکو کہ اے بدر منیر — بس خبردار اس سے نے ہو شہ خبیر
اور بچانے کو کہا کہ جو ہوا — تو خلیفہ سے نہ کچھ کہنا ذرا
مختصر کہتا ہوں میں وہ پہلوان — لے گیا لونڈی کو سوئے شہ جہان
دیکھا لونڈی کو ہوا وہ بسکہ مست — بام سے اسکا گرا بھی زیر طشت
جو سنا تھا اس سے بس دیکھا سوا — کب ہو سننا دیکھنا بس ایک سا
وصف تصویر آنکھ کے ہے واسطے — صوت آنکھوں کے لیے نے کان کے
کان رکھ تو اک مثل کے واسطے — بس مثل در جان معنی اسکے لے

پرسیدن شخصے از بزرگے فرق میان حق وباطل را

پوچھنا ایک شخص کا ایک بزرگ سے فرق درمیان حق وباطل کے

گرد مردی از سخندانی سوال — حق وباطل چیست ای نیکو مقال
گوش را بگرفت گفت این باطل ست — چشم حق ست و یقینش حاصل ست
آن بنسبت باطل آمد پیش این — نسبت اغلب سخنہا اے امین
ز آفتاب ار کرد خفاش احتجاب — نیست محجوب از خیال آفتاب
خوف اورا خود خیالش میدہد — وان خیالش سوی ظلمت میبرد
آن خیال نور می ترساندش — بر شب ظلمات می چفساندش

[2] اک سخندان سے کیا اک نے سوال — حق وباطل کیا ہے ای نیکو مقال
کان پکڑا اور کہا باطل یہ ہے — آنکھ حق ہے کہ یقین حاصل اسے
اسکی نسبت آیا وہ باطل اخی — ورنہ غالب تر ہے نسبت بات کی
مہر سے خفاش گر محجوب ہے — پر خیال مہر سے محجوب ہے
[3] خوف دیتا ہے اسے خود جو خیال — سوی ظلمت کھینچتا ہے وہ خیال
وہ خیال نور دہشت دے اسے — رات کی ظلمت پہ رغبت دی اسے

[1] دی قسم الخ، شعر قسم اسکو دی کہ ای بدر منیر خبردار اس بات سے شاہ کو خبر نہووے اور خود کو بچانے کے واسطے کہا کہ جو ہوا تو خلیفہ سے کچھ ذرا نہ کہنا میں مختصر کہتا ہوں کہ وہ پہلوان لونڈی کو لے گیا طرف بادشاہ کے بادشاہ نے جو لونڈی کو دیکھا وہ از بس مست ہوا اور بام سے اسکا طشت بھی گرا یعنے عاشق ہوا جو سنا تھا اس سے بھی سوا دیکھا کہ سننا اور دیکھنا یکسان کب ہوتا ہے آگے حقائق ہیں ہو وصف تصویر آنکھ کے واسطے اور صورت آنکھوں کے واسطے ہے نہ کان کے واسطے ہے تو کان رکھ ایک مثل اب کہتا ہوں تو مثل سن اور سب اسکے معنے جان یعنے سننا برابر دیکھنے کے کب ہوتا ہے کہ جاننے اور پہچاننے میں بڑا فرق ہوتا ہے کیونکہ جاننا گوش سے تعلق رکھتا ہے اور پہچاننا آنکھ سے کہ سننے سے شوق ہوتا ہے اور دیکھنے سے تسکین پس گوش باطل و چشم حق ہے چنانچہ اسکا بیان آگے ہے فافہم ۱۲۔
[2] اک سخندان الخ ہ شعر ایک شخص نے ایک سخندان سے سوال کیا کہ حق وباطل کیا ہے ای نیک مقال کان کو پکڑا اور کہا کہ یہ باطل ہے اور حق آنکھ ہے کہ اسکو یقین حاصل ہے اس آنکھ کی نسبت وہ باطل آیا ہے ورنہ گوش غالب تر ہے بہ نسبت بات کے آگے اسکی مثال ہے اگر خفاش خورشید سے محجوب ہے لیکن خیال خورشید سے محجوب ہے یعنے اگرچہ معنی دید میں نہیں مگر خیال سے معنی دور نہیں ہے باقی یہ مثال آگے ہے فافہم ۱۲۔
[3] خوف دیتا الخ، شعر جو خیال اس خفاش کو خود خوف دیتا ہے طرف ظلمت کے وہ خیال کھینچتا ہے وہ خیال نور اسے دہشت سے رات کی ظلمت پر اسے رغبت دے آگے اسکے حقائق ہیں یعنے خیال ونکر دشمن کا ہے کہ جو تو دوستوں سے رکھتا ہے موسیٰ نے تجلی دیکھی کوہ پر وہ کوہ طور خیال کنندہ تاب تحقیق کی نہیں رکھتا تھا تو معذورت ہو کہ تو قابل ہے اور اسکا راہ خیال سے تو وہ اصل ہے کوئی جگہ سے نہیں ڈر اگر شجاعت پہلے لڑنے سے نہیں ہے غیر خیال جنگ پر فکر تن مثل رستم کے سو کرتو ذکر کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

از خیالِ دشمن و تصویرِ اوست گر تو جیفیدہ بریار و دوست
موسیا کشفِ لمع برکہ فراشت آن مخیل تاب تحقیقت نداشت
ہین مشو غرہ بدان کہ قابلے مر خیالش را درین رہ واصلے
از خیال حرب نہراسید کس لا شجاعة قبل حرب این دان و بس
بر خیالِ حرب خیز اندر فکر میکند چون رستمان صد کر و فر
نقشِ رستم کو بہ حمامے بود قرن حملہ فکر ہر خامے بود
این خیالِ سمع چون مبصر شود خیر چہ بود رستمی مضطر شود
جہد کن کز گوش در چشمت رود انچہ باطل میبودت حق شود
زان سپس گوشت شود ہم طبع چشم گوہری گردد دو گوش ہمچو پشم
بلکہ جملہ تن چو آئینہ شود جملہ چشم و گوہر سینہ شود
گوش انگیزد خیال و آن خیال ہست دلالہ وصالِ آن جمال
جہد کن تا آن خیال افزون شود تا دلالہ رہبرِ مجنون شود
آن خلیفہ گول ہم یک چند نیز ریش گاوی کرد خوش با آن کنیز
ملک را تو ملکِ غرب و شرق گیر چون نمی ماند تو آنرا برق گیر
مملکتے کان می نماند جاودان ای دلت خفتہ تو آنرا خواب دان
تا چہ خواہی کرد آن باد بروت کہ بگیرد ہمچو جلادان گلوت
ہم درین عالم بدان کہ مامنیست از منافق کم شنو کہ گفتنی ست

ہے خیال اور فکر دشمن کا تجھے جو کہ رغبت دوستون سے تو رکھے
دیکھی موسیٰ نے تجلی کوہ پے وہ مخیل رکھا نے تحقیق سے
تو نہو مغرور کہ قابل ہے تو اسکا راہِ فکر سے واصل ہے تو
نے خیالِ جنگ سے کوئی ڈرا نے شجاعت پہلے کرنے سے کھلا
جز خیالِ جنگ پر اندر فکر مثل رستم کے کرے سو کر و فر
نقش[۱] جو حمام مین رستم کا ہے فکر ہر خام اسپے بس حملہ کرے
یہ سنا خیال اب جو ہو دیکھا ہوا خیر کیا رستم بھی ہو مضطر سوا
جہد کر آنکھوں مین جا کان سے جو کہ باطل تھا تجھے وہ حق دکھے
پھر وہ تیرا گوش ہو ہم طبع چشم دونون گوش اک ہون گہر مانند پشم
بلکہ جملہ تن چون آئینہ بنے جملہ چشم و گوہر و سینہ بنے
گوش اٹھاتا ہے خیال اور وہ خیال ہے جمال حق کا دلالہ وصال
جہد کر تا وہ خیال افزون بنے تا دلالہ رہبر مجنون بنے
اس[۲] خلیفہ نے بھی کئی دن رات احمقی کو خوش کیا لونڈی کے ساتھ
ملک اپنی ملک غرب و شرق جان جو نہ رہے اسکو تو اک برق جان
ملک ایسا جو نہ رہے جاودان اے دل خفتہ تو اسکو خواب جان
کیا کریگا کبر و نخوت یہ ترا مثل جلادون کے پکڑیگا گلا
جان عالم مین کہ ہے اک امن جان اور منافق کی نہ سن کہوی کہان

دربیان ضعف عقل منکران بعث

حجت آخرت کے منکرون کی اور بیان صفت اس حجت کا

۱ نقش الخ، شعر جو حمام مین نقش رستم کا ہے ہر خام کی فکر اسپر حملہ کرتی ہے یہ خیال سنا ہے اب جو دیکھا ہوا ہو خیر کیا رستم بھی مضطر ہو تو کوشش کر کہ آنکھوں مین جا کان ہے جو باطل تھا وہ تجھے حق جو دکھے پھر وہ تیرا گوش ہم طبع چشم ہو دونون گوش ایک ہون گوہر مانند پشم کے بلکہ تمام بدن مانند آئینہ کے بنے جملہ چشم وگوہر و سینہ ہے گوش خیال اٹھاتا ہے اور وہ خیال جمال حق کا دلالہ وصال ہے کوشش کر وہ خیال زیادہ ہو تا دلالہ رہبر مجنون کا ہو یعنی تو سنی ہوئی شے کو کوشش کر کے دید کی جا پہ پہونچا کہ وہ سننا تیرا بجاے دید کے پہونچے بس یہی کمال ہے آگے رجوع بمقصد ہے فافہم ۱۲۔

۲ اس خلیفہ الخ شعر اس خلیفہ نے کئی دن رات احمقی کو لونڈی کے ساتھ خوش کیا آگے حقائق ہین ملک غرب و شرق کو اپنی ملک جان جو نہ رہوے اسکو تو ایک برق جان ایسا ملک کہ جو ہمیشہ نہ رہے اسے دل خفتہ تو اسکو خواب جان تو کیا کریگا کہ وہ غرور مثل جلادون کے تیرا گلا پکڑے گا اس عالم مین جان کہ امن گاہ ہے اور منافق کی مت سن کہ کہے نیست ہے یعنی ملک دنیا کو تو ایک خواب جان کہ مثل برق کے گذر جائیگا اور وہ جہان ہمیشہ رہے گا آگے آخرت کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

حجتش اینست گوید ہر دمی	گر بدی چیزی وگر من دیدمی	حجت[1] اسکی یہ ہے اور ہر دم کہے	ہوتی کوئی چیز گر ہم دیکھتے
گر نہ بیند کودکے احوال عقل	عاقلے ہرگز کند از عقل نقل	گر نہ دیکھے لڑکا اک احوال عقل	عقل سے عاقل کرے ہرگز نہ نقل
ورنہ بیند عاقلے احوال عشق	کم نگردد ماہ نیکو فال عشق	اور نہ عاقل دیکھے گر احوال عشق	کم نہو وے ماہ نیکو فال عشق
حسن یوسف دیدۂ اخوان ندید	از دل یعقوب کے شد ناپدید	حُسن یوسف بھائیوں کو نہ دکھا	دور نہ یعقوب کے دل سے ہوا
مر عصا را چشم موسیٰ چوب دید	چشم قبطی افعی و آشوب دید	چشم موسیٰ کو عصا لاٹھی دکھا	چشم باطن کو وہ اک افعی دکھا
چشم سر با چشم سر در جنگ بود	غالب آمد چشم سر حجت نمود	چشم سر نے چشم سر سے جنگ کی	غالب آئی چشم سر حجت کری
چشم موسیٰ دست خود را دست دید	پیش چشم غیب نوری شد پدید	دست اپنا دست موسیٰ کو دکھا	آگے چشم غیب کے نور اک کھلا
این سخن پایان ندارد در کمال	پیش ہر محروم باشد این خیال	بات[2] یہ نہ حد رکھے اندر کمال	آگے ہر محروم کے ہے یہ خیال
چون حقیقت پیش او فرج و گلوست	کم بیان کن پیش او اسرار دوست	جو حقیقت اسکو ہے فرج و غذا	کم بیان کر اس سے تو راز خدا
پیش ما فرج و گلو باشد خیال	لاجرم ہر دم نماید جان جمال	ہمکو ہے فرج و غذا بس اک خیال	اس لیے ہر دم رکھے جان کو جمال
ہر کہ را فرج و گلو آئین و خوست	آن لکم دینکم ولی دین بہر اوست	جو غذا اور فرج کی عادت رکھے	ان لکم دینکم ولی دین اسکو ہے
با چنان انکار کوتہ کن سخن	احمدا کم گوے با گبر کہن	بات کوتہ کر تو اس انکار سے	احمدا کم کر تو اب کفار سے

آمدن خلیفہ نزد آن زن بجہت شہوت رانی وجماع

آنا خلیفہ کا نزدیک اُس عورت کے واسطے صحبت وجماع کرنے کے

چون خلیفہ کرد رائے اجتماع	سوی آن زن رفت از بہر جماع	جو[3] خلیفہ نے کری فکر اجتماع	جانب عورت گیا کرنے جماع
ذکر او کرد و ذکر برپای کرد	قصد خفت و خیز مہر افزای کرد	جو کیا ذکر اور ذکر اُسکا اُٹھا	قصد اس مہرو سے صحبت کا کیا
چون میان پائے آن خاتون نشست	پس قضا آمد رہ عیشش ببست	پاؤں میں زن کے جو بیٹھا جبکہ وہ	بس قضا نے روکا اُسکے عیش کو

[1] حجت اسکی الخ، شعر اسکی حجت یہ ہے کہ ہر دم کہتا ہے کہ اگر کوئی چیز ہوتی ہم دیکھتے آگے مثال جواب مین ہے اگر لڑکا نہ دیکھے احوال عقل کا تو عاقل عقل سے ہرگز نقل نہ کریگا اور اگر عاقل نہ دیکھے احوال عشق کا تو عاشق کا عشق کم نہوگا بھائیون کو حسن یوسف کا خزانہ مگر یعقوب کے دل سے دور نہوگا عصا چشم موسیٰ کو لاٹھی دکھا مگر چشم باطن کو وہ ایک سانپ دکھا چشم سر نے سر سے جنگ کی پس چشم سر غالب آئی اور کہا حجت کری چشم موسیٰ کو دست اپنا دست دکھا مگر آگے چشم غیب کے ایک نور کھلا یعنی اگر منکر آخرت کے ہونے کو حق نہین جانتے ہین تو انکی حجت سے نفی آخرت نہین ہو سکتی ہے کیونکہ چشم ظاہر بین دید معنی سے سراسر محروم ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] بات یہ الخ، شعر یہ بات انتہا نہین ہے کمال مین کہ آگے ہر ایک محروم کے یہ خیال ہے کہ جو حقیقت اسکو فرج و غذا ہے اس سے تو کم بیان کر راز خدا کا کہ ہمکو فرج و خیال اسواسطے ہے ہر دم جان کو جمال رکھتا ہے وہ غذا و فرج کی عادت رکھتا ہے ترجمہ تحقیق تمکو تمہارا دین اور مجھکو میرا دین ہے اس انکار سے بات کوتاہ کر اے احمد کم کہہ تو کفار سے یعنی نفس کے بندہ سے تو راز خدا کا کم کہہ وہ شہوت و غذا کو ایک خیال جانتا ہے اسکی جان ہر دم ایک مشاہدۂ جمال یار ہے آگے خلیفہ بغداد کا بیان ہے فافہم ۱۲ [3] جو خلیفہ نے الخ، شعر جو خلیفہ نے فکر جماع کی عورت کی جانب جماع کرنے گیا جو ذکر کیا اور ذکر اسکا وہ ہوا تو قصد صحبت کا اُس مہرو سے کیا جبکہ وہ عورت کے پاؤن کے درمیان بیٹھا پس قضا نے اسکے عیش کو روکا آواز چوہے کا خشت خشت سُنا شہوت اسکی بھاگی اور وہ مردی سے گیا ۱۲

[illegible]

خشت خشت موش در گوشش رسید — خفت مردی سهوتش کلی رمید
وہم آن کز مار باشد آن صریر — کہ ہمی جنبد بہ تندی از حصیر
زن چو دید آن سستی او از شگفت — آمد اندر قہقہہ خندہ اش گرفت
یادش آمد مردی آن پہلوان — کو بکشت آن شیر و اندامش چنان
غالب آمد خندۂ زن شد دراز — جہد میکرد و نمی شد لب فراز
سخت میخندید ہمچون بنگیان — غالب آمد خندہ بر سود و زیان
ہر چہ اندیشید خندہ میفزود — ہمچو بند سیل ناگاہان کشود
گریہ و خندہ غم و شادی دل — ہر یکے را معدن دان مستقل
ہر یکے را مخزن و مفتاح آن — ای برادر در کف فتاح دان
ہیچ ساکن مے نشد آن خندہ رو — پس خلیفہ تیرہ گشت و تند خو
زود شمشیر از علاقش بر کشید — گفت سر خندہ را گو اے پلید
در دلم این خندہ ظنی اوفتاد — راستی گو عشوہ نتوانیم داد
در خلاف راستی بفریبیم — یا بہانہ چرب مے آری برم
من بدانم در دل من روشنی ست — بایدت گفتن ہر انچہ گفتنی ست
در دل شاہان تو ماہی دان سطر — گرچہ گہ گہ شد ز غفلت زیر ابر
یک چراغی ہست در دل وقت گشت — وقت خشم و حرص آید زیر طشت
آن فراست این زمان یار من ست — گر نگوئی انچہ حق گفتن ست

خشت خشت آواز چوہی کی سنا — بھاگی شہوت اسکی مردی سو گیا
وہم اسکو سانپ کا شاید ہوا — کہ بزیر بوریا ہلتا ہے کیا
زن نے سستی دیکھی او رحیران ہوئی — مار اقہقہ اسنے اور ہنسنے لگی
سلہ پہلوانکی مردی یاد اسکو ہوئی — شیر مارا ویسی ہی مردی کی ہی
غالب آئی اور ہنسی زن کی بڑھی — لب بند ہوتا تھا جو کوشش کری
سخت ہر شل بھنگیڑے کے ہنسی — نفع و نقصان پر ہنسی غالب ہوئی
روکتی تھی جتنی بڑھتی تھی ہنسی — جیسے ٹوٹا بور کا پل اے اخی
رونا ہنسنا اور غم و شادی دل — جان اک معدن ہر اک کا مستقل
مخزن اور مفتاح ہر اک کا تو جان — ہاتھ مین فتاح کے ای مہربان
سٹہ کچھ نہین ہوتی تھی چپ وہ خندہ رو — کہ ہوا ناخوش خلیفہ تند خو
مثل آتش تیغ جلدی کھینچ کے — بولا ہنسنے کا سبب کہہ تو مجھے
اس ہنسی سے شک مرے دلمین پڑا — سچ کہون مانون چلتر نے ترا
گر فریب اب جھوٹا دیوی تو مجھے — یا مجھے دم دے بہانہ تو کرے
جانو نہین دلمین ہے میرے روشنی — چاہیئے اب تجھکو کہنا واجبی
دلمین شاہونکے تو جان اک ماہ بڑا — ابر مین گرگہ جو غفلت سے چھپا
ہے چراغ اک انکی دلمین وقت گشت — وقت حرص اور خشم کے ہی زیر طشت
سٹہ وہ فراست اس گھڑی ہے میرا یار — گر نہ کہوے جو کہ سچ ہے آشکار

سلہ پہلوان کی الخ، شعر اسکو پہلوان کی مردی یاد ہوئی کہ شیر مارا اور ویسی ہی مردی رہی غالب آئی اور ہنسی عورت کی زیادہ ہوئی لب بند نہین ہوتا تھا جو کوشش کری سخت تر بھنگیڑے کے مانند ہنسی کہ نفع و نقصان پر ہنسی غالب ہوئی جتنی روکتی تھی ہنسی بڑھتی تھی کہ جیسے رود کا پل ٹوٹتا ہے آگے اسکے حقائق ہین رونا ہنسنا و غم و شادی دل کی ہر ایک کا ایک معدن مستقل جان مخزن اور مفتاح ہر یک کا تو جان کہ ہاتھ مین فتاح کے ہے یعنی غم و شادی رونا ہنسنا سب خدا کے دست قدرت مین ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲۔

سٹہ کچھ نہین الخ، شعر کچھ چپ نہین ہوتی تھی وہ خندان رو کہ خلیفہ تند و ناخوش ہوا مانند آتش کے چلا تلوار کھینچکر کہا کہ ہنسنے کا سبب تو کہہ مجھ سے کہ اس ہنسی سے میرے دل مین شک پڑا سچ کہہ مین تیرا چلتر نہین مانون اگر تو نے جھوٹا فریب اب مجھے دیدیا مجھکو دم دے و بہانہ کرے مین جان لون کہ میرے دل مین روشنی ہے اب تجھکو واجبی کہنا چاہیے آگے اسکے حقائق ہین تو جان کہ شاہون کے دل مین ایک بڑا ماہ ہے اور کبھی کبھی غفلت سے ابر مین چھپتا ہے انکے دل مین ایک چراغ ہے وقت گشت کے اور وقت خشم و حرص کے زیر طشت ہے یعنے بادشاہونکے دل مین ایک نور ہے کہ کبھی کبھی غفلت سے پوشیدہ ہو جاتا ہے پس وہ امر صادق کو اس سے پہچان لیتے ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سٹہ وہ فراست الخ، شعر وہ فراست اس دم میری یار ہے اگر ظاہر نہ کہوے جو کہ سچ ہے اس تلوار سے تیری گردن کاٹون کہ حیلہ گری تجھکو فائدہ دے تجھے اسوقت کشتہ کرون اور تلوار دکھائی کہا کہ یہ تلوار ہے اور اگر تو سچ کہے تجھکو چھوڑ دون خدا کی قسم تجھکو نہ مارون اسدم اسنے سات قرآن دیکھے اور قسم کھائی اس طور سے کہا کہ عورت عاجز ہوئی اور احوال کہا اور مردی اس رستم مثال کو کہا پہلوان کی شرح کہ جو راہ مین تھی ایک ایک اسنے خلیفہ سے کہی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

من بدین شمشیر برم گردنت	سود نی ندہد بہانہ کردنت	کاٹوں اس شمشیر سے گردن تری	نہ تجھے دے فائدہ حیلہ گری
این زمان بکشم ترا بے ہیچ شک	تیغ را کرد او حوالہ گفت نک	اس گھڑی کشتہ کروں بیشک تجھے	تیغ دکھلائی کہا یہ تیغ ہے
ور بگوئی راست آزادت کنم	حق یزدان نشکنم شادت کنم	چھوڑ دوں تجھکو اگر تو سچ کہے	ہے قسم حق کی نہیں ماروں تجھے
ہفت مصحف آن زمان برہم نہاد	خورد سوگند و چنین تقریر داد	سات قرآن اس گھڑی اُسنے رکھے	اور قسم کھائی کہا اس طرح سے

فاش کردن آن کنیزک راز را با خلیفہ از بیم زخم شمشیر | بیان کرنا لونڈی کا راز کو خلیفہ سے تلوار کے خوف سے

زن ز عجز آن گشت گفت احوال را	مردی آن رستم صدزال را	زن ہوئی عاجز کہا احوال کو	مردی اس رستم صدزال کو
شرح آن کردک کہ اندر راہ بود	یک بیک با آن خلیفہ وانمود	پہلوان کی شرح جو کرہ ہین تھی	ایک ایک اُسنے خلیفہ سے کہی
شیر کشتن سوے خیمہ آمدن	وان ذکر قائم چو شاخ کرگدن	مارنا[1] شیر اور آنا جائے پر	سینگ کی صورت کھڑا رہنا ذکر
او بدان قوت کہ از شیر شکار	ہیچ تغیرش نشد بد بر قرار	اسکو وہ قوت شکار شیر سے	نے تغیر بس تھا اپنی جائے پے
تو بدین سستی کہ چون کردی بگوش	خشت خشت موشکی رفتی ز ہوش	تجکو یہ سُستی کہ جو تو نے سُنا	خشت خشت موش تو بیہش ہوا
من چو دیدم از تو این و از وی آن	زان سبب خندیدم ای شاہ جہان	دیکھا مین نے تجھسے یہ اور اس سے وہ	اس سبب آئی ہنسی ای نیک خو
رازہا را میکند حق آشکار	چون بخواہد رست تخم بد مکار	راز کرتا فاش حق ہے ای اخی	چاہے جو بچنا نہ بو تخم بدی
این بہار نو ز بعد برگ ریز	ہست برہان بر وجود رستخیز	یہ بہار نو خزان کے بعد ہے	ہے دلیل اک یہ وجود حشر پے
آب و ابر و آتش و این آفتاب	رازہا را می بر آرند از تراب	آگ[2] پانی ابر و باد و خوردنی	کرتے پیدا راز ہین یہ خاک سے
در بہار آن سرہا پیدا شود	ہرچہ خوردست این زمین رسوا شود	ہو بہار اندر وہ پیدا راز سے	ہو وے رسوا کھایا جو ہی خاک نے
بر دمد آن از دہان و از لبش	تا پدید آید ضمیر و مذہبش	اُسکے لب سے اور دہان سے بس اُگے	تا ضمیر اور مذہب اسکا بس کھلے
سر بیخ ہر درختے و خورش	جملگی پیدا شود آن بر سرش	ہر شجر کا کھانا اور بھید اصل کا	سر پہ پیدا اسکے ہو بس ظاہرا

سلہ مارنا الخ، شعر مارنا شیر کا اور آنا جا پر اور سینگ کی صورت کھڑا رہنا ذکر کا اسکو وہ قوت تھی شکار شیر سے اور نہ تغیر تھا اپنی جائے پر اور تجکو یہ سُستی ہے کہ جو تو نے سُنا خشت خشت موش کو تو بیہوش ہوا پس مین نے تجھسے یہ دیکھا اور اس سے وہ اسواسطے ہنسی مجھکو آئی آگے اسکے حقائق ہین حق تعالیٰ راز فاش کرتا ہے اور جو تو بچنا چاہے مت بو تخم بدی کو یہ بہار تو بعد خزان کے ہے یہی ایک دلیل ہے وجود حشر پر یعنے تبدیل فصلون کی ایک ایک دلیل ہے وجود قیامت پر کہ آخر تبدیل کا روز جزا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ آگ و پانی الخ، شعر آب و آتش و ابر و باد و خورشید یہ خاک سے راز پیدا کرتے ہین بہار مین وہ راز سے پیدا ہو اور رسوا ہو کر جو خاک نے کھایا ہے اُسکے لب و دہان سے وہ اُگے تا کہ ضمیر و مذہب اُسکا کھلے ہر شجر کا کھانا اور راز اصل کا اُسکے سر پر پیدا ہو ظاہرا ایسا بیج کہ جو دل کو ناخوش رکھے اُس مے کا خمار ہے کہ جو کھائی ہے دیکھین کب جائے کہ وہ بیج خمار کونسی مے کا ظاہر ہوا ہے یہ خمار اُس تخم کا ثمر ہے اسکو وہ جانے کہ جو با خبر ہے پس کب ثمرہ و شاخ دانہ کی مانند ہے اور مرد کا جسم کب نطفہ کی مانند ہے یعنی ہر ایک فعل کا نتیجہ ایک ہے مگر بجز اہل خبر کے کون اسکو جانتا ہے کہ یہ ثمر کس دانہ کا ہے آگے راز ظاہر کرنا کنیزک کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

ہر غمے کز وے تو دل آزردۂ از خمارِ می بود کان خوردۂ
لیک کے دانی کہ آن رنج خمار از کدامین مے برآمد آشکار
این خمار اشگوفۂ آن دانہ است آن شناسد کاگہ و فرزانہ است
شاخ و اشگوفہ نماند دانہ را نطفہ کے ماند تنِ مردانہ را
نیست مانند ہیولا با اثر دانہ کے مانند باشد با شجر
نطفہ از نان ست کے ماند بنان مردم از نطفہ ست کی ماند بدان
جنی از نارست کے ماند بنار از بخارست ابر کی باشد بخار
از دم جبرئیل عیسےٰ شد پدید کے بصورت ہمچو او شد ناپدید
آدم از خاک ست کی ماند بخاک ہیچ انگورے نمی ماند بتاک
کے بود طاعت چو خلدِ پایدار کے بود دزدے بشکل پایدار
ہیچ اصلی نیست مانند اثر پس ندانی اصل رنج و دردِ سر
لیک بے اصلی نباشد این جزا بے گناہے کی برنجاند خدا
آنچہ اصل ست و کشندہ ہر شی ست گر نمی ماند بوی ہم از وی ست
پس بدان رنجت نتیجہ ذلتی ست آفت این ضربت از شہوتی ست
گر ندانی این گنہ را ز اختیار زود زاری کن طلب کن استغفار
سجدہ کن صد بار میگو اے خدا نیست این غم غیر درخورد سزا
اے تو سبحان پاک از ظلم و ستم کی دہی بیجرم جان را درد و غم

رنج ایسا جو کہ ناخوش دل رکھے ہے خمار اُس مے کا جو کہ کھائی ہے
لیک کب جانے کہ وہ رنج خمار کونسی مے کا ہوا ہے آشکار
یہ خمار اُس تخم کا ہے اک ثمر اسکو وہ جانے کہ جو ہو باخبر
کب ثمر اور شاخ دانہ کی مثال مرد کا کب جسم نطفہ کی مثال
کب ہیولا[۱] ہوتا ہم شکل اثر دانہ کب ہوتا ہے مانند شجر
نان سے نطفہ ہے کب مانند نان ہے بشر نطفہ سے کب ہے اسکی شان
نار سے جن ہووے کب مثل نار ہے بخار اک ابر لانے بخار
اور دم جبرئیلؑ سے عیسیٰ بنا مثل صورت اسکی کب پنہان رہا
خاک سے[۲] آدم ہے کب مانند خاک اور نہیں انگور ہے مانند تاک
مثل جنت کب ہے طاعت پائدار مثل چوری کے ہے کب شکل دار
اصل نے کوئی ہے مانند اثر جانے کب تو اصل رنج و درد سر
پر نہیں بے اصل ہووے یہ جزا بے گنہ کو کب خدا دیوے سزا
اصل ہر شے کھینچے اپنی شی کو ہے گرنہ مثل اُسکے ولی اُس سے وہ ہے
ہے نتیجہ ذلت اُس غم کا ترے تیری ضربونکی بلا شہوت سے ہے
گر نجانے[۳] اس گنہ کو تو بھلا مغفرت چہ جلد ورد کر سدا
سجدہ کر سو بار اور کہہ اے خدا نے یہ غم ہے جز سزا اور سزا
اے تو سبحان پاک از ظلم و ستم کب تو دے بیجرم جان کو درد و غم

سلہ کب ہیولا الخ یہ شعر کب ہیولا ہمشکل اثر کے ہوتا ہے اور کب دانہ مانند شجر کے ہوتا ہے نان سے کب نطفہ مانند نان کے ہے اور بشر کب نطفہ کی شان پر ہے نار سے جن ہے ولیکن کب مانند نار کے ہے ابر ایک بخار ہے ولیکن بخار نہیں ہے دم جبرئیل سے عیسیٰ بنا ہے مگر اسکی مانند کب پوشیدہ رہے یعنی نتیجہ کب فعل کی صورت پر ہوا کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ خاک سے الخ یہ شعر آدم خاک سے ہے مگر خاک کے مانند ہے اور انگور مانند تاک کے نہیں ہے جنت کے مانند کب طاعت پائدار ہے اور مثل چوری کے کب شکل دار ہے کوئی اصل نہیں ہے مانند اثر کے تو کب جانے اصل و رنج و درد سر کی مگر بے اصل یہ جزا نہووے اور بے گناہ کو کب خدا سزا دیوے آگے اسکے حقائق ہیں اصل ہر شی کی اپنی شے کو کھینچتی ہے اگرچہ مثل اُس کے نہیں ہے ولیکن وہ اُس سے ہے اُس غم کا نتیجہ تیری ذلت ہے اور تیری ضربون کی بلا شہوت سے ہے یعنی اصل ہر شے کی اپنی اصل کو اپنی جانب کھینچتی ہے گو نتیجہ ہمشکل اُسکے نہو آگے مناجات ہے فافہم ۱۲۔

سلہ گر نجانے الخ یہ شعر اگر یہ نجانے اس گناہ کو تو جلد مغفرت چاہ رو رو کر ہمیشہ سو بار سجدہ کر اور کہہ کہ اے خدا یہ غم نہیں ہے لائق سزا کے اے تو سبحان پاک ظلم و ستم سے ہے تو بیجرم کے کب درد و غم جان کو دیوے میں تحقیق نہیں جانتا ہوں جرم کو ولیکن غم کو چاہیے جرم سبب کو اعتبار وہ سے پنہان کیا تو جرم کو بھی پوشیدہ رکھ سدا اس جرم سے جرم میرا ظاہر ہوا اور سیاست سے میری چوری ظاہر ہو تو پھر بوٹ توبہ کی طرف تاکہ معلوم ہو اسرار نیاز یعنے آنا غم کا ثبوت جرم ہے کہ بے صدور جرم کے غم نہیں آتا ہے پس حالت غم میں استغفار کرنا چاہیے چنانچہ آگے عفو قصور کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

من مین می ندانم جرم را | لیک هم جرمے بباید کرم را
چون بپوشیدی سبب را ز اعتبار | دائما آن جرم را پوشیده دار
کاین جزا اظہار جرم من بود | در سیاست ذرہ دیم ظاہر شود
باز گردی سوی توبہ شاہ باز | تا شود معلوم اسرار نیاز

مین نہین تحقیق جانون جرم کو | لیک غم کو چاہیے جرم ای نکو
اعتبارون سے سبب پنہان کیا | جرم کو بھی رکھ تو پوشیدہ سدا
اس جزا سے جرم ظاہر ہو ترا | اور سیاست سے مری چوری ہو وا
لوٹ پھر توبہ کی سوای شاہ باز | تاکہ ہو معلوم اسرار نیاز

عزم کردن شاہ چون واقف بران خیانت شد کہ بپوشد و عفو کند و او را بوی دہد و دانست کہ آن فتنہ جزای قصد او بود و ظلم او بر صاحب موصل کہ من اساء فعلیہا و ان ربک لبالمرصاد

ارادہ کرنا شاہ کا کہ جو اُس خیانت سے واقف ہوا چھپائے اور عفو کرے اور وہ اُسکو دے اور جانا کہ وہ فتنہ جزا تھی اُس قصہ و ظلم کی کہ شاہ موصل نے کیا کہ من اساء فعلیہا و ان
جس کسی نے گناہ کیا پس وہ اُسپر ہوا اور تحقیق پروردگار
ربک لبالمرصاد
ترا صاحب گزرگاہ کا ہے ۱۲

شاہ با خود آمد استغفار کرد | یاد جرم و ذلت و اصرار کرد
گفت با خود آنچہ کردم با کسان | شد جزای آن بجان من رسان
قصد جفت دیگران کردم ز جاہ | بر من آمد آن و افتادم بچاہ
من در خانہ کس دیگر زدم | او در خانہ مرا زد لاجرم
ہر کہ با اہل کسان شد فسق جو | اہل خود را دان کہ قواد ست او
زانکہ مثل آن جزائے او شود | چون جزای سیئہ مثلش بود
چون سبب کردی کشیدی سوے خویش | مثل آن را چہ تو دیوثی ز پیش
غصب کردم از شہ موصل کنیز | غصب کردند از من او را زود نیز

ہوش مین شہ[1] آیا استغفار کی | یاد جرم و ذلت و ہٹ کی کری
سوچا خود مین نے کسی سے جو کیا | پہونچی میری جان کو اسکی جزا
دوسرے کے قصد جوڑے کا کیا | آیا وہ مجھپر وہین چہ مین گرا
دوسرے کے در کو مارا مین نے جو | میرے در کو اُسنے مارا جان کر
جو کسی کی اہل سے ہو فسق جو | جان اپنی اہل کا دیوث ہو
کیونکہ مثل اُسکے جزا اسکی ملے | جون جزائے جرم مثل جرم ہے
جو سبب[2] کرکے بلایا اپنی سو | جیسے بچہ دیوث نے مثل اسکے کو
مین نے موصل سے غصب لونڈی کری | کی غصب لونڈی کو جلدی مجھ سے بھی

[1] ہوش مین الخ ۔ شعر شاہ ہوش مین آیا اور استغفار کی اور یاد ذلت و ہٹ کی کرے سوچا کہ جو مین نے خود کیا میری جان کو اسکی سزا پہونچی دوسرے کے جوڑے کا جو قصد کیا وہ مجھپر آیا اور مین چاہ مین جو مین نے دوسرے کے دروازے کو مارا اُس نے میرے دروازہ کو مارا آگے اسکے حقائق ہین جو کسی کی اہل سے فسق جو ہو جانو کہ وہ اپنی اہل کا دیوث ہو کیونکہ اُسکے مانند جزا اسکی ملے جیسے جزا جرم کی مثل جرم کے ہے یعنی جو دوسرے کی اہل پر نظر بد ڈالے گا ضرور اُسکی اہل پر دوسرا ایسا کریگا کہ دنیا جائے مکافات ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [2] جو سبب کرکے الخ ۔ شعر جو سبب کرکے اپنی طرف بلایا جیسے مجھ دیوث نے اُسکے مانند کو مین نے شاہ موصل سے جو لونڈی غصب کی پس مجھ سے بھی لونڈی جلدی غصب کر لی وہ میرا امین و خادم تھا میری خیانت کی اور خائن ہوا وقت کینہ و بدلے کا نہ رہا مین نے م

وان این بن بندۂ لالای من	خائنش کرد آن خیانتہای من
نیست وقت کین گذاری و انتقام	من بہ بست خویش کردم کار خام
گر گشم کینہ ازان میر و حرم	آن تعدی ہم بیاید بر سرم
ہمچنان کین ظلم آمد در جزا	آزمودم باز نزمائم ورا
درد صاحب موصلم گردن شکست	من دگر این را نیارم بر جست
داد حق مان از مکافات آگہی	گفت ان عدتم بہ عدنا
ہر فزونی کردن اینجا سود نیست	غیر صبر و مرحمت محمود نیست
ربنا انا ظلمنا سہو رفت	رحمتی کن لے رحیمیات فرت
عفو کردم تو ہم از من عفو کن	از گناہان نو و جرم کہن
گفت اکنون اے کنیزک وا مگو	این سخن را کہ شنیدم من ز تو
با سدار و بہ کسے عرضہ مکن	آنچہ گفتی ای کنیزک زین سخن
با امیرت جفت خواہم کرد من	اللہ اللہ زین حکایت دم زدن
تا نگردد او ز رویم شرمسار	گو یکے بد کرد و نیکی صد ہزار
بارہا من امتحانش کردہ ام	خوبتر از تو بدو بسپردہ ام
در امانت یافتم او را تمام	این قضای بود کامد والسلام

وہ امین میرا تھا اور خادم مرا	کی خیانت میری اور خائن ہوا
وقت کینہ کا نہ بدلے کا رہا	مین نے اپنے آپ کام ابتر کیا
گر حرم[۱] اور میر سے بدلا مین لون	وہ ستم بھی اپنے اوپر مین رکھون
جیسے یہ ظلم آیا بدلے مین مجھے	آزمایا نازماؤن پھر اُسے
توڑی گردن زرد موصل نے مری	مین نہ پھر بھی لاؤن ایسی خستگی
دی جزا اے حق نے مجکو آگہی	بولا ان عدتم بہ عدنا (اگر پھرے تم ہم بھی تم سے پھرے ۱۲)
ہر تعلی کرنا یان پر سود نے	صبر و رحمت کے سوا محمود نے
ربنا انا ظلمنا سہو تھا (اے رب ہمارے تحقیق ظلم کیا ہم نے ۱۲)	رحم کر تیری رحیمی ہے سوا
مین[۲] نے بخشا تو بھی مجھکو بخشدے	جرم نو سے اور پرانے جرم سے
بولا اے لونڈی تو ظاہر مت کہی	بات یہ مین نے سُنی جو تجھ سے ہے
رکھ خیال اور مت کسی سے کہہ ذرا	بات یہ تجھ سے کہی جو ظاہرا
پہلوان سے مین کرون شادی تری	اللہ اللہ مت کر ایسی دم زنی
تا نہ اُس کو مجھ سے ہو شرمندگی	گو بدی کی ایک و نیکی لاکھ کی
آزمایا اُس کو مین نے بارہا	تجھ سے بہتر کو سپرد اُس کے کیا
پس امانت مین اسے پایا تمام	یہ قضا تھی جو پھنسا وہ والسلام

خواندن خلیفہ پہلوان را و کنیزک را با او عقد کردن

بلانا خلیفہ کا پہلوان کو اور لونڈی کا اُسکے ساتھ نکاح کرنا

پس بخود خواند آن امیر خویش را	گشت در خود چشم قہر اندیش را
پس[۳] بلایا پاس اپنے پہلوان	اور مارا غصہ اپنے مین نہان

۱ گر حرم الخ یہ شعر اگر اس حرم و امیر سے بدلا لون مین وہ ستم بھی اپنے اوپر رکھون جیسے یہ ظلم بدلے مین مجھے پہونچا یا آزمایا اور پھر نہ آزماؤن اُسے شاہ موصل کے درد نے میری گردن توڑی مین ایسی پھر خستگی نہ لاؤن مجکو حق نے جزا سے آگہی دی اور کہا ترجمہ اگر پھرے تم ہم بھی تم سے پھرے ہر ایک تعلی کرنا یہان پر بیفائدہ ہے کہ صبر و رحمت کے سوا محمود نہیں ہے ربنا ظلمنا سہو تھا رحم کر کہ تیری رحیمی سوا ہے یعنی مین نے جو دوسرے پر ظلم کیا اور خیانت کری جلد اسکا بدلا وہ ہی مجکو پہونچا اے رب میرے تو عفو فرما باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ ۲ مین نے بخشا الخ یہ شعر مین نے پہلوان کو بخشا تو بھی مجکو بخشدے نئے و پرانے جرم سے کہا کہ اے لونڈی تو ظاہر مت کہنا یہ بات جو مین نے تجھ سے سُنی یہ خیال رکھ اور کسی سے ذرا مت کہہ کہ یہ بات جو مجھ سے ظاہر کہی ہے مین پہلوان سے تیری شادی کردون اللہ اللہ ایسی تو دم زنی مت کرنا کہ اسکو مجھ سے شرمندگی نہو گو بدی ایک کری اور لاکھ نیکی کری اُسکو مین نے بارہا آزمایا اور تجھ سے بہتر ونکو اُسکے سپرد کیا پس اُسکو امانت مین تمام کیا یہ قضا تھی کہ وہ پھنسا والسلام یعنی کثر تجھ سے سوا حسینونکو اُس پہلوان کے سپرد کیا اور امین پایا اُس سے حرکت ہوئی قضاے آسمانی تھی آگے نکاح لونڈی کا پہلوان کے ساتھ بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ پس بلایا الخ یہ شعر پس اپنے پاس پہلوان کو بلایا اور خود مین غصہ کو پوشیدہ مارا ایک اُس سے بہانہ خوشنما کیا کہ میرا دل لونڈی سے بُرا ہوا اسواسطے کہ اس لونڈی کے رشک سے میرے مادر فرزند نالان ہین اُنپر یہ جور و جفا روا نہین ہے وہ غیرت و رشک سے خون کھاتے ہین اور اس کنیزک سے

کرد ہا او یک بہانہ دلپذیر | کہ شد ستم زین کنیزک بس نفیر
زان سبب کز غیرت و رشک کنیز | مادر و فرزند دارد صد ازیر
مادر فرزند را صد حقہاست | او نہ در خورد چنین جور و جفاست
رشک و غیرت میبرد خون میخورد | زین کنیزک سخت تلخی مے برد
چون کسی را داد خواہم این کنیز | پس ترا اولی ترہست این ای عزیز
کہ تو جانبازی نمودی بہر او | خوش نباشد دادن او را جز بتو
عقد کردش با امیر او را بداد | خشم را و حرص را یکسو نہاد
گر بدش سستی ز نری خران | بود او را مردی پیغمبران
ترک خشم و شہوت و حرص آوری | ہست مردی و رگ پیغمبری

اک کیا اُس سے بہانہ خوشنما | کہ ہوا لونڈی سے میرا دل بُرا
اس لیے کہ اس حرم کے رشک سے | مادرِ فرزند نالان ہین مرے
مادر و فرزند کا حق ہے سوا | نے روا ہے اپنے پہ جور و جفا
خون کھاتے ہین وہ غیرت رشک سے | اس کنیزک سے انھین بس رنج ہے
جو کسی کو دینا چاہون یہ کنیز | تجھ سوا بہتر نہین ہو وہ عزیز
کیونکہ محنت تو نے کی اُسکے لیے | تجھ سوا دینا اُسے نے چاہیے
پہلوان سے پس نکاح اسکا کیا | حرص اور غصہ کو اک جانب رکھا
اسکو سستی تھی پہ نری خران | پہ بھی اُسکو مردی پیغمبران
ترک کرنا خشم و شہوت و رخودی | ہے یہ مردی و رگ پیغمبری

در بیان نخن وتمنا کہ یکے را قوت و شہوت خران دہد و یکے را صفا و صفوت فرشتگان

بیان مین نخن وتمنا کی کہ ایک کو قوت و شہوت خرونکی دیتا ہے اور ایک کو صفا و صفت فرشتونکی

تخمہای کہ شہوتے نہ بود | بر او جز قیامتے نہ بود
سر ز ہوا تافتن از سروری ست | ترک ہوا قوت پیغمبری است
مردی خر گو مباش اندر رگش | حق ہمی داند الغ بنگر بگش
مردہ باشم بہ من حق بنگرد | بہ ازان کہ زندہ باشم دور و رد
مغز مردی این شناس و پوست آن | آن بود دوزخ و این رجنان
حفت الجنۃ مکارہ را رسید | حفت النار از ہوا آمد پدید
ای ایاز نزد شیر دیو کش | مردی خر کم فزون مردی ہش

تخم ایسا کہ نہ ہو شہوت سے | پھل نہ ہو اسکا جز قیامت کے
حرص سے سر پھیرنا ہے سروری | حرص کی رو قوت پیغمبری
خر کی مردی اسکی رگ مین گو نہو | حق اُسے جانے امیر نیک خو
حق مجھے دیکھے زمین مردہ رہون | بہتر اُس سے دور ہو زندہ رہون
مغز اس مردی کہ جان اور پوست دو | وہ ہے دوزخ مین یہ جنت مین نکو
حفت الجنۃ مکارہ آئی ہے (یا گرد جنت کی رنج دنیا ۱۲) | حفت النار آئی ظاہر حرص سے (یا گرد دوزخ کی حرص دنیا ۱۲)
ای ایاز شیر نر او دیو کش | خر کی مردی کم بڑی مردی ہے ہش

سلہ جو کسی کو الخ ۵ شعر جو یہ کنیزک کسی کو دینا چاہون تیرے سوا بہتر نہووے وہ عزیز کیونکہ تو نے محنت اُس کے لیے کری ہے۔ تیرے سوا اسکو نہ دینا چاہیے پس پہلوان سے اُسکا نکاح کیا اور حرص و غصہ کو ایک جانب رکھا مقابل نری خردن کے اسکو سستی تھی ولیکن اُسکو مردی پیغمبرون کی حاصل تھی آگے حقائق ہے خشم و شہوت خودی ترک کرنا یہ مردی و رگ پیغمبری ہے یعنی خلیفہ بغداد کو بمقابلہ پہلوان کے مردی اور شہوت کم تھی مگر مردی پیغمبران کی حاصل تھی کہ اپنی معشوق کو اُس نے باوجود مرغوب طبع کے پہلوان کو عطا کر دی اسی کو رگ پیغمبری کہتے ہین آگے اس مردی پیغمبری کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ خر کی مردی الخ ۵ شعر گو اسکی رگ مین خر کی مردی نہو مگر حق اے امیر نیک جانتا ہے حق مجکو دیکھے اور مین مردہ رہون اس سے بہتر ہے کہ دور ہو زندہ ہون پس اس مردی کو مغز جان اور اُسکو پوست وہ دوزخ مین ہے اور یہ جنت مین ہے ترجمہ باگرد جنت کی رنج دنیا آئی ہے اور باگرد دوزخ کی حرص دنیا آئی ہے اے ایاز شیر نر دیو کش خر کی مردی کم ہے اور مردی ہشیار بڑی ہے یعنی مردی شہوت سے مردی نفس کشی کی برتر ہے چنانچہ اسکی مثال مین حکایت بادشاہ و دنیا گوہر کا واسطے توڑنے کے آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

دادن شاہ گوہر را در بزم بدست وزیر کہ این بہ چند ارزد و مبالغہ کردن وزیر در قیمت و فرمودن شاہ وزیر را کہ این را بشکن و گفتن وزیر کہ این گوہر نفیس چگونہ بشکنم

دینا بادشاہ کا ایک گوہر وزیر کے ہاتھ مین کہ یہ کس قیمت کا ہی اور تعریف کرنا وزیر کا زیادتی قیمت مین اور فرمانا بادشاہ کا وزیر کو کہ اسکو توڑ ڈال اور کہنا وزیر کا کہ اس گوہر کو کیون توڑون مین

آنچہ چندین صد امیرش نکرد ‏ ‏ لعب کودک بود پیشت نیست مرد
اے بدیدہ لذتِ امر مرا ‏ ‏ جان سپردہ بر امرم در وفا
نکتہ از تعظیم امرش آگہی ‏ ‏ این حکایت گوش کن گر داری
داستان او ذوق چاشنیش ‏ ‏ بشنو اکنون در بیان معنویش
گفت روزی شاہ محمودِ غنی ‏ ‏ آن شہِ غزنین و سلطانِ سنی
یک صباحی جانب دیوان شتافت ‏ ‏ جملہ ارکان را در آن دیوان بیافت
گوہرے بیرون کشید او مستتر ‏ ‏ پس نہادش زود بر کف وزیر
گفت چون ست و چہ ارزد این گہر ‏ ‏ گفت بیش از زر دو صد خروار زر
گفت بشکن گفت چونش بشکنم ‏ ‏ نیک خواہِ مخزن و مالت منم
چون روا دارم کہ مثل این گہر ‏ ‏ کہ نباید در بہا گردد ہدر
گفت شاباش و بدادش خلعتے ‏ ‏ گوہر از وی بستد آن شاہِ فتی

اتنے اُمرانے نہین جانا اُسے ‏ ‏ تونے جانا کھیل اُسے تو مرد ہے
دیکھی لذت تونے میرے حکم کی ‏ ‏ اور وفای حکم مین بس جان دی
حکم کی تعظیم جانے اسکی تو ‏ ‏ یہ حکایت سُن اگر عاشق ہی تو
داستانِ حکم و ذوقِ چاشنی ‏ ‏ سُن تو اب اسکا بیان معنوی
بولا اک دن شاہ محمودِ غنی ‏ ‏ وہ شہِ غزنین سلطانِ سخی
صبح کو اک دن گیا دربار مین ‏ ‏ پایا اُمرا کو کھڑا دربار مین
پس نکالا اُسنے اک روشن گہر ‏ ‏ اور وزیر اپنے کے رکھا ہاتھ پر
بولا کیا قیمت رکھے ہی یہ گہر ‏ ‏ بولا ارزان ہی بصد خروار زر
بولا توڑ اسکو کہا توڑون مین کیون ‏ ‏ خیر خواہِ گنج و دولت خواہ ہون
کب روا رکھون کہ مثل اُسکے گہر ‏ ‏ نے رکھے قیمت ہو یہ ضایع مگر
بولا شاباش اور دیا خلعت اُسے ‏ ‏ گوہر اُس سے لے لیا اُس شاہ نے

سلہ اتنے اُمرانے الخ یہ شعر اتنے امیرون نے اُسے نہ جانا اور تونے اُسے کھیل جانا پس تو مرد ہے تونے لذت دیکھی میرے حکم کی اور وفاے حکم مین جان دی اُس کے حکم کی تعظیم تو جانتا ہے یہ حکایت سُن اگر عاشق تو ہے داستان حکم اور ذوق چاشنی کا اب تو سُن اسکی معنوی کا بیان ہے یعنی تعمیل حکم مالک کے معنے کی لذت اور ہی چیز ہے کہ ہر ایک اُس سے ماہر نہین ہے آگے اُسکا بیان ہی فافہم ۱۲

سکہ بولا الخ یہ شعر ایک دن بادشاہ محمود نے کہا کہ وہ اُس شاہ غزنین و سلطان سخی نے ایک روز صبح کو دربار مین گیا اور اُمرا کو دربار مین کھڑا پایا اُس نے ایک گوہر روشن نکالا اور اپنے وزیر کے ہاتھ پر رکھا فرمایا کہ یہ گوہر کیا قیمت رکھتا ہے کہا کہ سیکڑون خروار زر سے ارزان ہے فرمایا اسکو توڑ کہا کہ مین کیون توڑون کہ خیر خواہ گنج دولت خواہ مین ہون مین کب روا رکھون کہ اُسکے مانند گوہر قیمت نہ رکھے اور یہ ضایع ہو فرمایا شاباش اور خلعت اُسے دیا اور شاہ نے وہ گوہر اُس سے لے لیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

کرد ایثار وزیر آن شہ زجود ۔ ہر لباس و خلعہ کو پوشیدہ بود
ساعتی شان کرد مشغول سخن ۔ از قضیہ تازہ و سترِ کہن
بعد ازان دادش بدستِ حاجبے ۔ گرچہ ارزد این بدستِ طالبے
گفت ارزد این بہ نیمہ مملکت ۔ حافظش بادا خدا از مہلکت
گفت بشکن گفت اے خورشید تیغ ۔ بس دریغت این شکستن بس دریغ
قیمتش بگذار بین تاب و لمع ۔ کہ شدہ است این نورِ روز اورا تبع
دست کے جنبد مرا در کسرِ او ۔ کہ خزانہ شاہ را باشم عدو
شاہ خلعت دادو ادرارش فزود ۔ پس دہان در مدحِ عقل او کشود
بعد یک ساعت بدستِ میر داد ۔ دُر را آن امتحان کن باز داد
او ہمہ گفت و ہمہ میران ہمین ۔ ہر یکے را خلعتے دادہ ثمین
جامگیہا شان ہمی افزود شاہ ۔ آن خسیسان را بہ بُرد از رہ بچاہ
ہمچنین گفتند پنجہ شصت میر ۔ جملگان یک یک بتقلیدِ وزیر
گرچہ تقلید ست استونِ جہان ۔ ہست رسوا ہر مقلد ز امتحان
شاہ چون کرد امتحانِ جملگان ۔ مال و خلعت بُرد ہر یک بیکران
ہمچنان در دور گردان شد گہر ۔ تا بدستِ آن ایاز دیدہ ور
آخرین بنہاد در کفِ ایاز ۔ گفت اور اکای حریفِ دیدہ باز
یک بیک دیدند این گوہر تو ہم ۔ در شعاعش در نگر اے محترم

اُس[1] وزیر اپنے کو شہ نے بس دیا ۔ زیور و ملبوس پہنے جو کہ تھا
اک گھڑی مشغول باتونمین کیا ۔ اُنکو کہہ کر قصہ کہنہ نیا
بعدہٗ حاجب کے رکھا ہاتھ پہ ۔ کہ یہ طالب پاس کیا قیمت کی
بولا قیمت اسکی آدھا ملک ہے ۔ رکھے محفوظ آفتون سے حق اُسے
بولا توڑ اسکو کہا اے مہر تیغ ۔ توڑنا اسکا دریغ اور بس دریغ
چھوڑ[2] قیمت دیکھ اُسکی تاب کو ۔ نور دن تابع ہوا اسکا اے نکو
ہاتھ اُٹھے کب توڑنے کو بس مرا ۔ مین نہ دشمن ہون خزانہ شاہ کا
شہ نے خلعت دی کری تنخواہ سوا ۔ عقل کی اُسکی کری مدح و ثنا
بعدہٗ دُر رکھا دستِ میر پہ ۔ کہ تو اسکا امتحان کر بیشتر
اُسنے اور میرون نے سب وہی کہا ۔ قیمتی خلعت ہر اک کو بس دیا
اُنکی تنخواہ کی زیادہ شاہ نے ۔ چاہ مین ڈالا اُنھین بس راہ سے
ایسے ہی بولے پچاس اور ساٹھ میر ۔ اور کری ہر اک نے تقلیدِ وزیر
گرچہ[3] تقلید اک ستون اندر جہان ۔ ہے مقلد طعنہ خور از امتحان
امتحان جو شاہ نے سب کا کیا ۔ مال و خلعت خوب ہر اک نے لیا
دور وہ گوہر یونہین کرتا ہوا ۔ آخر آیا تا ایازِ باوفا
ہاتھ پر رکھا ایازِ پاک کے ۔ اور کہا اسکو کہ اے جانی مرے
دیکھا ہر اک نے وہ تو بھی یہ گہر ۔ دیکھ اور اُسکی شعاع پر کر نظر

[1] اُس وزیر الخ ۵ شعر شاہ نے اُس وزیر اپنے کو دیا زیور و ملبوس جو کہ پہنا تھا ایک گھڑی باتون مین مشغول کیا قصہ پرانا و نیا کہہ کر بعدہ حاجب کے ہاتھ پر رکھا کہ یہ خواہندہ کے نزدیک کیا قیمت رکھتا ہے کہا اسکی قیمت آدھا ملک ہے کہ حق اسکو آفتون سے محفوظ رکھے فرمایا اُسکو توڑ کہا اے خورشید تیغ اسکا توڑنا وا افسوس و بس افسوس ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

